سو تم اپنے حصے سے فائدہ اٹھالو، جیسے انہوں نے اپنے حصے سے فائدہ اٹھایا جو تم سے پہلے تھے، اور تم (بُری باتوں میں) گھسے

كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

كَالَّذِيْ	خَاضُوْا	اُولٰٓئِكَ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
جیسے وہ	گھسے	وہی لوگ	اکارت گئے	ان کے عمل (جمع)	دنیا میں	اور آخرت	اور وہی لوگ	وہ

جیسے وہ گھسے تھے وہی لوگ ہیں جن کے عمل دنیا اور آخرت میں اکارت گئے ، اور وہی لوگ ہیں

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ

الْخٰسِرُوْنَ	اَلَمْ يَاْتِهِمْ	نَبَاُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	قَوْمِ نُوْحٍ	وَّعَادٍ
خسارہ اٹھانے والے	کیا ان تک نہ آئی	خبر	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	قوم نوح	اور عاد

خسارہ اٹھانے والے کیا اُن تک ان لوگوں کی خبر نہ آئی (نہ پہنچی) جو ان سے پہلے تھے ، قوم نوح اور عاد

وَثَمُودَ ۙ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

وَثَمُوْدَ	وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ	وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ	وَالْمُؤْتَفِكٰتِ	اَتَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ
اور ثمود	اور قوم ابراہیمؑ	اور مدین والے	اور الٹی ہوئی بستیاں	ان کے پاس آئے	ان کے رسول (جمع)

اور ثمود، اور قوم ابراہیمؑ اور مدین والے، اور وہ بستیاں جو الٹ دی گئیں، ان کے پاس ان کے رسول آئے

بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۷۰ وَ

بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيَظْلِمَهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَ
واضح احکام و دلائل کے ساتھ	سو نہیں	تھا	اللہ	کہ وہ ان پر ظلم کرتا	لیکن	وہ تھے	اپنے اوپر	ظلم کرتے	اور

واضح احکام و دلائل کے ساتھ، سو اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا، لیکن وہ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے ۔ اور

الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

الْمُؤْمِنُوْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتُ	بَعْضُهُمْ	اَوْلِيَآءُ	بَعْضٍ	يَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ
مومن مرد (جمع)	اور مومن عورتیں (جمع)	ان میں سے بعض	رفیق (جمع)	بعض	وہ حکم دیتے ہیں	بھلائی کا

مومن مرد اور مومن عورتیں ان میں سے بعض، بعض کے (ایک دوسرے کے) رفیق ہیں، وہ بھلائی کا حکم دیتے ہیں،

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

وَيَنْهَوْنَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ	وَيُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ
اور روکتے ہیں	سے	برائی	اور وہ قائم کرتے ہیں	نماز	اور ادا کرتے ہیں	زکوٰۃ

اور برائی سے روکتے ہیں، اور وہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں

وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

وَيُطِيْعُوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	اُولٰٓئِكَ	سَيَرْحَمُهُمُ	اللّٰهُ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ
اور اطاعت کرتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسول	وہی لوگ	کہ ان پر رحم کرے گا	اللہ	بیشک	اللہ	غالب

اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں، وہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا، بیشک اللہ غالب

حَكِيْمٌ ۝۷۱ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

حَكِيْمٌ	وَعَدَ	اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
حکمت والا	وعدہ دیا	اللہ	مومن مرد (جمع)	اور مومن عورتیں (جمع)	جنتیں	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں

حکمت والا ہے ۔ اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے جنتوں کا وعدہ کیا ہے، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں

خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَ مَسٰكِنَ طَیِّبَةً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَ رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ

خٰلِدِیْنَ	فِیْهَا	وَ مَسٰكِنَ	طَیِّبَةً	فِیْ	جَنّٰتِ عَدْنٍ	وَ رِضْوَانٌ	مِّنَ	اللّٰهِ	اَكْبَرُ
ہمیشہ رہیں گے	ان میں	اور مکانات	پاکیزہ	میں	ہمیشہ رہنے کے باغات	اور خوشنودی	سے	اللہ	سب سے بڑی

ان میں ہمیشہ رہیں گے، اور پاکیزہ مکانات ہمیشہ رہنے کے باغات میں، اور اللہ کی خوشنودی سب سے بڑی بات ہے'

۹ ع ۶ ۱۵

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝۷۲ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَ الْمُنٰفِقِیْنَ

ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِیْمُ	یٰۤاَیُّهَا	النَّبِیُّ	جَاهِدِ	الْكُفَّارَ	وَ الْمُنٰفِقِیْنَ
یہ	وہ	کامیابی	بڑی	اے	نبی ؐ	جہاد کریں	کافر (جمع)	اور منافقین

یہ بڑی کامیابی ہے۔ اے نبی ؐ! آپ کافروں اور منافقوں سے جہاد کریں،

وَ اغْلُظْ عَلَیْهِمْ ؕ وَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِیْرُ ۝۷۳ یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ

وَ	اغْلُظْ	عَلَیْهِمْ	وَ مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَ بِئْسَ	الْمَصِیْرُ	یَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ
اور	سختی کریں	اُن پر	اور ان کا ٹھکانہ	جہنم	اور بُری	پلٹنے کی جگہ	وہ قسمیں کھاتے ہیں	اللہ کی

اور اُن پر سختی کریں، اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے، اور وہ پلٹنے کی بُری جگہ ہے۔ وہ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں

مَا قَالُوْا ؕ وَ لَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَ هَمُّوْا

مَا قَالُوْا	وَ لَقَدْ قَالُوْا	كَلِمَةَ الْكُفْرِ	وَ كَفَرُوْا	بَعْدَ	اِسْلَامِهِمْ	وَ هَمُّوْا
نہیں انہوں نے کہا	حالانکہ ضرور انہوں نے کہا	کفر کا کلمہ	اور اُنہوں نے کفر کیا	بعد	ان کا (اپنا) اسلام	اور قصد کیا اُنہوں نے

کہ اُنہوں نے نہیں کہا، حالانکہ انہوں نے ضرور کفر کا کلمہ کہا، اور اپنے اسلام (لانے کے) بعد انہوں نے کفر کیا، اور اُنہوں نے (اس چیز کا) قصد کیا

بِمَا لَمْ یَنَالُوْا ۚ وَ مَا نَقَمُوْۤا اِلَّاۤ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ

بِمَا	لَمْ یَنَالُوْا	وَ	مَا نَقَمُوْۤا	اِلَّاۤ	اَنْ	اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ	وَ رَسُوْلُهٗ	مِنْ	فَضْلِهٖ
اس کا جو	انہیں نہ ملی	اور	انہوں نے بدلہ نہ دیا	مگر	یہ کہ	اُنہیں غنی کر دیا اللہ	اور اس کا رسول	سے	اپنا فضل

جو انہیں نہ ملی، اور انہوں نے بدلہ نہ دیا مگر (صرف اس بات کا) کہ اللہ اور اس کے رسول ؐ نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا'

فَاِنْ یَّتُوْبُوْا یَكُ خَیْرًا لَّهُمْ ۚ وَ اِنْ یَّتَوَلَّوْا یُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِیْمًا ۙ

فَاِنْ	یَّتُوْبُوْا	یَكُ	خَیْرًا	لَّهُمْ	وَ اِنْ	یَّتَوَلَّوْا	یُعَذِّبْهُمُ	اللّٰهُ	عَذَابًا	اَلِیْمًا
سو اگر	وہ توبہ کر لیں	ہوگا	بہتر	انکے لئے	اور اگر	وہ پھر جائیں	عذاب دے گا انہیں	اللہ	عذاب	دردناک

سو اگر وہ توبہ کر لیں تو ان کے لئے بہتر ہوگا، اور اگر وہ پھر جائیں تو اللہ انہیں دردناک عذاب دے گا،

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٧٤﴾

فِي	الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَمَا	لَهُمْ	فِي الْاَرْضِ	مِنْ	وَّلِيٍّ	وَّلَا	نَصِيْرٍ
میں	دنیا	اور آخرت	اور نہیں	ان کے لئے	زمین میں	کوئی	حمایتی	اور نہ	کوئی مددگار

دنیا میں اور آخرت میں اور ان کے لئے نہ ہوگا زمین میں کوئی حمایتی، اور نہ مددگار۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ

وَمِنْهُمْ	مَّنْ	عٰهَدَ اللّٰهَ	لَئِنْ	اٰتٰىنَا	مِنْ	فَضْلِهٖ	لَنَصَّدَّقَنَّ	وَلَنَكُوْنَنَّ
اور ان سے	جو	عہد کیا اللہ سے	البتہ اگر	ہمیں دے وہ	سے	اپنا فضل	ضرور صدقہ دیں ہم	اور ہم ضرور ہو جائیں گے

اور ان میں سے (بعض وہ ہیں) جنہوں نے اللہ سے عہد کیا کہ اگر وہ ہمیں اپنے فضل سے دے تو ہم ضرور صدقہ دینگے اور ہم ضرور ہو جائیں گے

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ

مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	فَلَمَّآ	اٰتٰىهُمْ	مِّنْ	فَضْلِهٖ	بَخِلُوْا	بِهٖ	وَتَوَلَّوْا	وَّهُمْ
سے	صالح (جمع)	پھر جب	اس نے دیا انہیں	سے	اپنا فضل	انہوں نے بخل کیا	اس میں	اور پھر گئے	اور وہ

صالحین (نیکوکاروں) میں سے۔ پھر جب اس نے انہیں اپنے فضل سے دیا تو انہوں نے اس میں بخل کیا اور وہ پھر گئے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ

مُّعْرِضُوْنَ	فَاَعْقَبَهُمْ	نِفَاقًا	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	اِلٰى	يَوْمِ	يَلْقَوْنَهٗ	بِمَآ
روگردانی کرنے والے ہیں	تو اس نے ان کا انجام کار کیا	نفاق	میں	ان کے دل	تک	اس روز	وہ اس سے ملیں گے	کیونکہ

وہ روگردانی کرنے والے ہیں۔ تو (اللہ نے) اس کا انجام کار ان کے دلوں میں نفاق رکھ دیا روز (قیامت) تک کہ وہ اس سے ملیں گے، کیونکہ

اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿٧٧﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ

اَخْلَفُوا	اللّٰهَ	مَا	وَعَدُوْهُ	وَبِمَا	كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ	اَلَمْ	يَعْلَمُوْٓا	اَنَّ
انہوں نے خلاف کیا	اللہ	جو	اس سے انہوں نے وعدہ کیا	اور کیونکہ	وہ جھوٹ بولتے تھے	کیا نہیں	وہ جانتے	کہ

انہوں نے جو اللہ سے وعدہ کیا تھا اس کے خلاف کیا، اور کیونکہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔ کیا وہ نہیں جانتے؟ کہ

اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿٧٨﴾

اللّٰهَ	يَعْلَمُ	سِرَّهُمْ	وَنَجْوٰىهُمْ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	عَلَّامُ	الْغُيُوْبِ
اللہ	جانتا ہے	ان کے بھید	اور ان کی سرگوشی	اور	یہ کہ	اللہ	خوب جاننے والا	غیب کی باتیں

اللہ ان کے بھید اور ان کی سرگوشیوں کو جانتا ہے، اور یہ کہ اللہ غیب کی باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَ

اَلَّذِيْنَ	يَلْمِزُوْنَ	الْمُطَّوِّعِيْنَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	فِي	الصَّدَقٰتِ	وَ
وہ لوگ جو	عیب لگاتے ہیں	خوشی سے کرتے ہیں	سے (جو)	مومن (جمع)	میں	صدقہ (جمع) خیرات	اور

وہ لوگ جو اُن مومنوں پر عیب لگاتے ہیں، جو خوشی سے خیرات کرتے ہیں، اور

الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ۭ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ

الَّذِيْنَ	لَا يَجِدُوْنَ	اِلَّا	جُهْدَهُمْ	فَيَسْخَرُوْنَ	مِنْهُمْ	سَخِرَ	اللّٰهُ	مِنْهُمْ
وہ لوگ جو	نہیں پاتے	مگر	اپنی محنت	وہ مذاق کرتے ہیں	ان سے	مذاق (کا جواب) دیا	اللہ	اُن سے

اور وہ لوگ جو نہیں پاتے مگر اپنی محنت (کا صلہ) وہ (منافق) ان سے مذاق کرتے ہیں، اللہ نے ان کے مذاق (کا جواب) دیا۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٩﴾ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۭ اِنْ

وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	اِسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	اَوْ	لَا تَسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	اِنْ
اور ان کے لئے	عذاب	دردناک	تو بخشش مانگ	ان کے لئے	یا	بخشش نہ مانگ	ان کے لئے	اگر

اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ آپؐ اُن کے لئے بخشش مانگیں یا ان کے لئے بخشش نہ مانگیں (برابر ہے) اگر

تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

تَسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	سَبْعِيْنَ	مَرَّةً	فَلَنْ يَّغْفِرَ	اللّٰهُ	لَهُمْ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ
آپؐ بخشش مانگیں	ان کے لئے	ستر (۷۰)	بار	تو ہرگز نہ بخشے گا	اللہ	ان کو	یہ	کیونکہ وہ

آپؐ ان کے لئے ستر بار (بھی) بخشش مانگیں اللہ انہیں ہرگز نہ بخشے گا، یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے

١٠ ع ٨ ١٦

كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٨٠﴾

كَفَرُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَ	اللّٰهُ	لَا يَهْدِيْ	الْقَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ
انہوں نے کفر کیا	اللہ سے	اور اس کا رسول	اور	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	نافرمان (جمع)

اللہ اور اس کے رسولؐ سے کفر کیا، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا

فَرِحَ	الْمُخَلَّفُوْنَ	بِمَقْعَدِهِمْ	خِلٰفَ	رَسُوْلِ	اللّٰهِ	وَكَرِهُوْٓا	اَنْ	يُّجَاهِدُوْا
خوش ہوئے	پیچھے رہنے والے	اپنے بیٹھ رہنے سے	خلاف (پیچھے)	رسول	اللہ	اور انہوں نے ناپسند کیا	کہ	وہ جہاد کریں

پیچھے رہ جانے والے رسولؐ کے پیچھے اپنے بیٹھ رہنے سے خوش ہوئے، اور انہوں نے ناپسند کیا کہ وہ جہاد کریں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ۭ قُلْ

بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَقَالُوْا	لَا تَنْفِرُوْا	فِي الْحَرِّ	قُلْ
اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	میں	اللہ کی راہ	اور انہوں نے کہا	نہ کوچ کرو	گرمی میں	آپ کہہ دیں

اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں، اور انہوں نے کہا گرمی میں کوچ نہ کرو، آپ کہہ دیں

نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۭ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ۝۸۱ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّ

نَارُ جَهَنَّمَ	اَشَدُّ	حَرًّا	لَوْ	كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ	فَلْيَضْحَكُوْا	قَلِيْلًا	وَ
جہنم کی آگ	سب سے زیادہ	گرمی میں	کاش	وہ سمجھ رکھتے	چاہیے وہ ہنسیں	تھوڑا	اور

جہنم کی آگ گرمی میں سب سے زیادہ ہے، کاش وہ سمجھ سکتے ۔ چاہیے کہ وہ ہنسیں تھوڑا اور

يَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۸۲ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَاۗىِٕفَةٍ

يَبْكُوْا	كَثِيْرًا	جَزَاۗءً	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	فَاِنْ	رَجَعَكَ	اللّٰهُ	اِلٰى	طَاۗىِٕفَةٍ
روئیں	زیادہ	بدلہ	اس کا جو	وہ کماتے تھے	پھر اگر	وہ آپکو واپس لے جائے	اللہ	طرف	کسی گروہ

روئیں زیادہ، یہ اس کا بدلہ ہے جو وہ کماتے تھے ۔ پھر اگر اللہ آپ کو کسی گروہ کی طرف واپس لے جائے

مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا

مِنْهُمْ	فَاسْتَاْذَنُوْكَ	لِلْخُرُوْجِ	فَقُلْ	لَنْ تَخْرُجُوْا	مَعِيَ	اَبَدًا	وَ	لَنْ تُقَاتِلُوْا
ان سے	پھر وہ آپ سے اجازت مانگیں	نکلنے کے لئے	تو آپ کہدیں	تم ہرگز نہ نکلو گے	میرے ساتھ	کبھی بھی	اور	ہرگز نہ لڑو گے

ان میں سے، پھر وہ آپ سے (جہاد کے لئے) نکلنے کی اجازت مانگیں تو آپ کہہ دیں تم میرے ساتھ کبھی بھی ہرگز نہ نکلو گے، اور ہرگز نہ لڑو گے

مَعِيَ عَدُوًّا ۭ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ۝۸۳

مَعِيَ	عَدُوًّا	اِنَّكُمْ	رَضِيْتُمْ	بِالْقُعُوْدِ	اَوَّلَ	مَرَّةٍ	فَاقْعُدُوْا	مَعَ	الْخٰلِفِيْنَ
میرے ساتھ	دشمن	بیشک تم	تم نے پسند کیا	بیٹھ رہنے کو	پہلی	بار	سو تم بیٹھو	ساتھ	پیچھے رہ جانے والے

دشمن سے میرے ساتھ (مل کر)، بیشک تم نے پہلی بار بیٹھ رہنے کو پسند کیا، سو تم پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ بیٹھو ۔

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓي اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰي قَبْرِهٖ ۭ اِنَّهُمْ

وَلَا تُصَلِّ	عَلٰى	اَحَدٍ	مِنْهُمْ	مَاتَ	اَبَدًا	وَلَا تَقُمْ	عَلٰى	قَبْرِهٖ	اِنَّهُمْ
اور نہ پڑھنا نماز	پر	کوئی	ان سے	مر گیا	کبھی	اور نہ کھڑے ہونا	پر	اس کی قبر	بیشک وہ

ان میں سے کوئی مر جائے تو کبھی اس پر نمازِ (جنازہ) نہ پڑھنا، اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا، بے شک

كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَلَا تُعْجِبْكَ

كَفَرُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَمَاتُوْا	وَهُمْ	فٰسِقُوْنَ	وَلَا تُعْجِبْكَ
انہوں نے کفر کیا	اللہ سے	اور اس کا رسول	اور وہ مرے	جبکہ وہ	نافرمان	اور آپؐ کو تعجب میں نہ ڈالیں

انہوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ سے کفر کیا، اور وہ (اس حال میں) مرے جبکہ وہ نافرمان تھے۔ اور آپؐ کو تعجب میں نہ ڈالیں

اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الدُّنْيَا

اَمْوَالُهُمْ	وَاَوْلَادُهُمْ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَنْ	يُعَذِّبَهُمْ	بِهَا	فِى الدُّنْيَا
ان کے مال	اور ان کی اولاد	صرف	چاہتا ہے	اللہ	کہ	انہیں عذاب دے	اس سے	دنیا میں

ان کے مال اور ان کی اولاد، اللہ تو صرف یہ چاہتا ہے کہ اُنہیں اس سے دنیا میں عذاب دے،

وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

وَتَزْهَقَ	اَنْفُسُهُمْ	وَهُمْ	كٰفِرُوْنَ	وَاِذَآ	اُنْزِلَتْ	سُوْرَةٌ	اَنْ	اٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ
اور نکلیں	ان کی جانیں	جبکہ وہ	کافر ہوں	اور جب	نازل کی جاتی ہے	کوئی سورت	کہ	ایمان لاؤ	اللہ پر

اور (اس حال میں) اُن کی جانیں نکلیں جبکہ وہ کافر ہوں۔ اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ

وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا

وَجَاهِدُوْا	مَعَ	رَسُوْلِهِ	اسْتَاْذَنَكَ	اُولُوا الطَّوْلِ	مِنْهُمْ	وَقَالُوْا	ذَرْنَا
اور جہاد کرو	ساتھ	اس کا رسول	آپؐ سے اجازت چاہتے ہیں	مقدور والے	ان سے	اور کہتے ہیں	چھوڑ دے ہمیں

اور اس کے رسولؐ کے ساتھ (مل کر) جہاد کرو تو ان میں سے مقدور والے آپؐ سے اجازت چاہتے ہیں، اور کہتے ہیں، ہمیں چھوڑ دے

نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿٨٦﴾ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى

نَكُنْ	مَعَ	الْقٰعِدِيْنَ	رَضُوْا	بِاَنْ	يَكُوْنُوْا	مَعَ	الْخَوَالِفِ	وَطُبِعَ	عَلٰى
ہم ہو جائیں	ساتھ	بیٹھ رہ جانے والے	وہ راضی ہوئے	کہ وہ	ہو جائیں	ساتھ	پیچھے رہ جانے والی عورتیں	اور مہر لگ گئی	پر

کہ ہم بیٹھ رہ جانے والوں کے ساتھ ہو جائیں۔ وہ راضی ہوئے کہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں کے ساتھ ہو جائیں، اور مہر لگ گئی

قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨٧﴾ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

قُلُوْبِهِمْ	فَهُمْ	لَا يَفْقَهُوْنَ	لٰكِنِ	الرَّسُوْلُ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ
ان کے دل	سو وہ	سمجھتے نہیں	لیکن	رسول	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اس کے ساتھ

ان کے دلوں پر، سو وہ سمجھتے نہیں۔ لیکن رسولؐ اور وہ لوگ جو اُن کے ساتھ ایمان لائے

جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۡ وَاُولٰۗىِٕكَ

جٰهَدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	وَاُولٰۗىِٕكَ	لَهُمُ	الْخَيْرٰتُ	وَاُولٰۗىِٕكَ
انہوں نے جہاد کیا	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	اور وہی لوگ	ان کے لئے	بھلائیاں	اور یہی لوگ

انہوں نے اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کیا، اور انہی لوگوں کے لئے بھلائیاں ہیں، اور یہی لوگ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۸۸ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	اَعَدَّ	اللّٰهُ	لَهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
وہ	فلاح پانے والے	تیار کیا	اللہ	ان کے لئے	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں

فلاح (دو جہان کی کامیابی) پانے والے ہیں۔ اللہ نے ان کے لئے باغات تیار کئے ہیں، ان کے نیچے نہریں جاری ہیں

۱۱ ع ۹ ۱۷

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۸۹ وَجَاۗءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	وَجَاۗءَ	الْمُعَذِّرُوْنَ	مِنَ	الْاَعْرَابِ
ہمیشہ رہیں گے	ان میں	یہ	کامیابی	بڑی	اور آئے	بہانہ بنانے والے	سے	دیہاتی (جمع)

وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور دیہاتیوں میں سے بہانہ بنانے والے آئے

لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ

لِيُؤْذَنَ	لَهُمْ	وَقَعَدَ	الَّذِيْنَ	كَذَبُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	سَيُصِيْبُ	الَّذِيْنَ
کہ رخصت دی جائے	ان کو	بیٹھ رہے	وہ لوگ جو	جھوٹ بولا	اللہ	اور اس کا رسول	عنقریب پہنچے گا	وہ لوگ جو

کہ ان کو رخصت دی جائے، اور وہ لوگ بیٹھ رہے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جھوٹ بولا، عنقریب پہنچے گا

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۹۰ لَيْسَ عَلَي الضُّعَفَاۗءِ وَلَا عَلَي الْمَرْضٰى

كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	لَيْسَ	عَلَي	الضُّعَفَاۗءِ	وَلَا	عَلَي	الْمَرْضٰى
انہوں نے کفر کیا	ان سے	عذاب	دردناک	نہیں	پر	ضعیف (جمع)	اور نہ	پر	مریض (جمع)

ان لوگوں کو دردناک عذاب جنہوں نے کفر کیا۔ نہیں ضعیفوں پر، اور نہ مریضوں پر،

وَلَا عَلَي الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَ

وَلَا	عَلَي	الَّذِيْنَ	لَا يَجِدُوْنَ	مَا	يُنْفِقُوْنَ	حَرَجٌ	اِذَا	نَصَحُوْا	لِلّٰهِ	وَ
اور نہ	پر	وہ لوگ جو	نہیں پاتے	جو	وہ خرچ کریں	کوئی حرج	جب	وہ خیر خواہ ہوں	اللہ کیلئے	اور

اور نہ ان لوگوں پر جو نہیں پاتے کہ وہ خرچ کریں کوئی حرج، جبکہ وہ خیر خواہ ہوں اللہ کے لئے اور

رَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾ ۙ

رَسُوْلِهٖ	مَا	عَلَى	الْمُحْسِنِيْنَ	مِنْ سَبِيْلٍ	وَ اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اس کا رسول	نہیں	پر	نیکی کرنے والے	کوئی راہ (الزام)	اور اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

اس کے رسول کے، نیکی کرنے والوں پر کوئی الزام نہیں، اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ

وَ لَا	عَلَى	الَّذِيْنَ	اِذَا	مَا اَتَوْكَ	لِتَحْمِلَهُمْ	قُلْتَ	لَآ اَجِدُ	مَآ اَحْمِلُكُمْ	عَلَيْهِ
اور نہ	پر	وہ لوگ جو	جب	جب آپکے پاس آئے	تاکہ آپ انہیں سواری دیں	آپ نے کہا	میں نہیں پاتا	تمہیں سوار کروں میں	اس پر

اور نہ ان لوگوں پر (کوئی حرج ہے) کہ جب آپ کے پاس آئے کہ آپ انہیں سواری دیں، تو آپ نے کہا کہ (کوئی سواری) نہیں کہ اس پر تمہیں سوار کردوں،

تَوَلَّوْا وَّ اَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ ؕ

تَوَلَّوْا	وَ	اَعْيُنُهُمْ	تَفِيْضُ	مِنَ	الدَّمْعِ	حَزَنًا	اَلَّا يَجِدُوْا	مَا	يُنْفِقُوْنَ
وہ لوٹے	اور	ان کی آنکھیں	بہہ رہی ہیں	سے	آنسو (جمع)	غم سے	کہ وہ نہیں پاتے	جو	وہ خرچ کریں

تو وہ (اس حال میں) لوٹے اور غم سے ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے، کہ وہ کچھ نہیں پاتے جو وہ خرچ کر سکیں۔

اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا

اِنَّمَا	السَّبِيْلُ	عَلَى	الَّذِيْنَ	يَسْتَاْذِنُوْنَكَ	وَهُمْ	اَغْنِيَآءُ	رَضُوْا	بِاَنْ	يَّكُوْنُوْا
اسکے سوا نہیں (صرف)	راستہ (الزام)	پر	وہ لوگ جو	آپ سے اجازت چاہتے ہیں	اور وہ	غنی (جمع)	وہ خوش ہوئے	کہ	وہ ہو جائیں

الزام صرف ان لوگوں پر ہے جو آپ سے اجازت چاہتے ہیں اور وہ غنی (مالدار) ہیں، وہ اس سے خوش ہوئے کہ وہ رہ جائیں

مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾

مَعَ	الْخَوَالِفِ	وَطَبَعَ	اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	فَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
ساتھ	پیچھے رہ جانیوالی عورتیں	اور مہر لگادی	اللہ	پر	ان کے دل	سو وہ	نہیں جانتے

پیچھے رہ جانے والی عورتوں کے ساتھ، اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی، سو وہ کچھ نہیں جانتے۔

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ۭ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

يَعْتَذِرُوْنَ	اِلَيْكُمْ	اِذَا	رَجَعْتُمْ	اِلَيْهِمْ	قُلْ	لَّا تَعْتَذِرُوْا	لَنْ نُّؤْمِنَ
عذر لائیں گے	تمہارے پاس	جب	تم لوٹ کر جاؤ گے	ان کی طرف	آپ کہہ دیں	عُذر نہ کرو	ہرگز ہم یقین نہ کریں گے

جب تم اُن کی طرف لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے پاس عُذر لائیں گے۔ آپ کہہ دیں عُذر نہ کرو، ہم ہرگز یقین نہ کریں گے

لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ۭ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ

لَكُمْ	قَدْ نَبَّاَنَا	اللّٰهُ	مِنْ اَخْبَارِكُمْ	وَ	سَيَرَى	اللّٰهُ	عَمَلَكُمْ	وَرَسُوْلُهٗ	ثُمَّ
تمہارا	ہمیں بتا چکا ہے	اللہ	تمہاری سب خبریں (حالات)	اور	ابھی دیکھے گا	اللہ	تمہارے عمل	اور اس کا رسول	پھر

تمہارا، اللہ ہمیں تمہاری سب خبریں بتا چکا ہے، اور ابھی اللہ اور اس کا رسولؐ تمہارے عمل دیکھے گا، پھر

تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٤﴾

تُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عٰلِمِ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
تم لوٹائے جاؤ گے	طرف	جاننے والا	پوشیدہ	اور ظاہر	پھر وہ تمہیں جتا دے گا	وہ جو	تم کرتے تھے

تم پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے، پھر وہ تمہیں جتا دے گا تم جو کرتے تھے۔

سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ

سَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	لَكُمْ	اِذَا	انْقَلَبْتُمْ	اِلَيْهِمْ	لِتُعْرِضُوْا	عَنْهُمْ	فَاَعْرِضُوْا	عَنْهُمْ
اب قسمیں کھائیں گے	اللہ کی	تمہارے آگے	جب	واپس جاؤ گے تم	ان کی طرف	تاکہ تم درگزر کرو	ان سے	سو تم منہ موڑ لو	ان سے

جب تم ان کی طرف واپس جاؤ گے اب تمہارے آگے اللہ کی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے درگزر کرو، سو تم اُن سے مُنہ موڑ لو

اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۡ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٥﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ

اِنَّهُمْ	رِجْسٌ	وَّمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	جَزَاۗءًۢ	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	يَحْلِفُوْنَ	لَكُمْ
بیشک وہ	پلید	اور ان کا ٹھکانہ	جہنم	بدلہ	اس کا جو	وہ کماتے تھے	وہ قسمیں کھاتے ہیں	تمہارے آگے

بیشک وہ پلید ہیں، اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے، اس کا بدلہ جو وہ کماتے تھے۔ وہ تمہارے آگے قسمیں کھاتے ہیں

لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ

لِتَرْضَوْا	عَنْهُمْ	فَاِنْ	تَرْضَوْا	عَنْهُمْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَرْضٰى	عَنِ	الْقَوْمِ
تاکہ تم راضی ہوجاؤ	ان سے	سو اگر	تم راضی ہوجاؤ	ان سے	تو بیشک	اللہ	راضی نہیں ہوتا	سے	لوگ

تاکہ تم ان سے راضی ہوجاؤ، سو اگر تم اُن سے راضی (بھی) ہوجاؤ تو بے شک اللہ راضی نہیں ہوتا

الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ

الْفٰسِقِيْنَ	اَلْاَعْرَابُ	اَشَدُّ	كُفْرًا	وَّنِفَاقًا	وَّاَجْدَرُ	اَلَّا يَعْلَمُوْا	حُدُوْدَ
نافرمان	دیہاتی	بہت سخت	کفر میں	اور نفاق میں	اور زیادہ لائق	کہ وہ نہ جانیں	احکام

نافرمان لوگوں سے۔ دیہاتی کفر اور نفاق میں بہت سخت ہیں، اور زیادہ لائق ہیں کہ وہ نہ جانیں جو احکام

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ

مَا	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	عَلٰى	رَسُوْلِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَمِنَ	الْاَعْرَابِ	مَنْ
جو	نازل کئے	اللہ	پر	اپنا رسولؐ	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور سے (بعض)	دیہاتی	جو

اللہ نے اپنے رسولؐ پر نازل کئے، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اور بعض دیہاتی ہیں جو

يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ

يَتَّخِذُ	مَا يُنْفِقُ	مَغْرَمًا	وَيَتَرَبَّصُ	بِكُمُ	الدَّوَآئِرَ	عَلَيْهِمْ	دَآئِرَةُ	السَّوْءِ
لیتے ہیں (سمجھتے ہیں)	جو وہ خرچ کرتے ہیں	تاوان	اور انتظار کرتے ہیں	تمہارے لئے	گردشیں	ان پر	گردش	بُری

(اللہ کی راہ میں) جو خرچ کرتے ہیں اُسے تاوان سمجھتے ہیں اور تمہارے لئے گردشوں کا انتظار کرتے ہیں، اُنہی پر ہے بُری گردش،

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٩٨﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	وَمِنَ	الْاَعْرَابِ	مَنْ	يُّؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور اللہ	سُننے والا	جاننے والا	اور سے (بعض)	دیہاتی	جو	ایمان رکھتے ہیں	اللہ پر	اور آخرت کا دن

اور اللہ سُننے والا، جاننے والا ہے۔ اور بعض دیہاتی ہیں جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں

وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ

وَيَتَّخِذُ	مَا يُنْفِقُ	قُرُبٰتٍ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	صَلَوٰتِ	الرَّسُوْلِ	اَلَآ	اِنَّهَا	قُرْبَةٌ
اور سمجھتے ہیں	جو وہ خرچ کریں	نزدیکیاں	اللہ سے	اور	دُعائیں	رسول	ہاں ہاں	یقیناً وہ	نزدیکی

اور جو وہ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ سے نزدیکیوں اور رسولؐ کی دُعائیں (لینے کا ذریعہ) سمجھتے ہیں، ہاں ہاں یقیناً وہ نزدیکی (کا ذریعہ) ہے

لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ

لَّهُمْ	سَيُدْخِلُهُمُ	اللّٰهُ	فِيْ	رَحْمَتِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَالسّٰبِقُوْنَ	الْاَوَّلُوْنَ
ان کے لئے	جلد داخل کریگا انہیں	اللہ	میں	اپنی رحمت	بیشک	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور سبقت کرنے والے	سب سے پہلے

ان کے لئے، اللہ جلد انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا، بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور سب سے پہلے (ایمان اور اسلام میں) سبقت کرنے والے

ع ١٠ | ١٢ | ١

مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ

مِنَ	الْمُهٰجِرِيْنَ	وَالْاَنْصَارِ	وَالَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُمْ	بِاِحْسَانٍ	رَّضِيَ اللّٰهُ	عَنْهُمْ	وَ
سے	مہاجرین	اور انصار	اور جن لوگوں	ان کی پیروی کی	نیکی کے ساتھ	راضی ہوا اللہ	اُن سے	اور

مہاجرین اور انصار میں سے، اور جنہوں نے نیکی کے ساتھ انکی پیروی کی، اللہ ان سے راضی ہوا، اور

رَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا

رَضُوْا	عَنْهُ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	تَحْتَهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا
وہ راضی ہوئے	اس سے	اور تیار کیا اس نے	انکے لئے	باغات	بہتی ہیں	انکے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ہمیشہ

وہ اس سے راضی ہوئے، اور اس نے ان کے لئے باغات تیار کئے ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَ

ذٰلِكَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	وَ	مِمَّنْ	حَوْلَكُمْ	مِّنَ	الْاَعْرَابِ	مُنٰفِقُوْنَ	وَ
یہ	کامیابی بڑی	اور	ان میں جو	تمہارے اردگرد	سے بعض	دیہاتی	منافق (جمع)	اور

یہ بڑی کامیابی ہے - اور جو دیہاتی تمہارے اردگرد ہیں ان میں سے بعض منافق ہیں، اور

مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۫ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ

مِنْ	اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ	مَرَدُوْا	عَلَى	النِّفَاقِ	لَا تَعْلَمُهُمْ	نَحْنُ	نَعْلَمُهُمْ
سے بعض	مدینہ والے	اَڑے ہوئے ہیں	پر	نفاق	تم نہیں جانتے ان کو	ہم	جانتے ہیں انہیں

مدینہ والوں میں سے بعض نفاق پر اَڑے ہوئے ہیں، تم انہیں نہیں جانتے، ہم انہیں جانتے ہیں

سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠١﴾ وَاٰخَرُوْنَ

سَنُعَذِّبُهُمْ	مَّرَّتَيْنِ	ثُمَّ	يُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عَذَابٍ	عَظِيْمٍ	وَاٰخَرُوْنَ
جلد ہم انہیں عذاب دینگے	دوبارہ	پھر	وہ لوٹائے جائینگے	طرف	عذاب	عظیم	اور کچھ اور

اور ہم جلد انہیں دوبارہ عذاب دیں گے، پھر وہ عذاب عظیم کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اور کچھ اور ہیں

اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

اعْتَرَفُوْا	بِذُنُوْبِهِمْ	خَلَطُوْا	عَمَلًا صَالِحًا	وَّاٰخَرَ	سَيِّئًا	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ
انہوں نے اعتراف کیا	اپنے گناہوں کا	اُنہوں نے ملایا	ایک عمل اچھا	اور دوسرا	بُرا	قریب ہے	اللہ	کہ

جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا، اُنہوں نے ایک اچھا اور دوسرا بُرا عمل ملا لیا، قریب ہے کہ اللہ

يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٠٢﴾ خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُ

يَتُوبَ + عَلَيْهِمْ	إِنَّ	اللّٰهَ	غَفُورٌ	رَّحِيمٌ	خُذْ	مِنْ	أَمْوَالِهِمْ	صَدَقَةً	تُطَهِّرُ
معاف کردے انہیں	بیشک	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	لے لیں آپؐ	سے	ان کے مال (جمع)	زکوٰۃ	تم پاک کردو

انہیں معاف کردے، بیشک اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ آپؐ ان کے مالوں میں سے زکوٰۃ لے لیں، آپؐ انہیں پاک

هُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۚ وَاللّٰهُ

هُمْ	وَتُزَكِّيهِمْ	بِهَا	وَصَلِّ	عَلَيْهِمْ	إِنَّ	صَلٰوتَكَ	سَكَنٌ	لَّهُمْ	وَاللّٰهُ
انہیں	اور صاف کردو	اس سے	اور دعا کرو	ان پر	بیشک	آپؐ کی دعا	سکون	ان کے لئے	اور اللہ

اور صاف کردیں اس سے، اور ان پر دعائے (خیر) کریں، بیشک آپؐ کی دعا ان کے لئے (باعث) سکون ہے اور اللہ

سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٠٣﴾ أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَأْخُذُ

سَمِيعٌ	عَلِيمٌ	أَلَمْ يَعْلَمُوا	أَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	يَقْبَلُ	التَّوْبَةَ	عَنْ	عِبَادِهِ	وَيَأْخُذُ
سننے والا	جاننے والا	کیا انہیں علم نہیں	کہ	اللہ	وہ	قبول کرتا ہے	توبہ	سے۔کی	اپنے بندے	اور قبول کرتا ہے

سننے والا، جاننے والا ہے۔ کیا انہیں علم نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے، اور قبول کرتا ہے

الصَّدَقٰتِ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾ وَقُلِ اعْمَلُوا فَسَيَرَى اللّٰهُ

الصَّدَقٰتِ	وَأَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيمُ	وَقُلِ	اعْمَلُوا	فَسَيَرَى	اللّٰهُ
صدقات	اور یہ کہ	اللہ	وہ	توبہ قبول کرنیوالا	نہایت مہربان	اور کہدیں آپؐ	تم کئے جاؤ عمل	پس اب دیکھے گا	اللہ

صدقات، اور یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اور آپؐ کہدیں تم عمل کئے جاؤ، پس اب دیکھے گا اللہ

عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ ۚ وَسَتُرَدُّونَ إِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

عَمَلَكُمْ	وَرَسُولُهُ	وَ	الْمُؤْمِنُونَ	وَسَتُرَدُّونَ	إِلٰى	عٰلِمِ الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ
تمہارے عمل	اور اس کا رسولؐ	اور	مومن (جمع)	اور جلد لوٹائے جاؤگے	طرف	جاننے والا پوشیدہ	اور ظاہر

اور اس کا رسولؐ اور مومن تمہارے عمل، اور تم جلد پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے،

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٠٥﴾ وَآخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللّٰهِ إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ

فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ	وَآخَرُونَ	مُرْجَوْنَ	لِأَمْرِ اللّٰهِ	إِمَّا	يُعَذِّبُهُمْ
سو وہ تمہیں جتادے گا	وہ جو	تم کرتے تھے	اور کچھ اور	وہ موقوف رکھے گئے	اللہ کے حکم پر	خواہ	وہ انہیں عذاب دے

سو وہ تمہیں جتادے گا جو تم کرتے تھے۔ اور کچھ اور ہیں وہ اللہ کے حکم پر موقوف رکھے گئے ہیں، خواہ وہ انہیں عذاب دے

وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠٦﴾ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا

وَاِمَّا	يَتُوْبُ + عَلَيْهِمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مَسْجِدًا	ضِرَارًا
اور خواہ	توبہ قبول کرلے ان کی	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور وہ لوگ جو	انہوں نے بنائی	مسجد	نقصان پہنچانے کو

اور خواہ اُن کی توبہ قبول کرلے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے مسجد ضرار (نقصان پہنچانے کے لئے) بنائی

وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

وَكُفْرًا	وَتَفْرِيْقًا	بَيْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاِرْصَادًا	لِمَنْ	حَارَبَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
اور کفر کے لئے	اور پھوٹ ڈالنے کو	درمیان	مومن (جمع)	اور گھات کی جگہ بنانے کے لئے	اس کے واسطے جو	اس نے جنگ کی	اللہ	اور اس کا رسول

اور کفر کرنے کے لئے، اور مومنوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے کے لئے اور اُس کے واسطے گھات کی جگہ بنانے کے لئے جس نے اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کی

مِنْ قَبْلُ ۗ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ۗ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

مِنْ	قَبْلُ	وَلَيَحْلِفُنَّ	اِنْ	اَرَدْنَا	اِلَّا	الْحُسْنٰى	وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّهُمْ
سے	پہلے	اور وہ البتہ قسمیں کھائیں گے	نہیں	ہم نے چاہا	مگر (صرف)	بھلائی	اور اللہ	گواہی دیتا ہے	وہ یقیناً

اس سے پہلے، اور وہ البتہ قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے صرف بھلائی چاہی، اور اللہ گواہی دیتا ہے وہ یقیناً

لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٧﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ۭ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ

لَكٰذِبُوْنَ	لَا تَقُمْ	فِيْهِ	اَبَدًا	لَمَسْجِدٌ	اُسِّسَ	عَلَى	التَّقْوٰى	مِنْ	اَوَّلِ
جھوٹے ہیں	آپ نہ کھڑے ہونا	اس میں	کبھی	بیشک وہ مسجد	بنیاد رکھی گئی	پر	تقویٰ	سے	پہلے

جھوٹے ہیں۔ آپ اس میں کبھی کھڑے نہ ہونا، بیشک وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے تقوے پر رکھی گئی ہے

يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۭ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

يَوْمٍ	اَحَقُّ	اَنْ	تَقُوْمَ	فِيْهِ	فِيْهِ	رِجَالٌ	يُحِبُّوْنَ	اَنْ	يَتَطَهَّرُوْا	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ
دن	زیادہ لائق	کہ	آپ کھڑے ہوں	اس میں	اس میں	ایسے لوگ	وہ چاہتے ہیں	کہ	وہ پاک رہیں	اور اللہ	محبوب رکھتا ہے

زیادہ لائق ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں، اس میں ایسے لوگ ہیں جو چاہتے ہیں کہ وہ پاک رہیں، اور اللہ محبوب رکھتا ہے

الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿١٠٨﴾ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ

الْمُطَّهِّرِيْنَ	اَفَمَنْ	اَسَّسَ	بُنْيَانَهٗ	عَلٰى	تَقْوٰى	مِنَ اللّٰهِ	وَرِضْوَانٍ	خَيْرٌ
پاک رہنے والے	سو کیا وہ جو	بنیاد رکھی اس نے	اپنی عمارت	پر	تقویٰ (خوف)	اللہ سے	اور خوشنودی	بہتر

پاک رہنے والوں کو۔ سو کیا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے خوف اور (اس کی) خوشنودی پر رکھی، وہ بہتر ہے؟

أَمْ مَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ۗ

أَمْ	مَنْ	أَسَّسَ	بُنْيَانَهُ	عَلَىٰ	شَفَا	جُرُفٍ	هَارٍ	فَانْهَارَ	بِهِ	فِي	نَارِ جَهَنَّمَ
یا	جو۔جس	بنیاد رکھی	اپنی عمارت	پر	کنارہ	کھائی	گرنے والا	سو گر پڑی	اسکو لیکر	میں	دوزخ کی آگ

یا وہ؟ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد گرنے والی کھائی (گڑھے) کے کنارہ پر رکھی، سو وہ اسکو لیکر دوزخ کی آگ میں گر پڑی،

وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠٩﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً

وَاللَّهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظَّالِمِينَ	لَا يَزَالُ	بُنْيَانُهُمُ	الَّذِي	بَنَوْا	رِيبَةً
اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظالم (جمع)	ہمیشہ رہے گی	ان کی عمارت	جو کہ	بنیاد رکھی	شک

اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ وہ عمارت جس کی اُنہوں نے بنیاد رکھی ہے ہمیشہ شک ڈالتی رہے گی

١٣ — ع ١١ — ٢

فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١١٠﴾ إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ

فِي	قُلُوبِهِمْ	إِلَّا	أَنْ تَقَطَّعَ	قُلُوبُهُمْ	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ	إِنَّ	اللَّهَ	اشْتَرَىٰ
میں	ان کے دل	مگر	یہ کہ ٹکڑے ہو جائیں	ان کے دل	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	بیشک	اللہ	خرید لیے

ان کے دلوں میں، مگر یہ کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ بیشک اللہ نے خرید لیں

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۚ يُقَاتِلُونَ فِي

مِنَ	الْمُؤْمِنِينَ	أَنْفُسَهُمْ	وَأَمْوَالَهُمْ	بِأَنَّ	لَهُمُ	الْجَنَّةَ	يُقَاتِلُونَ	فِي
سے	مومن (جمع)	ان کی جانیں	اور ان کے مال	اس کے بدلے	ان کے لئے	جنت	وہ لڑتے ہیں	میں

مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال، اس کے بدلے کہ ان کے لئے جنت ہے، وہ لڑتے ہیں

سَبِيلِ اللَّهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ

سَبِيلِ اللَّهِ	فَيَقْتُلُونَ	وَيُقْتَلُونَ	وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا	فِي التَّوْرَاةِ	وَالْإِنْجِيلِ
اللہ کی راہ	سو وہ مارتے ہیں	اور مارے جاتے ہیں	وعدہ	اس پر	سچا	تورات میں	اور انجیل

اللہ کی راہ میں، سو وہ مارتے ہیں اور مارے (بھی) جاتے ہیں اس پر سچا وعدہ ہے تورات میں، اور انجیل

وَالْقُرْآنِ ۚ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ ۚ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي

وَالْقُرْآنِ	وَمَنْ	أَوْفَىٰ	بِعَهْدِهِ	مِنَ اللَّهِ	فَاسْتَبْشِرُوا	بِبَيْعِكُمُ	الَّذِي
اور قرآن	اور کون	زیادہ پورا کرنے والا	اپنا وعدہ	اللہ سے	پس تم خوشیاں مناؤ	اپنے سودے پر	جو کہ

اور قرآن میں، اور اللہ سے زیادہ کون اپنا وعدہ پورا کرنے والا ہے؟ پس تم اپنے اس سودے پر خوشیاں مناؤ جو

بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۱﴾ اَلتَّاۗىِٕبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ

بَايَعْتُمْ	بِهٖ	وَذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	اَلتَّاۗىِٕبُوْنَ	الْعٰبِدُوْنَ	الْحٰمِدُوْنَ
تم نے سودا کیا	اس سے	اور یہ	وہ	کامیابی	عظیم	توبہ کرنے والے	عبادت کرنے والے	حمد وثنا کرنے والے

تم نے اس سے سودا کیا ہے، اور یہ عظیم کامیابی ہے - توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد وثنا کرنے والے،

السَّاۗىِٕحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

السَّاۗىِٕحُوْنَ	الرّٰكِعُوْنَ	السّٰجِدُوْنَ	الْاٰمِرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَالنَّاهُوْنَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ
سفر کرنے والے	رکوع کرنے والے	سجدہ کرنے والے	حکم دینے والے	نیکی کا	اور روکنے والے	سے	برائی

(اللہ کی راہ میں) سفر کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے،

وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

وَالْحٰفِظُوْنَ	لِحُدُوْدِ اللّٰهِ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مَا كَانَ	لِلنَّبِيِّ	وَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
اور حفاظت کرنے والے	اللہ کی حدود کی	اور خوشخبری دو	مومن (جمع)	نہیں ہے	نبی کے لئے	اور	جو لوگ ایمان لائے (مومن)

اور اللہ کی (قائم کردہ) حدود کی حفاظت کرنے والے، اور مومنوں کو خوشخبری دو۔ نبیؐ کے لئے اور مومنوں کے لئے (شایاں) نہیں

اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ

اَنْ	يَّسْتَغْفِرُوْا	لِلْمُشْرِكِيْنَ	وَلَوْ	كَانُوْٓا	اُولِيْ قُرْبٰى	مِنْۢ بَعْدِ	مَا تَبَيَّنَ	لَهُمْ
کہ	وہ بخشش چاہیں	مشرکوں کے لئے	خواہ	وہ ہوں	قرابت دار	اس کے بعد	جب ظاہر ہوگیا	ان پر

کہ وہ مشرکوں کے لئے بخشش چاہیں، خواہ وہ ان کے قرابت دار ہوں، اس کے بعد جبکہ ان پر ظاہر ہو گیا

اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ

اَنَّهُمْ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ	وَمَا كَانَ	اسْتِغْفَارُ	اِبْرٰهِيْمَ	لِاَبِيْهِ	اِلَّا	عَنْ مَّوْعِدَةٍ
کہ وہ	دوزخ والے	اور نہ تھا	بخشش چاہنا	ابراہیمؑ	اپنے باپ کے لئے	مگر	ایک وعدہ کے سبب

کہ وہ دوزخ والے ہیں - اور ابراہیمؑ کا اپنے باپ کے لئے بخشش چاہنا نہ تھا مگر ایک وعدہ کے سبب

وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ

وَّعَدَهَا	اِيَّاهُ	فَلَمَّا	تَبَيَّنَ	لَهٗ	اَنَّهٗ	عَدُوٌّ لِّلّٰهِ	تَبَرَّاَ	مِنْهُ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	لَاَوَّاهٌ
جو اس نے وعدہ کیا	اس سے	پھر جب	ظاہر ہوگیا	اس پر	کہ وہ	اللہ کا دشمن	وہ بیزار ہوگیا	اس سے	بیشک	ابراہیمؑ	نرم دل

جو وہ اس باپ سے کر چکے تھے، پھر جب ان پر ظاہر ہوگیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے، بیشک ابراہیمؑ نرم دل

حَلِيۡمٌ ﴿١١٤﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوۡمًا بَعۡدَ اِذۡ هَدٰىهُمۡ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمۡ مَّا

حَلِيۡمٌ	وَمَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيُضِلَّ	قَوۡمًا	بَعۡدَ	اِذۡ هَدٰىهُمۡ	حَتّٰى	يُبَيِّنَ	لَهُمۡ	مَّا
بُردبار	اور نہیں ہے	اللہ	کہ وہ گمراہ کرے	کوئی قوم	بعد	جب انہیں ہدایت دیدی	جب تک	واضح کردے	ان پر	جس

بُردبار تھے۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ کسی کو اس کے بعد گمراہ کرے جبکہ اسنے انہیں ہدایت دیدی جب تک ان پر واضح نہ کردے جس سے

يَتَّقُوۡنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿١١٥﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ

يَتَّقُوۡنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَىۡءٍ	عَلِيۡمٌ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ	مُلۡكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضِ
وہ پرہیز کریں	بیشک	اللہ	ہر	شے کا	جاننے والا	بیشک	اللہ	اسکے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین

وہ پرہیز کریں، بیشک اللہ ہر شے کا جاننے والا ہے۔ بیشک اللہ ہی کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی،

يُحۡىٖ وَيُمِيۡتُ ؕ وَمَا لَكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿١١٦﴾ لَقَدْ تَّابَ

يُحۡىٖ	وَيُمِيۡتُ	وَمَا لَكُمۡ	مِّنۡ	دُوۡنِ اللّٰهِ	مِنۡ	وَّلِىٍّ	وَّلَا نَصِيۡرٍ	لَقَدْ تَّابَ
وہ زندگی دیتا ہے	اور وہ مارتا ہے	اور تمہارے لئے نہیں	کوئی	اللہ کے سوا	سے	کوئی حمایتی	اور نہ مددگار	البتہ توجہ فرمائی

وہ زندگی دیتا ہے اور (وہی) مارتا ہے، اور تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی حمایتی ہے اور نہ مددگار۔ البتہ توجہ فرمائی

اللّٰهُ عَلَى النَّبِىِّ وَالۡمُهٰجِرِيۡنَ وَالۡاَنۡصَارِ الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡهُ فِىۡ سَاعَةِ الۡعُسۡرَةِ

اللّٰهُ	عَلَى	النَّبِىِّ	وَالۡمُهٰجِرِيۡنَ	وَالۡاَنۡصَارِ	الَّذِيۡنَ	اتَّبَعُوۡهُ	فِىۡ	سَاعَةِ	الۡعُسۡرَةِ
اللہ	پر	نبیؐ	اور مہاجرین	اور انصار	وہ جنہوں نے	اسکی پیروی کی	میں	گھڑی	تنگی

اللہ نے نبیؐ پر، اور مہاجرین و انصار پر، وہ جنہوں نے تنگی کی گھڑی میں اس کی پیروی کی،

مِنۡۢ بَعۡدِ مَا كَادَ يَزِيۡغُ قُلُوۡبُ فَرِيۡقٍ مِّنۡهُمۡ ثُمَّ تَابَ عَلَيۡهِمۡ ؕ اِنَّهٗ بِهِمۡ

مِنۡۢ بَعۡدِ	مَا كَادَ	يَزِيۡغُ	قُلُوۡبُ	فَرِيۡقٍ	مِّنۡهُمۡ	ثُمَّ	تَابَ	عَلَيۡهِمۡ	اِنَّهٗ	بِهِمۡ
اس کے بعد	جب قریب تھا	پھر جائیں	دل (جمع)	ایک فریق	ان سے	پھر	وہ متوجہ ہوا	ان پر	بیشک وہ	اُن پر

اس کے بعد جبکہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک فریق کے دل پھر جائیں، پھر وہ ان پر متوجہ ہوا، بیشک وہ اُن پر

رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ﴿١١٧﴾ ۙ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيۡنَ خُلِّفُوۡا ؕ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتۡ عَلَيۡهِمُ

رَءُوۡفٌ	رَّحِيۡمٌ	وَ	عَلَى	الثَّلٰثَةِ	الَّذِيۡنَ	خُلِّفُوۡا	حَتّٰٓى	اِذَا	ضَاقَتۡ	عَلَيۡهِمُ
انتہائی شفیق	نہایت مہربان	اور	پر	وہ تین	وہ جو	پیچھے رکھا گیا	یہانتک	جب	تنگ ہوگئی	ان پر

انتہائی شفیق، نہایت مہربان ہے۔ اور ان تین پر (جن کا معاملہ) پیچھے رکھا گیا تھا، یہاں تک کہ ان پر تنگ ہوگئی

الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوا أَنْ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ

الْأَرْضُ	بِمَا رَحُبَتْ	وَضَاقَتْ	عَلَيْهِمْ	أَنْفُسُهُمْ	وَظَنُّوا	أَنْ	لَا مَلْجَأَ	مِنَ	اللّٰهِ
زمین	باوجود کشادگی	اور وہ تنگ ہوگئی	ان پر	ان کی جانیں	اور انہوں نے جان لیا	کہ	نہیں پناہ	سے	اللہ

زمین اپنی کشادگی کے باوجود اور ان پر اُن کی جانیں تنگ ہوگئیں (اپنی جانوں سے تنگ آگئے) اور انہوں نے جان لیا کہ اللہ سے کوئی پناہ نہیں

إِلَّا إِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا إِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿۱۱۸﴾ يَا أَيُّهَا

إِلَّا	إِلَيْهِ	ثُمَّ	تَابَ عَلَيْهِمْ	لِيَتُوبُوا	إِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيمُ	يَا أَيُّهَا
مگر	اسکی طرف	پھر	وہ متوجہ ہوا ان پر	تاکہ وہ توبہ کریں	بیشک اللہ	وہ	توبہ قبول کرنیوالا	نہایت مہربان	اے

مگر اسی کی طرف ہے، پھر وہ ان پر (اپنی رحمت سے) متوجہ ہوا تاکہ وہ توبہ کریں، بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ ﴿۱۱۹﴾ مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ

الَّذِينَ آمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ	وَكُونُوا	مَعَ	الصَّادِقِينَ	مَا كَانَ	لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ
جو لوگ ایمان لائے (مومن)	ڈرو اللہ سے	اور ہو جاؤ	ساتھ	سچے لوگ	نہ تھا	مدینہ والوں کو

ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کے ساتھ ہوجاؤ ۔ (لائق) نہ تھا مدینہ والوں کو (اور اُنہیں)

وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوا

وَ	مَنْ	حَوْلَهُمْ	مِنَ الْأَعْرَابِ	أَنْ يَتَخَلَّفُوا	عَنْ	رَسُولِ	اللّٰهِ	وَلَا يَرْغَبُوا
اور	جو	ان کے اِردگرد	دیہاتیوں میں سے	کہ وہ پیچھے رہ جاتے	سے	رسولؐ	اللہ	اور یہ کہ زیادہ چاہیں وہ

جو اُن کے اردگرد دیہاتی ہیں کہ وہ اللہ کے رسولؐ سے پیچھے رہ جائیں ، اور یہ کہ وہ زیادہ چاہیں

بِأَنْفُسِهِمْ عَنْ نَفْسِهِ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا

بِأَنْفُسِهِمْ	عَنْ	نَفْسِهِ	ذٰلِكَ	بِأَنَّهُمْ	لَا يُصِيبُهُمْ	ظَمَأٌ	وَلَا نَصَبٌ	وَلَا
اپنوں جانوں کو	سے	ان کی جان	یہ	اس لئے کہ وہ	نہیں پہنچی ان کو	کوئی پیاس	اور نہ کوئی مشقت	اور نہ

اپنی جانوں کو اُنؐ کی جان سے ، یہ اس لئے کہ ان کو نہیں پہنچی کوئی پیاس ، اور نہ کوئی مشقت ، اور نہ

مَخْمَصَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَئُونَ مَوْطِئًا يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُونَ

مَخْمَصَةٌ	فِي	سَبِيلِ اللّٰهِ	وَلَا يَطَئُونَ	مَوْطِئًا	يَغِيظُ	الْكُفَّارَ	وَلَا يَنَالُونَ
کوئی بھوک	میں	اللہ کی راہ	اور نہ وہ قدم رکھتے ہیں	ایسا قدم	غصے ہوں	کافر (جمع)	اور نہ وہ چھینتے ہیں

کوئی بھوک اللہ کی راہ میں، اور نہ وہ ایسا قدم رکھتے ہوں کہ کافر غصے ہوں ، اور نہ وہ چھینتے ہیں

مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

مِنْ	عَدُوٍّ	نَّيْلًا	اِلَّا	كُتِبَ لَهُمْ	بِهٖ	عَمَلٌ صَالِحٌ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ	اَجْرَ
سے	دشمن	کوئی چیز	مگر	لکھا جاتا ہے ان کیلئے	اس سے	عمل نیک	بیشک اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر

دشمن سے کوئی چیز، مگر اس سے (اس کے بدلے) ان کے لئے نیک عمل لکھا جاتا ہے، بیشک اللہ اجر ضائع نہیں کرتا

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ

الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	لَا	يُنْفِقُوْنَ	نَفَقَةً	صَغِيْرَةً	وَّلَا كَبِيْرَةً	وَلَا يَقْطَعُوْنَ
نیکوکار (جمع)	اور	نہ	وہ خرچ کرتے ہیں	خرچ	چھوٹا	اور نہ بڑا	اور نہ طے کرتے ہیں

نیکوکاروں کا۔ اور وہ کوئی چھوٹا یا بڑا (کم یا زیادہ) خرچ نہیں کرتے اور نہ وہ طے کرتے ہیں

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَمَا كَانَ

وَادِيًا	اِلَّا	كُتِبَ لَهُمْ	لِيَجْزِيَهُمُ	اللّٰهُ	اَحْسَنَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَمَا كَانَ
کوئی وادی (میدان)	مگر	لکھا جاتا ہے ان کیلئے	تاکہ جزا دے انہیں	اللہ	بہترین	جو	وہ کرتے تھے (ان کے اعمال)	اور نہیں ہے

کوئی میدان، مگر ان کے لیے لکھ دیا جاتا ہے، تاکہ اللہ ان کے اعمال کی انہیں بہترین جزا دے۔ اور (ایسے تو) نہیں

الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا

الْمُؤْمِنُوْنَ	لِيَنْفِرُوْا	كَآفَّةً	فَلَوْ	لَا نَفَرَ	مِنْ	كُلِّ فِرْقَةٍ	مِّنْهُمْ	طَآئِفَةٌ	لِّيَتَفَقَّهُوْا
مومن (جمع)	کہ وہ کوچ کریں	سب کے سب	بس کیوں	نہ کوچ کرے	سے	ہر گروہ	ان سے۔ انکی	ایک جماعت	تاکہ وہ سمجھ حاصل کریں

کہ مومن سب کے سب کوچ کریں۔ پس کیوں نہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت کوچ کرے تاکہ وہ سمجھ حاصل کریں

۱۵ ع ۴ ۴

فِى الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ ع

فِى الدِّيْنِ	وَلِيُنْذِرُوْا	قَوْمَهُمْ	اِذَا	رَجَعُوْٓا	اِلَيْهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَحْذَرُوْنَ
دین میں	اور تاکہ وہ ڈر سنائیں	اپنی قوم	جب	وہ لوٹیں	ان کی طرف	تاکہ وہ (عجب نہیں)	بچتے رہیں

دین میں، اور تاکہ وہ اپنی قوم کو ڈر سنائیں جب ان کی طرف لوٹیں، عجب نہیں کہ وہ بچتے رہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	قَاتِلُوا	الَّذِيْنَ	يَلُوْنَكُمْ	مِنَ الْكُفَّارِ	وَلْيَجِدُوْا	فِيْكُمْ
اے	وہ جو ایمان لائے (مومن)	لڑو	وہ جو	نزدیک تمہارے	کفار سے (کافر)	اور چاہیے کہ وہ پائیں	تمہارے اندر

اے مومنو! اپنے نزدیک کے کافروں سے لڑو، اور چاہیے کہ وہ تمہارے اندر پائیں

غِلْظَةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ

غِلْظَةً	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	مَعَ الْمُتَّقِيْنَ	وَاِذَا مَا	اُنْزِلَتْ	سُوْرَةٌ	فَمِنْهُمْ
سختی	اور	جان لو	کہ	اللہ	پرہیزگاروں کے ساتھ	اور جب	نازل کی جاتی ہے	کوئی سورۃ	تو ان میں سے

سختی اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے ۔ اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو ان میں سے

مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ

مَنْ	يَقُوْلُ	اَيُّكُمْ	زَادَتْهُ	هٰذِهٖ	اِيْمَانًا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَزَادَتْهُمْ
بعض	کہتے ہیں	تم میں سے کسی	زیادہ کردیا اس کا	اس نے	ایمان	سو جو	وہ لوگ جو	وہ ایمان لائے	اس نے زیادہ کردیا ان کا

بعض کہتے ہیں اس نے تم میں سے کس کا ایمان زیادہ کردیا؟ سو جو لوگ ایمان لائے ہیں، اس نے زیادہ کردیا ہے ان کا

اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ

اِيْمَانًا	وَهُمْ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	مَرَضٌ	فَزَادَتْهُمْ
ایمان	اور وہ	خوشیاں مناتے ہیں	اور جو	وہ لوگ جو	میں	ان کے دل (جمع)	بیماری	اس نے زیادہ کردی اُن کی

ایمان، اور وہ خوشیاں مناتے ہیں ۔ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے، اس نے زیادہ کردی اُن کی

رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ

رِجْسًا	اِلٰى	رِجْسِهِمْ	وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كٰفِرُوْنَ	اَوَ	لَا يَرَوْنَ	اَنَّهُمْ	يُفْتَنُوْنَ	فِيْ كُلِّ عَامٍ
گندگی	طرف (پر)	ان کی گندگی	اور وہ مرے	اور وہ	کافر (جمع)	کیا	وہ نہیں دیکھتے	کہ وہ	آزمائے جاتے ہیں	ہر سال میں

گندگی پر گندگی، اور وہ مرنے تک کافر ہی رہے ۔ کیا وہ نہیں دیکھتے کہ وہ ہر سال آزمائے جاتے ہیں ؟

مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ

مَرَّةً	اَوْ	مَرَّتَيْنِ	ثُمَّ	لَا يَتُوْبُوْنَ	وَلَا	هُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	وَاِذَا مَآ	اُنْزِلَتْ
ایک بار	یا	دو بار	پھر	نہ وہ توبہ کرتے ہیں	اور نہ	وہ	نصیحت پکڑتے ہیں	اور جب	اتاری جاتی ہے

ایک بار یا دو بار، پھر نہ وہ توبہ کرتے ہیں اور نہ نصیحت پکڑتے ہیں ۔ اور جب اُتاری جاتی ہے

سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ۭ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ۭ

سُوْرَةٌ	نَظَرَ	بَعْضُهُمْ	اِلٰى	بَعْضٍ	هَلْ	يَرٰىكُمْ	مِنْ اَحَدٍ	ثُمَّ	انْصَرَفُوْا
کوئی سورۃ	دیکھتا ہے	ان میں سے کوئی ایک	کو	بعض (دوسرے)	کیا	دیکھتا ہے تمہیں	کوئی	پھر	وہ پھر جاتے ہیں

کوئی سورۃ تو ان میں سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگتا ہے، کیا تمہیں کوئی (مسلمان) دیکھتا ہے؟ پھر وہ پھر جاتے ہیں

صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

صَرَفَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا یَفْقَهُوْنَ	لَقَدْ جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌ
پھیر دیئے	اللہ	ان کے دل	کیونکہ وہ	لوگ	سمجھ نہیں رکھتے	البتہ تمہارے پاس آیا	ایک رسول

اللہ نے ان کے دل پھیر دیئے، کیونکہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے۔ البتہ تمہارے پاس آیا ایک رسول

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ

مِّنْ	اَنْفُسِكُمْ	عَزِیْزٌ	عَلَیْهِ	مَا	عَنِتُّمْ	حَرِیْصٌ	عَلَیْكُمْ	بِالْمُؤْمِنِیْنَ
سے	تمہاری جانیں (تم)	گراں	اس پر	جو	تمہیں تکلیف پہنچے	حریص (بہت خواہشمند)	تم پر	مومنوں پر

تم میں سے، جو تمہیں تکلیف پہنچے وہ اس پر گراں ہے، تمہاری (بھلائی کا) بہت خواہشمند ہے، مومنوں پر

رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

رَءُوْفٌ	رَّحِیْمٌ	فَاِنْ تَوَلَّوْا	فَقُلْ	حَسْبِیَ	اللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
انتہائی شفیق	نہایت مہربان	پھر اگر وہ منہ موڑ لیں	تو کہہ دیں	مجھے کافی ہے	اللہ	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا

انتہائی شفیق نہایت مہربان ہے۔ پھر اگر وہ منہ موڑ لیں تو آپ کہہ دیں مجھے کافی ہے اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

۱۶ ع ۷ ۵

عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾

عَلَیْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَهُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ	الْعَظِیْمِ
اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اور وہ	مالک	عرش	عظیم

میں نے اُسی پر بھروسہ کیا، اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔

آیاتھا ۱۰۹ | ۱۰ سُوْرَةُ یُوْنُسَ مَكِّیَّةٌ ۵۱ | رکوعاتھا ۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

الٓرٰ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِیْمِ ﴿۱﴾ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَیْنَآ اِلٰی رَجُلٍ

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰیٰتُ	الْكِتٰبِ	الْحَكِیْمِ	اَكَانَ	لِلنَّاسِ	عَجَبًا	اَنْ	اَوْحَیْنَآ	اِلٰی	رَجُلٍ
الٓرا	یہ	آیتیں	کتاب	حکمت والی	کیا ہوا	لوگوں کو	تعجب	کہ	ہم نے وحی بھیجی	طرف پر	ایک آدمی

الٓرا۔ یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ کیا لوگوں کو تعجب ہوا؟ کہ ہم نے وحی بھیجی ایک آدمی پر

مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ

مِنْهُمْ	اَنْ	اَنْذِرِ	النَّاسَ	وَبَشِّرِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اَنَّ	لَهُمْ	قَدَمَ	صِدْقٍ	عِنْدَ
ان سے	کہ	وہ ڈرائے	لوگ	اور خوشخبری دے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	کہ	ان کے لئے	پایہ	سچا	پاس

ان میں سے کہ وہ لوگوں کو ڈرائے، اور ایمان والوں کو خوشخبری دے کہ ان کے لئے سچا پایہ (مقام) ہے

رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝٢ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ

رَبِّهِمْ	قَالَ	الْكٰفِرُوْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ	اِنَّ	رَبَّكُمُ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	خَلَقَ
ان کا رب	بولے	کافر (جمع)	بیشک	یہ	کھلا جادوگر	بیشک	تمہارا رب	اللہ	وہ جس نے	پیدا کیا

ان کے رب کے پاس ۔ کافر بولے بیشک یہ تو کھلا جادوگر ہے ۔ بیشک تمہارا رب اللہ ہے ، جس نے پیدا کیا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ	اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ
آسمانوں	اور زمین	میں	چھ	دن	پھر	قائم ہوا	عرش پر	تدبیر کرتا ہے	کام

چھ دنوں میں آسمانوں کو اور زمین کو پھر وہ عرش پر قائم ہوا ، کام کی تدبیر کرتا ہے ،

مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ

مَا	مِنْ	شَفِيْعٍ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	اِذْنِهٖ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ
نہیں	کوئی	سفارشی	مگر	بعد	اس کی اجازت	وہ ہے	اللہ	تمہارا رب	پس اس کی بندگی کرو

کوئی سفارش کرنے والا نہیں مگر اس کی اجازت کے بعد، وہ اللہ ہے تمہارا رب ، پس اس کی بندگی کرو ۔

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝٣ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	اِلَيْهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقًّا	اِنَّهٗ	يَبْدَؤُا الْخَلْقَ
سو کیا تم دھیان نہیں کرتے	اسی کی طرف	تمہارا لوٹ کر جانا	سب	وعدہ	اللہ	سچا	بیشک وہی	پہلی بار پیدا کرتا ہے

سو کیا تم دھیان نہیں دیتے ؟ اسی کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے، اللہ کا وعدہ سچا ہے ، بیشک وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	بِالْقِسْطِ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
پھر	دوبارہ پیدا کریگا	تاکہ جزا دے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک (جمع)	انصاف کے ساتھ	اور وہ لوگ جو	کفر کیا

پھر اس کو دوبارہ پیدا کرے گا ، تاکہ ان لوگوں کو انصاف کے ساتھ جزا دے ، جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ، اور جن لوگوں نے کفر کیا

لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ④ هُوَ الَّذِيْ

لَهُمْ	شَرَابٌ	مِّنْ	حَمِيْمٍ	وَّعَذَابٌ	اَلِيْمٌ	بِمَا	كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ
اُن کے لئے	پینا ہے (پانی)	سے	کھولتا ہوا	اور عذاب	دردناک	کیونکہ	وہ کفر کرتے تھے	وہ	جس نے

ان کے لئے کھولتا ہوا پانی ہے، اور دردناک عذاب ہے، کیونکہ وہ کفر کرتے تھے ۔ وہی ہے جس نے

ایک قالب	اس کے لئے	گائے کی آواز	پھر انہوں نے کہا	یہ	تمہارا معبود	اور معبود	موسیٰؑ	پھر وہ بھول گیا	پس کیا وہ نہیں دیکھتے

(گویا) ایک قالب جس کی آواز گائے کی تھی، پھر انہوں نے کہا یہ تمہارا معبود ہے اور موسیٰؑ کا معبود ہے، وہ (موسیٰؑ) تو بھول گیا ہے۔ بھلا کیا وہ نہیں دیکھتے؟

اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ

اَلَّا يَرْجِعُ	اِلَيْهِمْ	قَوْلًا	وَ	لَا يَمْلِكُ	لَهُمْ	ضَرًّا	وَ	لَا نَفْعًا	وَ	لَقَدْ قَالَ	لَهُمْ
کہ وہ نہیں پھیرتا	ان کی طرف	بات (جواب)	اور اختیار نہیں رکھتا		ان کے	نقصان	اور	نہ نفع	اور	تحقیق کہا	ان سے

کہ وہ (بچھڑا) ان کی طرف بات نہیں پھیرتا (ان کو جواب نہیں دیتا) نہ اُن کے نقصان کا اختیار رکھتا ہے اور نہ نفع کا۔ اور تحقیق ان سے

هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ

هٰرُوْنُ	مِنْ قَبْلُ	يٰقَوْمِ	اِنَّمَا	فُتِنْتُمْ	بِهٖ	وَاِنَّ	رَبَّكُمُ	الرَّحْمٰنُ	فَاتَّبِعُوْنِيْ
ہارونؑ	اس سے پہلے	اے میری قوم	اسکے سوا نہیں	تم آزمائے گئے	اس سے	اور بیشک	تمہارا رب	"رحمٰن" ہے	سو میری پیروی کرو

ہارونؑ نے اس سے پہلے کہا تھا کہ اے میری قوم! اس کے سوا نہیں کہ تم اس سے آزمائے گئے ہو اور بیشک تمہارا رب "رحمٰن" ہے سو میری پیروی کرو

وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿٩١﴾

وَاَطِيْعُوْٓا	اَمْرِيْ	قَالُوْا	لَنْ نَّبْرَحَ	عَلَيْهِ	عٰكِفِيْنَ	حَتّٰى	يَرْجِعَ	اِلَيْنَا	مُوْسٰى
اور اطاعت کرو (مانو)	میری بات	انہوں نے کہا	ہم ہرگز جدا نہ ہونگے	اس پر	جمے ہوئے	یہانتک کہ	لوٹے	ہماری طرف	موسیٰؑ

اور میری بات مانو، انہوں نے کہا ہم ہرگز اس سے جدا نہ ہونگے جمے ہوئے (بیٹھے رہیں گے) یہاں تک کہ موسیٰؑ ہماری طرف لوٹے۔

قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿٩٢﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ۭ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾

قَالَ	يٰهٰرُوْنُ	مَا مَنَعَكَ	اِذْ	رَاَيْتَهُمْ	ضَلُّوْٓا	اَلَّا تَتَّبِعَنِ	اَفَعَصَيْتَ	اَمْرِيْ
اس نے کہا	اے ہارونؑ	تجھے کس چیز نے روکا	جب	تو نے دیکھا انہیں	وہ گمراہ ہوگئے	کہ تو نہ میری پیروی کرے	تو کیا تو نے نافرمانی کی	میرا یہ حکم

اس (موسیٰؑ) نے کہا اے ہارونؑ! جب تو نے دیکھا وہ گمراہ ہو گئے ہیں تجھے کس چیز نے میری پیروی کرنے سے روکا؟ تو کیا تو نے میرے حکم کی نافرمانی کی؟

قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ

قَالَ	يَبْنَؤُمَّ	لَا تَاْخُذْ	بِلِحْيَتِيْ	وَ	لَا بِرَاْسِيْ	اِنِّيْ	خَشِيْتُ	اَنْ تَقُوْلَ	فَرَّقْتَ
اس نے کہا	اے میرے ماں جائے	نہ پکڑیں	مجھے داڑھی سے	اور نہ سر سے		بیشک میں	ڈرا	کہ تم کہو گے	تو نے تفرقہ ڈال دیا

اس نے کہا اے میرے ماں جائے! مجھے داڑھی سے اور نہ سر (کے بالوں) سے پکڑیں، بیشک میں ڈرا کہ تم کہو گے کہ تو نے تفرقہ ڈال دیا

بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾

بَيْنَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	وَ	لَمْ تَرْقُبْ	قَوْلِيْ	قَالَ	فَمَا	خَطْبُكَ	يٰسَامِرِيُّ
درمیان	بنی اسرائیل	اور	نہ خیال رکھا	میری بات	اس نے کہا	پس کیا	تیرا حال	اے سامری

بنی اسرائیل کے درمیان، اور میری بات کا خیال نہ رکھا (پھر موسےٰؑ نے سامری سے) کہا اے سامری! تیرا کیا حال ہے؟

قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا

قَالَ	بَصُرْتُ	بِمَا	لَمْ يَبْصُرُوْا	بِهٖ	فَقَبَضْتُ	قَبْضَةً	مِّنْ	اَثَرِ الرَّسُوْلِ	فَنَبَذْتُهَا
وہ بولا	میں نے دیکھا	وہ جو کہ	انہوں نے نہ دیکھا	اس کو	پس میں نے مٹھی بھرلی	ایک مٹھی	سے	فرشتہ کا نقش قدم	تو میں نے وہ ڈالدی

وہ بولا میں نے وہ دیکھا جس کو انہوں نے نہیں دیکھا پس میں نے فرشتے کے نقش قدم سے ایک مٹھی بھرلی تو میں نے وہ دبچھڑے کے قالب میں) ڈالدی

وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا

وَكَذٰلِكَ	سَوَّلَتْ	لِيْ	نَفْسِيْ	قَالَ	فَاذْهَبْ	فَاِنَّ لَكَ	فِي الْحَيٰوةِ	اَنْ	تَقُوْلَ	لَا
اور اسی طرح	پھسلایا	مجھے	میرا نفس	اس نے کہا	پس تو جا	بیشک تیرے لئے	زندگی میں	کہ	تو کہے	نہ

اور اسی طرح میرے نفس نے مجھے پھسلایا ۔ موسیٰؑ نے کہا پس تو جا بیشک تیرے لئے زندگی میں (یہ سزا) ہے تو کہتا پھرے کہ نہ

مِسَاسَ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ وَانْظُرْ اِلٰى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ

مِسَاسَ	وَاِنَّ	لَكَ	مَوْعِدًا	لَنْ تُخْلَفَهٗ	وَانْظُرْ	اِلٰى	اِلٰهِكَ	الَّذِيْ	ظَلْتَ	عَلَيْهِ
چھونا (ہاتھ نہ لگانا)	اور بیشک	تیرے لئے	ایک وقت مقرر	ہرگز تجھ سے خلاف نہ ہوگا	اور دیکھ	طرف	اپنے معبود	وہ جس	تو رہتا تھا	اس پر

چھونا مجھے اور بیشک تیرے لئے ایک وقت مقرر ہے، ہرگز تجھ سے خلاف نہ ہوگا (نہ ٹلے گا) اور اپنے معبود کی طرف دیکھ جس پر تو (بیٹھا) رہتا تھا

عَاكِفًا ؕ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾ اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ

عَاكِفًا	لَنُحَرِّقَنَّهٗ	ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ	فِي الْيَمِّ	نَسْفًا	اِنَّمَا	اِلٰهُكُمُ	اللّٰهُ	الَّذِيْ
جما ہوا	ہم اسے البتہ جلائیں گے	پھر البتہ اسے بکھیر دیں گے	دریا میں	اُڑا کر	اس کے سوا نہیں	تمہارا معبود	اللہ	وہ جو

جما ہوا، ہم اسے البتہ جلا دیں گے پھر اس (کی راکھ) اُڑا کر دریا میں ضرور بکھیر دیں گے۔ اس کے سوا نہیں کہ تمہارا معبود اللہ ہے، وہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿٩٨﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا

لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	وَسِعَ	كُلَّ شَيْءٍ	عِلْمًا	كَذٰلِكَ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ	مَا
نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	وسیع (محیط ہے)	ہر شے	علم	اسی طرح	ہم بیان کرتے ہیں	تجھ پر سے	سے	خبریں احوال	جو

جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا علم ہر شے پر محیط ہے ۔ اسی طرح ہم تم سے (وہ) احوال بیان کرتے ہیں جو

قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿٩٩﴾ مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ

قَدْ سَبَقَ	وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ	مِنْ لَّدُنَّا	ذِكْرًا	مَنْ	اَعْرَضَ	عَنْهُ	فَاِنَّهٗ	يَحْمِلُ
گزر چکا	اور تحقیق ہم نے تمہیں دیا	اپنے پاس سے	(کتاب) نصیحت	جس	منہ پھیرا	اس سے	تو بیشک وہ	لادے گا

گزر چکے، اور تحقیق ہم نے تمہیں اپنے پاس سے کتاب نصیحت (قرآن) دیا ۔ جس نے اس سے منہ پھیرا وہ بے شک لادے گا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَاۗءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وِزْرًا	خٰلِدِيْنَ	فِيْهِ	وَسَاۗءَ	لَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	حِمْلًا
قیامت کے دن	(بھاری) بوجھ	وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور بُرا ہے	ان کے لئے	قیامت کے دن	بوجھ

قیامت کے دن بھاری بوجھ۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اور بُرا ہے ان کے لئے قیامت کے دن بوجھ۔

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَىِٕذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ

يَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ	وَ نَحْشُرُ	الْمُجْرِمِيْنَ	يَوْمَىِٕذٍ	زُرْقًا	يَتَخَافَتُوْنَ	بَيْنَهُمْ
جس دن	پھونک ماری جائیگی	صور میں	اور ہم اکٹھا کرینگے	مجرموں کو	اس دن	نیلی آنکھیں	آہستہ آہستہ کہیں گے	آپس میں

جس دن صور میں پھونک ماری جائے گی، اور ہم مجرموں کو اکٹھا کریں گے اس دن (انکی) آنکھیں نیلی (بے نور) ہونگی، آپس میں آہستہ آہستہ کہیں گے

اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً

اِنْ	لَبِثْتُمْ	اِلَّا	عَشْرًا	نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يَقُوْلُوْنَ	اِذْ يَقُوْلُ	اَمْثَلُهُمْ	طَرِيْقَةً
نہیں	تم رہے	مگر (صرف)	دس دن	ہم	خوب جانتے ہیں	وہ جو	وہ کہتے ہیں	جب کہے گا	سب سے اچھی	راہ

تم (دنیا میں) صرف دس دن رہے ہو۔ وہ جو کہتے ہیں ہم خوب جانتے ہیں جب ان کا سب سے اچھی راہ والا (ہوشمند) کہے گا

اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿١٠٥﴾

٥ ع ١٥ ١٤

اِنْ	لَبِثْتُمْ	اِلَّا	يَوْمًا	وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ	عَنِ الْجِبَالِ	فَقُلْ	يَنْسِفُهَا	رَبِّيْ	نَسْفًا
نہیں	رہے تم	مگر (صرف)	ایک دن	اور وہ آپ سے دریافت کرینگے	پہاڑ کے متعلق	تو کہدیں	انہیں بکھیر دیگا	میرا رب	اُڑا کر

تم صرف ایک دن رہے ہو۔ اور وہ آپ سے پہاڑوں کے متعلق دریافت کرتے ہیں تو آپ کہدیں میرا رب انہیں اڑا کر بکھیر دے گا۔

فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿١٠٧﴾ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَّبِعُوْنَ

فَيَذَرُهَا	قَاعًا	صَفْصَفًا	لَا تَرٰى	فِيْهَا	عِوَجًا	وَلَا	اَمْتًا	يَوْمَىِٕذٍ	يَتَّبِعُوْنَ
پھر اسے چھوڑ دیگا	میدان	ایک ہموار	نہ دیکھے گا تو	اس میں	کوئی کجی	اور نہ	کوئی بلندی	اس دن	وہ سب پیچھے چلیں گے

پھر اسے (زمین کو) ایک ہموار میدان کر چھوڑے گا۔ اور تو نہ دیکھے گا اس میں کوئی کجی (ناہمواری) اور نہ کوئی بلندی۔ اس دن وہ سب پیچھے چلیں گے

الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿١٠٨﴾

الدَّاعِيَ	لَا عِوَجَ	لَهٗ	وَ	خَشَعَتِ	الْاَصْوَاتُ	لِلرَّحْمٰنِ	فَلَا تَسْمَعُ	اِلَّا	هَمْسًا
ایک پکارنے والا	نہیں کوئی کجی	اسکے لئے	اور	پست ہو جائیں گی	آوازیں	اللہ کیلئے، سامنے	پس تو نہ سنے گا	مگر (صرف)	آہستہ آواز

ایک پکارنے والے کے، اس کے لئے کوئی کجی نہ ہوگی اور اللہ کے سامنے آوازیں پست ہو جائیں گی، پس تو صرف پست آواز سُنے گا۔

يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلًا ﴿١٠٩﴾ يَعْلَمُ

يَوْمَئِذٍ	لَا تَنفَعُ	الشَّفَاعَةُ	إِلَّا	مَنْ	أَذِنَ لَهُ	الرَّحْمَٰنُ	وَرَضِيَ	لَهُ	قَوْلًا	يَعْلَمُ
اس دن	نہ نفع دے گی	کوئی شفاعت	مگر	جس	اجازت دے اس کو	اللہ	اور پسند کرے	اسکی	بات	وہ جانتا ہے

اس دن کوئی شفاعت نفع نہ دے گی مگر جس کو اللہ اجازت دے، اور اس کی بات پسند کرے۔ وہ جانتا ہے

مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا ﴿١١٠﴾ وَعَنَتِ الْوُجُوهُ

مَا	بَيْنَ أَيْدِيهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ	وَلَا يُحِيطُونَ	بِهِ	عِلْمًا	وَعَنَتِ	الْوُجُوهُ
جو	ان کے ہاتھوں کے درمیان (آگے)	اور جو	ان کے پیچھے	اور وہ احاطہ نہیں کرسکتے	اس کا	علم کے اندر	جھک جائیں گے	چہرے

جو کچھ ان کے آگے اور ان کے پیچھے ہے، اور وہ (اپنے علم میں) اس کا احاطہ نہیں کر سکتے۔ اور چہرے جھک جائیں گے

لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿١١١﴾ وَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ

لِلْحَيِّ	الْقَيُّومِ	وَقَدْ خَابَ	مَنْ	حَمَلَ	ظُلْمًا	وَمَن	يَعْمَلْ	مِنَ	الصَّالِحَاتِ وَ
سامنے "حی"	"قیوم"	اور نامراد ہوا	جو۔جس	بوجھ اٹھایا	ظلم	اور جو	کرے	سے کوئی	نیکی اور (بشرطیکہ)

"حی وقیوم" (زندہ وقائم) کے سامنے، اور نامراد ہوا وہ جس نے ظلم کا بوجھ اٹھایا۔ اور جو کوئی نیکی کرے، بشرطیکہ

هُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَلَا هَضْمًا ﴿١١٢﴾ وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا

هُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَا يَخَافُ	ظُلْمًا	وَلَا هَضْمًا	وَكَذَٰلِكَ	أَنزَلْنَاهُ	قُرْآنًا	عَرَبِيًّا
وہ	مومن	تو نہ اسے خوف ہوگا	کسی ظلم کا	اور نہ کسی نقصان کا	اور اسی طرح	ہم نے اس پر نازل کیا	قرآن	عربی

وہ مومن، تو نہ اسے کسی ظلم کا خوف ہوگا اور نہ کسی نقصان کا۔ اور اسی طرح ہم نے اس پر عربی قرآن نازل کیا

وَصَرَّفْنَا فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿١١٣﴾

وَ	صَرَّفْنَا	فِيهِ	مِنَ	الْوَعِيدِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُونَ	أَوْ يُحْدِثُ	لَهُمْ	ذِكْرًا
اور	ہم نے طرح طرح سے بیان کئے	اس میں	سے	ڈراوے	تاکہ وہ	پرہیزگار ہوجائیں	یا وہ پیدا کردے	ان کے لئے	کوئی نصیحت

اور ہم نے اس میں طرح طرح سے ڈراوے بیان کئے تاکہ وہ پرہیزگار ہو جائیں یا وہ ان کے لئے کوئی نصیحت پیدا کردے۔

فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۗ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِن قَبْلِ أَن يُقْضَىٰ إِلَيْكَ

فَتَعَالَى اللَّهُ	الْمَلِكُ	الْحَقُّ	وَلَا	تَعْجَلْ	بِالْقُرْآنِ	مِن قَبْلِ	أَن	يُقْضَىٰ	إِلَيْكَ
سو بلند وبرتر ہے اللہ	بادشاہ	سچا	اور نہ	جلدی کرو	قرآن میں	اس سے قبل	کہ	پوری کی جائے	تمہاری طرف

سو اللہ بلند و برتر ہے سچا بادشاہ، اور تم قرآن (پڑھنے) میں جلدی نہ کرو، اس سے قبل کہ تمہاری طرف پوری کی جائے

وَحْيُهٗ ؕ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ

وَحْيُهٗ	وَقُلْ	رَّبِّ	زِدْنِيْ	عِلْمًا	وَلَقَدْ عَهِدْنَآ	اِلٰٓى	اٰدَمَ	مِنْ قَبْلُ	فَنَسِيَ
اس کی وحی	اور کہیئے	اے میرے رب	زیادہ دیجئے مجھے	علم	اور ہم نے حکم بھیجا	طرف کو	آدمؑ	اس سے قبل	تو وہ بھول گیا

اس کی وحی، اور کہیئے اے میرے رب! مجھے اور زیادہ علم دے۔ اور ہم نے اس سے قبل آدمؑ کی طرف حکم بھیجا تو وہ بھول گیا

وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ؑ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ

وَلَمْ نَجِدْ	لَهٗ	عَزْمًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ
اور ہم نے نہ پایا	اس میں	پختہ ارادہ	اور یاد کرو جب	ہم نے کہا	فرشتوں کو	تم سجدہ کرو	آدمؑ کو	تو سب نے سجدہ کیا	سوائے

اور ہم نے اس میں پختہ ارادہ نہ پایا۔ اور یاد کرو، جب ہم نے فرشتوں کو کہا کہ تم آدم کو سجدہ کرو، تو سب نے سجدہ کیا سوائے

اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا

اِبْلِيْسَ	اَبٰى	فَقُلْنَا	يٰٓاٰدَمُ	اِنَّ	هٰذَا	عَدُوٌّ	لَّكَ	وَلِزَوْجِكَ	فَلَا	يُخْرِجَنَّكُمَا
ابلیس	اس نے انکار کیا	پس ہم نے کہا	اے آدمؑ	بیشک	یہ	دشمن	تمہارا	اور تمہاری بیوی کا	سو تمہیں	نہ نکلوا دے

ابلیس کے، اس نے انکار کیا۔ پس ہم نے کہا اے آدمؑ! بیشک یہ تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے، سو تمہیں نکلوا نہ دے

مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَاَنَّكَ لَا

مِنَ	الْجَنَّةِ	فَتَشْقٰى	اِنَّ	لَكَ	اَلَّا تَجُوْعَ	فِيْهَا	وَلَا	تَعْرٰى	وَاَنَّكَ	لَا
جنت سے		پھر تم مصیبت میں پڑ جاؤ	بیشک	تمہارے لئے	یہ کہ نہ بھوکے رہو	اس میں	اور نہ	ننگے	اور یہ کہ تم	نہ

جنت سے، پھر تم تکلیف میں پڑ جاؤ۔ بیشک تمہارے لئے (جنت میں) یہ ہے کہ اس میں نہ بھوکے رہو، نہ ننگے۔ اور یہ کہ تم نہ

تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ

تَظْمَؤُا	فِيْهَا	وَلَا تَضْحٰى	فَوَسْوَسَ	اِلَيْهِ	الشَّيْطٰنُ	قَالَ	يٰٓاٰدَمُ	هَلْ	اَدُلُّكَ
پیاسے رہوگے	اس میں	اور نہ دھوپ میں رہوگے	پھر وسوسہ ڈالا	اس کی طرف (دل میں)	شیطان	اس نے کہا	اے آدمؑ	کیا	میں تیری رہنمائی کروں

پیاسے رہوگے اور نہ دھوپ میں تپوگے۔ پھر شیطان نے اس کے دل میں وسوسہ ڈالا، اس نے کہا اے آدمؑ! کیا میں تیری رہنمائی کروں

عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَ

عَلٰى	شَجَرَةِ	الْخُلْدِ	وَمُلْكٍ	لَّا يَبْلٰى	فَاَكَلَا	مِنْهَا	فَبَدَتْ	لَهُمَا	سَوْاٰتُهُمَا	وَ
پر	درخت	ہمیشگی	اور بادشاہت	نہ پرانی (زوال پذیر) ہو	پس دونوں نے کھایا	اس سے	تو ظاہر ہوگئیں	ان پر	ان کی شرمگاہیں	اور

ہمیشگی کے درخت پر؟ اور وہ بادشاہت جو زوال پذیر نہ ہو؟ پس ان دونوں نے اس سے کھا لیا تو ان پر ان کی شرمگاہیں ظاہر ہوگئیں، اور

طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۫ وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ ثُمَّ

طَفِقَا يَخْصِفٰنِ	عَلَيْهِمَا	مِنْ	وَرَقِ الْجَنَّةِ	وَعَصٰى	اٰدَمُ	رَبَّهٗ	فَغَوٰى	ثُمَّ
وہ دونوں لگے جوڑنے (ڈھانپنے)	اپنے اوپر	سے	جنت کے پتے	اور نافرمانی کی	آدمؑ	اپنا رب	تو وہ بہک گیا	پھر

اور اپنے (جسم کے) اوپر جنت کے پتوں سے ڈھانپنے لگے، اور آدمؑ نے اپنے رب کی نافرمانی کی تو وہ بہک گیا - پھر

اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿۱۲۲﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ

اجْتَبٰهُ	رَبُّهٗ	فَتَابَ	عَلَيْهِ	وَهَدٰى	قَالَ	اهْبِطَا	مِنْهَا	جَمِيْعًا	بَعْضُكُمْ
اس کو چن لیا	اس کا رب	توجہ فرمائی	اس پر	اور اسے راہ دکھائی	فرمایا	تم دونوں اتر جاؤ	یہاں سے	سب	تم میں سے بعض

اس کے رب نے اسے (رحمت سے) چن لیا پھر اس پر (رحمت سے) توجہ فرمائی (توبہ قبول کی) اور اسے راہ دکھائی۔ فرمایا تم دونوں یہاں سے اتر جاؤ تمہاری (اولاد میں) بعض

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ۬ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ

لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	فَاِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	مِّنِّيْ	هُدًى	فَمَنِ	اتَّبَعَ	هُدَايَ	فَلَا يَضِلُّ
بعض کے	دشمن	پس اگر	تمہارے پاس آئے	میری طرف سے	ہدایت	تو جس نے	پیروی کی	میری ہدایت	تو نہ وہ گمراہ ہوگا

بعض کے دشمن ہوں گے پس اگر (جب بھی) میری طرف سے تمہارے پاس میری ہدایت آئے تو جس نے میری ہدایت کی پیروی کی وہ نہ گمراہ ہوگا

وَلَا يَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ

وَ	لَا يَشْقٰى	وَمَنْ	اَعْرَضَ	عَنْ	ذِكْرِيْ	فَاِنَّ	لَهٗ	مَعِيْشَةً	ضَنْكًا	وَنَحْشُرُهٗ
اور	نہ بدبخت ہوگا	اور جس	منہ موڑا	سے	میرے ذکر نصیحت	تو بیشک	اسکے لئے	گزران	تنگ	اور ہم اسے اٹھائیں گے

اور نہ بدبخت ہوگا۔ اور جس نے میرے ذکر (نصیحت) سے منہ موڑا تو بیشک اس کی معیشت (گزران) تنگ ہوگی اور ہم اسے اٹھائیں گے

﴿۱۲۵﴾

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْۤ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اَعْمٰى	قَالَ	رَبِّ	لِمَ حَشَرْتَنِيْۤ	اَعْمٰى	وَ	قَدْ كُنْتُ	بَصِيْرًا
قیامت کے دن	اندھا	وہ کہے گا	اے میرے رب	تونے مجھے کیوں اٹھایا	اندھا	اور	میں تو تھا	دیکھتا - بینا

قیامت کے دن اندھا - وہ کہے گا، اے میرے رب! تونے مجھے اندھا کیوں اٹھایا؟ میں تو (دنیا میں) بینا (دیکھتا) تھا۔

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾ وَكَذٰلِكَ

قَالَ	كَذٰلِكَ	اَتَتْكَ	اٰيٰتُنَا	فَنَسِيْتَهَا	وَكَذٰلِكَ	الْيَوْمَ	تُنْسٰى	وَكَذٰلِكَ
وہ فرمائے گا	اسی طرح	تیرے پاس آئیں	ہماری آیات	تو تونے انہیں بھلا دیا	اور اسی طرح	آج	ہم تجھے بھلا دیں گے	اور اسی طرح

وہ فرمائے گا اسی طرح تیرے پاس ہماری آیات آئیں تو تونے انہیں بھلا دیا، اور اسی طرح آج ہم تجھے بھلا دیں گے۔ اور اسی طرح

نَجْزِیْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ یُؤْمِنْ بِاٰیٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَ

نَجْزِیْ	مَنْ	اَسْرَفَ	وَلَمْ یُؤْمِنْ	بِاٰیٰتِ	رَبِّهٖ	وَلَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ	اَشَدُّ	وَ
ہم بدلہ دیتے ہیں	جو	حد سے نکل جائے	اور نہ ایمان لائے	آیتوں پر	اپنا رب	اور البتہ عذاب	آخرت	شدید ترین	اور

ہم (اس کو) بدلہ دیتے ہیں جو حد سے نکل جائے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لائے، اور البتہ آخرت کا عذاب شدید ترین ہے اور

اَبْقٰی ﴿١٢٧﴾ اَفَلَمْ یَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ یَمْشُوْنَ فِیْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ

اَبْقٰی	اَفَلَمْ یَهْدِ	لَهُمْ	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِنَ الْقُرُوْنِ	یَمْشُوْنَ	فِیْ	مَسٰكِنِهِمْ
زیادہ دیر تک رہنے والا ہے	کیا ہدایت نہ دی	انہیں	کتنی ہی	ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے قبل	قومیں ۔ جماعتیں	وہ چلتے پھرتے ہیں	ان کے مساکن ہیں	

زیادہ دیر تک رہنے والا ہے۔ کیا (اس حقیقت سے بھی) انہیں ہدایت نہ دی کہ ان سے قبل ہم نے کتنی ہی جماعتیں ہلاک کر دیں، وہ ان کے مساکن میں چلتے پھرتے ہیں

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی النُّهٰی ﴿١٢٨﴾ ع وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِاُولِی النُّهٰی	وَلَوْ	لَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ	رَبِّكَ
بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں ہیں	عقل والوں کے لئے	اور اگر	نہ ہوتی ایک بات		ہو چکی	سے	تمہارا رب

البتہ بے شک اس میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور اگر تمہارے رب کی (طرف) سے ایک بات (طے) نہ ہو چکی ہوتی

لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّی ﴿١٢٩﴾ ؕ فَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

لَكَانَ	لِزَامًا	وَاَجَلٌ	مُّسَمًّی	فَاصْبِرْ	عَلٰی	مَا یَقُوْلُوْنَ	وَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ
تو ضرور آ جاتا	عذاب	اور میعاد	مقرر	پس صبر کریں	پر	جو وہ کہتے ہیں	اور تسبیح کریں	تعریف کے ساتھ	اپنا رب

اور میعاد مقرر (نہ ہوتی) تو عذاب ضرور (نازل) ہو جاتا۔ پس وہ جو کہتے ہیں اس پر صبر کریں، تعریف کے ساتھ اپنے رب کی تسبیح کریں،

قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّیْلِ فَسَبِّحْ وَ

قَبْلَ	طُلُوْعِ الشَّمْسِ	وَقَبْلَ	غُرُوْبِهَا	وَمِنْ	اٰنَآئِ الَّیْلِ	فَسَبِّحْ	وَ
پہلے	طلوع آفتاب	اور پہلے	اس کے غروب	اور کچھ	رات کی گھڑیاں	پس تسبیح کریں	اور

(پاکیزگی بیان کریں) طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب سے پہلے اور کچھ رات کی گھڑیوں میں، پس اس کی تسبیح کریں، اور

اَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰی ﴿١٣٠﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْكَ اِلٰی مَا مَتَّعْنَا

اَطْرَافَ	النَّهَارِ	لَعَلَّكَ	تَرْضٰی	وَ	لَا تَمُدَّنَّ	عَیْنَیْكَ	اِلٰی	مَا مَتَّعْنَا
کنارے	دن	تاکہ تم	خوش ہو جاؤ	اور	نہ پھیلانا	اپنی آنکھیں	طرف	جو ہم نے برتنے کو دیا

دن کے کنارے (دوپہر ظہر کے وقت) تاکہ تم خوش ہو جاؤ۔ اور اپنی آنکھیں (ان چیزوں کی) طرف نہ پھیلانا، جو ہم نے برتنے کو دی ہیں

بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ

بِهٖ	اَزْوَاجًا	مِنْهُمْ	زَهْرَةَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	لِنَفْتِنَهُمْ	فِيْهِ	وَرِزْقُ	رَبِّكَ
اس سے	جوڑے	اُن سے کے	آرائش	دنیا کی زندگی	تاکہ ہم انہیں آزمائیں	اس میں	اور عطیہ	تیرا رب

ان کے جوڑوں کو، دنیا کی زندگی کی آرائش و زیبائش (بناکر) تاکہ ہم اس میں انہیں آزمائیں ، اور تیرے رب کا عطیہ

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝۱۳۱ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ

خَيْرٌ	وَّاَبْقٰى	وَاْمُرْ	اَهْلَكَ	بِالصَّلٰوةِ	وَاصْطَبِرْ	عَلَيْهَا	لَا نَسْـَٔلُكَ
بہتر	اور تادیر رہنے والا	اور حکم دو تم	اپنے گھر والے	نماز کا	اور قائم رہو	اس پر	ہم تجھ سے نہیں مانگتے

بہتر ہے اور سب سے زیادہ تادیر رہنے والا ہے۔ اور تم اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو، اور اس پر قائم رہو، ہم تجھ سے نہیں مانگتے

رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝۱۳۲ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ

رِزْقًا	نَحْنُ	نَرْزُقُكَ	وَالْعَاقِبَةُ	لِلتَّقْوٰى	وَقَالُوْا	لَوْ	لَا يَاْتِيْنَا	بِاٰيَةٍ
رزق	ہم	تجھے رزق دیتے ہیں	اور انجام	اہل تقویٰ کے لئے	اور وہ کہتے ہیں	کیوں	نہیں لاتے	کوئی نشانی

رزق (بلکہ) ہم تجھے رزق دیتے ہیں اور انجام (بخیر) اہلِ تقویٰ کے لئے ہے۔ اور وہ کہتے ہیں ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے ؟

مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝۱۳۳ وَلَوْ اَنَّاۤ اَهْلَكْنٰهُمْ

مِنْ	رَبِّهٖ	اَوَ	لَمْ تَاْتِهِمْ	بَيِّنَةُ	مَا	فِى	الصُّحُفِ	الْاُوْلٰى	وَلَوْ	اَنَّا	اَهْلَكْنٰهُمْ
سے	اپنا رب	کیا	انکے پاس نہیں آئی	واضح نشانی	جو	میں	صحیفے	پہلے	اور اگر	ہم	انہیں ہلاک کر دیتے

اپنے رب کی طرف سے، کیا ان کے پاس (وہ) واضح نشانی نہیں آئی جو پہلے صحیفوں میں ہے، اور اگر ہم انہیں ہلاک کر دیتے

بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَاۤ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا

بِعَذَابٍ	مِنْ قَبْلِهٖ	لَقَالُوْا	رَبَّنَا لَوْ	لَاۤ اَرْسَلْتَ	اِلَيْنَا	رَسُوْلًا
کسی عذاب سے	اس سے قبل	تو وہ کہتے	اے ہمارے رب کیوں	تو نے نہ بھیجا	ہماری طرف	کوئی رسول

(رسولوں کے) آنے سے قبل کسی عذاب سے، تو وہ کہتے اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا ؟

فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ۝۱۳۴ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ

فَنَتَّبِعَ	اٰيٰتِكَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ نَّذِلَّ	وَنَخْزٰى	قُلْ	كُلٌّ	مُّتَرَبِّصٌ
تو ہم پیروی کرتے	تیرے احکام	اس سے قبل	کہ ہم ذلیل ہوں	اور ہم رسوا ہوں	آپؐ کہہ دیں	سب	منتظر ہیں

تو ہم اس سے قبل کہ ذلیل اور رسوا ہوں ہم تیرے احکام کی پیروی کرتے۔ آپؐ کہہ دیں، سب منتظر ہیں ،

فَتَرَبَّصُوْا فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ

السَّوِيِّ	الصِّرَاطِ	اَصْحٰبُ	مَنْ	فَسَتَعْلَمُوْنَ	فَتَرَبَّصُوْا
سیدھا	راستہ	والے	کون	سوعنقریب تم جان لوگے	پس تم انتظار کرو

پس تم (ابھی) انتظار کرو، سوعنقریب تم جان لو گے، کون ہیں سیدھے راستہ والے!

وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾

اهْتَدٰى	وَمَنِ
اس نے ہدایت پائی	اور کون

اور کون ہے جس نے ہدایت پائی۔

۸ ع ۷ ۱۷

ایاتھا ١١٢ — ٢١ : سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاۤءِ مَكِّيَّةٌ : ٧٣ — رکوعاتھا ٧

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ①

اِقْتَرَبَ	لِلنَّاسِ	حِسَابُهُمْ	وَهُمْ	فِيْ غَفْلَةٍ	مُّعْرِضُوْنَ
قریب آگیا	لوگوں کے لئے	ان کا حساب	اور وہ	غفلت میں	منہ پھیر رہے ہیں

لوگوں کے لئے ان کے حساب (کا وقت) قریب آگیا، اور وہ غفلت میں (اُس سے) منہ پھیر رہے ہیں۔

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ②

مَا يَاْتِيْهِمْ	مِنْ ذِكْرٍ	مِنْ رَبِّهِمْ	مُحْدَثٍ	اِلَّا	اسْتَمَعُوْهُ	وَهُمْ	يَلْعَبُوْنَ
انکے پاس نہیں آتی	کوئی نصیحت	ان کے رب سے	نئی	مگر	وہ اسے سنتے ہیں	اور وہ	کھیلتے ہیں (کھیلتے ہوئے)

ان کے پاس ان کے رب (کی طرف) سے کوئی نئی نصیحت نہیں آتی مگر وہ اسے کھیلتے ہوئے (بے پرواہ ہوکر) سنتے ہیں۔

لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ

لَاهِيَةً	قُلُوْبُهُمْ	وَاَسَرُّوْا	النَّجْوَى	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	هَلْ	هٰذَآ	اِلَّا	بَشَرٌ
غفلت میں ہیں	ان کے دل	اور چھپکے چھپکے بات کی	سرگوشی	اور وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا (ظالم)	کیا	یہ	مگر	ایک بشر

ان کے دل غفلت میں ہیں اور ظالموں نے چپکے چپکے سرگوشی کی کہ یہ (محمد رسول اللہ) کیا ہیں! مگر ایک بشر

مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ③ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ

مِثْلُكُمْ	اَفَتَاْتُوْنَ	السِّحْرَ	وَاَنْتُمْ	تُبْصِرُوْنَ	قٰلَ	رَبِّيْ	يَعْلَمُ	الْقَوْلَ
تم ہی جیسا	کیا پس تم آؤ گے	جادو	اور (جبکہ) تم	دیکھتے ہو	آپ نے فرمایا	میرا رب	جانتا ہے	بات

تم ہی جیسے، کیا (پھر بھی) تم جادو کے پاس آؤ گے؟ جبکہ تم دیکھتے ہو۔ آپ نے فرمایا میرا رب جانتا ہے ہر بات

فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ④ بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ

فِي السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	بَلْ	قَالُوْٓا	اَضْغَاثُ
آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	سننے والا	جاننے والا	بلکہ	انہوں نے کہا	پریشان

جو آسمانوں میں اور زمین میں (ہوتی ہے) اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ بلکہ انہوں نے کہا (یہ) پریشان

بَلْ قَالُوْٓا أَضْغَاثُ

أَحْلَامٍۭ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚۖ فَلْيَأْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ أُرْسِلَ الْأَوَّلُوْنَ ۝٥

أَحْلَامٍ	بَلِ	افْتَرٰىهُ	بَلْ هُوَ	شَاعِرٌ	فَلْيَأْتِنَا	بِاٰيَةٍ	كَمَا	أُرْسِلَ	الْأَوَّلُوْنَ
خواب	بلکہ	اسنے گھڑ لیا ہے	بلکہ وہ	ایک شاعر	پس وہ ہمارے پاس لائے	کوئی نشانی	جیسے	بھیجے گئے	پہلے

خواب ہیں بلکہ اسنے گھڑ لیا ہے، بلکہ وہ تو ایک شاعر ہے، پس وہ ہمارے پاس کوئی نشانی لائے جیسے پہلے (نبی نشانیاں دیکر) بھیجے گئے تھے۔

مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنٰهَا ۚ أَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ وَمَآ أَرْسَلْنَا

مَآ اٰمَنَتْ	قَبْلَهُمْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	أَهْلَكْنٰهَا	أَفَهُمْ	يُؤْمِنُوْنَ	وَمَا	أَرْسَلْنَا
نہ ایمان لائی	ان سے قبل	کوئی بستی	ہم نے اسے ہلاک کیا	اور کیا وہ (یہ)	ایمان لائیں گے	اور نہیں	بھیجے ہم نے

ان سے قبل کوئی بستی جس کو ہم نے ہلاک کیا (نشانیاں دیکھ کر بھی) ایمان نہیں لائی، تو کیا یہ ایمان لے آئیں گے؟ اور ہم نے (رسول) نہیں بھیجے

قَبْلَكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ إِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ

قَبْلَكَ	إِلَّا	رِجَالًا	نُّوْحِيْ	إِلَيْهِمْ	فَسْـَٔلُوْا	أَهْلَ الذِّكْرِ	إِنْ	كُنْتُمْ
تم سے پہلے	مگر	مرد	ہم وحی بھیجتے تھے	اُن کی طرف	پس پوچھ لو	یاد رکھنے والے	مگر	تم ہو

تم سے پہلے مگر مرد، ہم ان کی طرف وحی بھیجتے تھے، پس یاد رکھنے والوں سے پوچھ لو اگر تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٧ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا

لَا تَعْلَمُوْنَ	وَ	مَا جَعَلْنٰهُمْ	جَسَدًا	لَّا يَأْكُلُوْنَ	الطَّعَامَ	وَ	مَا كَانُوْا
تم نہیں جانتے	اور	ہم نے نہیں بنائے ان کے	ایسے جسم	نہ کھاتے ہوں	کھانا	اور	وہ نہ تھے

نہیں جانتے۔ اور ہم نے ان کے ایسے جسم نہیں بنائے کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں، اور وہ نہ تھے

خٰلِدِيْنَ ۝٨ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَأَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَأَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝٩

خٰلِدِيْنَ	ثُمَّ	صَدَقْنٰهُمُ	الْوَعْدَ	فَأَنْجَيْنٰهُمْ	وَ	مَنْ نَّشَآءُ	وَأَهْلَكْنَا	الْمُسْرِفِيْنَ
ہمیشہ رہنے والے	پھر	ہم نے سچا کر دیا ان سے	وعدہ	پس ہم نے بچا لیا انہیں	اور جس کو ہم نے چاہا		اور ہم نے ہلاک کر دیا	حد سے بڑھنے والے

ہمیشہ رہنے والے۔ پھر ہم نے ان سے اپنا وعدہ سچا کر دیا پس، ہم نے انہیں بچا لیا اور جس کو ہم نے چاہا، اور ہم نے حد سے بڑھنے والوں کو ہلاک کر دیا۔

١ ع ١٠ ١

لَقَدْ أَنْزَلْنَآ إِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝١٠ وَكَمْ قَصَمْنَا

لَقَدْ أَنْزَلْنَا	إِلَيْكُمْ	كِتٰبًا	فِيْهِ	ذِكْرُكُمْ	أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَ كَمْ قَصَمْنَا
تحقیق ہم نے نازل کی	تمہاری طرف	ایک کتاب	اس میں	تمہارا ذکر	تو کیا تم سمجھتے نہیں ؟	اور ہم نے کتنی ہلاک کر دیں

تحقیق ہم نے تمہاری طرف ایک کتاب نازل کی اس میں تمہارا ذکر ہے، تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے ہلاک کر دیں کتنی

مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَلَمَّآ

مِنْ	قَرْيَةٍ	كَانَتْ	ظَالِمَةً	وَّاَنْشَاْنَا	بَعْدَهَا	قَوْمًا	اٰخَرِيْنَ	فَلَمَّا
سے	بستیاں	وہ تھیں	ظالم	اور پیدا کئے ہم نے	ان کے بعد	گروہ۔لوگ	دوسرے	پھر جب

،سی بستیاں، کہ وہ ظالم تھیں، اور ہم نے ان کے بعد دوسرے گروہ (اور لوگ) پیدا کئے۔ پھر جب

اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ

اَحَسُّوْا	بَاْسَنَآ	اِذَا هُمْ	مِنْهَا	يَرْكُضُوْنَ	لَا تَرْكُضُوْا	وَارْجِعُوْٓا	اِلٰى	مَا
انہوں نے آہٹ پائی	ہمارا عذاب	اس وقت وہ	اس سے	بھاگنے لگے	تم مت بھاگو	اور لوٹ جاؤ	طرف	جو

انہوں نے ہمارے عذاب کی آہٹ پائی تو اس وقت اس سے بھاگنے لگے۔ تم مت بھاگو اور لوٹ جاؤ اس طرف

اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْــَٔلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴﴾

اُتْرِفْتُمْ	فِيْهِ	وَمَسٰكِنِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُسْــَٔلُوْنَ	قَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	اِنَّا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ
تم آسائش دیئے گئے	اس میں	اور اپنے گھر (جمع)	تاکہ تم	تمہاری پوچھ گچھ ہو	وہ کہنے لگے	ہائے ہماری شامت	ہم بیشک تھے	ظالم

جہاں تمہیں آسائش دی گئی تھی اور اپنے گھروں کی طرف تاکہ تمہاری پوچھ گچھ ہو۔ وہ کہنے لگے ہائے ہماری شامت! بیشک ہم ظالم تھے۔

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَمَا خَلَقْنَا

فَمَا زَالَتْ	تِلْكَ	دَعْوٰىهُمْ	حَتّٰى	جَعَلْنٰهُمْ	حَصِيْدًا	خٰمِدِيْنَ	وَ مَا خَلَقْنَا
پس رہی	یہ	ان کی پکار	یہاں تک کہ	ہم نے انہیں کر دیا	کٹی ہوئی کھیتی	بجھی ہوئی آگ	اور ہم نے نہیں پیدا کیا

پس (برابر) ان کی یہ پکار رہی، یہاں تک کہ ہم نے انہیں کٹی ہوئی کھیتی اور بجھی ہوئی آگ (کی طرح ڈھیر) کر دیا۔ اور ہم نے نہیں پیدا کیا

السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا

السَّمَآءَ	وَالْاَرْضَ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	لٰعِبِيْنَ	لَوْ اَرَدْنَا	اَنْ	نَّتَّخِذَ	لَهْوًا
آسمان	اور زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان	کھیلتے ہوئے	اگر ہم چاہتے	کہ	ہم بنائیں	کوئی کھلونا

آسمان کو اور زمین کو اور جو ان کے درمیان میں ہے کھیلتے ہوئے (فعل عبث)۔ اگر ہم کوئی کھلونا بنانا چاہتے

لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ

لَاتَّخَذْنٰهُ	مِنْ لَّدُنَّا	اِنْ كُنَّا	فٰعِلِيْنَ	بَلْ	نَقْذِفُ	بِالْحَقِّ
تو ہم اس کو بنا لیتے	اپنے پاس سے	اگر ہم ہوتے	کرنے والے	بلکہ	ہم پھینک مارتے ہیں	حق کو

تو ہم اس کو اپنے پاس سے بنا لیتے، اگر ہم کرنے والے ہوتے (اگر ہمیں یہ کرنا ہوتا)۔ بلکہ ہم پھینک مارتے ہیں حق کو

عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

عَلَى	الْبَاطِلِ	فَيَدْمَغُهٗ	فَإِذَا	هُوَ	زَاهِقٌ	وَلَكُمُ	الْوَيْلُ	مِمَّا	تَصِفُوْنَ
پر	باطل	پس اسکا بھیجا نکال دیتا ہے	تو اس وقت	وہ	نابود ہوجاتا ہے	اور تمہارے لئے	خرابی	اس سے جو	تم بناتے ہو

باطل پر پس وہ اس کا بھیجا (کچومر) نکال دیتا ہے تو وہ اسی وقت نیست نابود ہو جاتا ہے اور تمہارے لئے اس (بات) سے خرابی ہے جو تم بناتے ہو۔

وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۭ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ

وَلَهٗ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَنْ	عِنْدَهٗ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ	عَنْ
اور اسی کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین میں	اور جو	اس کے پاس	وہ تکبر (سرکشی) نہیں کرتے	سے

اور اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہے اور جو اس کے پاس ہیں وہ سرکشی نہیں کرتے

عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾

عِبَادَتِهٖ	وَ	لَا يَسْتَحْسِرُوْنَ	يُسَبِّحُوْنَ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	لَا يَفْتُرُوْنَ
اس کی عبادت	اور	نہ وہ تھکتے ہیں	وہ تسبیح کرتے ہیں	رات	اور دن	وہ سستی نہیں کرتے

اس کی عبادت سے اور نہ وہ تھکتے ہیں۔ اور رات دن تسبیح (اس کی پاکیزگی) بیان کرتے ہیں سستی نہیں کرتے۔

أَمِ اتَّخَذُوْا آلِهَةً مِّنَ الْأَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَا آلِهَةٌ

أَمِ	اتَّخَذُوْا	آلِهَةً	مِنَ الْأَرْضِ	هُمْ	يُنْشِرُوْنَ	لَوْ كَانَ	فِيْهِمَا	آلِهَةٌ
کیا	انہوں نے بنایا	کوئی معبود	زمین سے	وہ	انہیں اٹھا کھڑا کریں گے	اگر ہوتے	ان دونوں میں	اور معبود

کیا انہوں نے زمین سے کوئی اور معبود بنا لئے ہیں کہ وہ انہیں (مرنے کے بعد) دوبارہ اٹھا کھڑا کریں گے۔ اگر ان دونوں (آسمان و زمین) میں اور معبود ہوتے

إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا يُسْأَلُ

إِلَّا	اللّٰهُ	لَفَسَدَتَا	فَسُبْحٰنَ	اللّٰهِ	رَبِّ	الْعَرْشِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ	لَا يُسْأَلُ
سوائے	اللہ	البتہ دونوں درہم برہم ہوجاتے	پس پاک ہے	اللہ	رب	عرش	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	اس سے باز پرس نہیں کرتے

اللہ کے سوا تو البتہ (زمین و آسمان) درہم برہم ہو جاتے، پس عرش عظیم کا رب اللہ اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں وہ اس سے باز پرس نہیں کرتے

عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ أَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ آلِهَةً ۭ قُلْ هَاتُوْا

عَمَّا	يَفْعَلُ	وَهُمْ	يُسْأَلُوْنَ	أَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖ	آلِهَةً	قُلْ	هَاتُوْا
اس سے جو	وہ کرتا ہے	اور (بلکہ) وہ	باز پرس کئے جائیں گے	کیا	انہوں نے بنالئے ہیں	اللہ کے سوائے	اور معبود	فرمادیں	لاؤ (پیش کرو)

اس کے (متعلق) جو وہ کرتا ہے بلکہ وہ باز پرس کئے جائیں گے۔ کیا انہوں نے اس کے سوائے اور معبود بنا لئے ہیں؟ آپ فرما دیں، پیش کرو

بُرْهَانَكُمْ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

بُرْهَانَكُمْ	هٰذَا ذِكْرُ	مَنْ	مَّعِيَ	وَذِكْرُ	مَنْ قَبْلِيْ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
اپنی دلیل	یہ کتاب	جو	میرے ساتھ	اور کتاب	جو مجھ سے پہلے	بلکہ (البتہ)	ان میں اکثر	نہیں جانتے ہیں

اپنی دلیل، یہ کتاب ہے (ان کی) جو میرے ساتھ ہیں، اور کتاب (ان کی) جو مجھ سے پہلے ہوئے ہیں، البتہ ان میں اکثر نہیں جانتے

الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ

الْحَقَّ	فَهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	نُوْحِيْٓ
حق	پس وہ	روگردانی کرتے ہیں	اور	نہیں بھیجا ہم نے	تم سے پہلے	کوئی رسول	مگر	ہم نے وحی بھیجی

حق کو، پس وہ روگردانی کرتے ہیں۔ اور تم سے پہلے ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر ہم نے وحی بھیجی

اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿٢٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا

اِلَيْهِ	اَنَّهٗ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّآ اَنَا	فَاعْبُدُوْنِ	وَقَالُوا	اتَّخَذَ	الرَّحْمٰنُ	وَلَدًا
اس کی طرف	کہ بیشک وہ	نہیں	کوئی معبود	میرے سوا	پس میری عبادت کرو	اور انہوں نے کہا	بنایا	اللہ	ایک بیٹا

اس کی طرف کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری عبادت کرو۔ ان (مشرکوں) نے کہا اللہ نے ایک بیٹا بنا لیا ہے

سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾

سُبْحٰنَهٗ	بَلْ	عِبَادٌ	مُّكْرَمُوْنَ	لَا يَسْبِقُوْنَهٗ	بِالْقَوْلِ	وَهُمْ	بِاَمْرِهٖ	يَعْمَلُوْنَ
وہ پاک ہے	بلکہ	بندے	معزز	وہ اس سے سبقت نہیں کرتے	بات میں	اور وہ	اسکے حکم پر	عمل کرتے ہیں

وہ اس (تہمت) سے پاک ہے، بلکہ (فرشتے) معزز بندے ہیں۔ وہ بات میں اُس سے سبقت نہیں کرتے، اور وہ اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى

يَعْلَمُ	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ	مَا خَلْفَهُمْ	وَ	لَا يَشْفَعُوْنَ	اِلَّا	لِمَنِ	ارْتَضٰى
وہ جانتا ہے	جو	انکے ہاتھوں میں (سامنے)	اور	جو ان کے پیچھے	اور	وہ سفارش نہیں کرتے	مگر	جس کے لئے	اس کی رضا ہو

وہ جانتا ہے جو ان کے سامنے اور ان کے پیچھے ہے اور وہ سفارش نہیں کرتے، مگر جس کے لئے اس کی رضا ہو

وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿٢٨﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ

وَهُمْ	مِنْ خَشْيَتِهٖ	مُشْفِقُوْنَ	وَمَنْ	يَقُلْ	مِنْهُمْ	اِنِّيْٓ	اِلٰهٌ	مِنْ دُوْنِهٖ
اور وہ	اس کے خوف سے	ڈرتے رہتے ہیں	اور جو	کہے	ان میں سے	بیشک میں	معبود	اس کے سوا

اور وہ اس کے خوف سے ڈرتے رہتے ہیں ۔ اور ان میں سے جو کوئی یہ کہے کہ بے شک اس کے سوا میں معبود ہوں

فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝۲۹ۧ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ

فَذٰلِكَ	نَجْزِيْهِ	جَهَنَّمَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الظّٰلِمِيْنَ	اَ	وَ	لَمْ يَرَ	الَّذِيْنَ
پس وہ شخص	ہم اسے سزا دیں گے	جہنم	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ظالم (جمع)	کیا		نہیں دیکھا	وہ لوگ جو

پس اُس شخص کو ہم سزائے جہنم دیں گے، اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیتے ہیں ۔ کیا کافروں نے نہیں دیکھا

كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا

كَفَرُوْٓا	اَنَّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	كَانَتَا	رَتْقًا	فَفَتَقْنٰهُمَا	وَجَعَلْنَا
انہوں نے کفر کیا	کہ	آسمان (جمع)	اور زمین	دونوں تھے	بند	پس ہم نے دونوں کو کھول دیا	اور ہم نے کیا

کہ آسمان اور زمین دونوں (بارش اور روئیدگی سے) بند تھے، پس ہم نے دونوں کو کھول دیا، اور ہم نے

مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۳۰ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ

مِنَ الْمَاۗءِ	كُلَّ شَيْءٍ	حَيٍّ	اَ	فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	وَجَعَلْنَا	فِي الْاَرْضِ	رَوَاسِيَ
پانی سے	ہر شے	زندہ	کیا	پس وہ ایمان نہیں لاتے ہو	اور ہم نے بنائے	زمین میں	پہاڑ

پانی سے ہر شے کو زندہ کیا (زندگی بخشی) تو کیا (پھر بھی) وہ ایمان نہیں لاتے ؟ اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنائے

اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝۳۱ وَجَعَلْنَا

اَنْ	تَمِيْدَ بِهِمْ	وَجَعَلْنَا	فِيْهَا	فِجَاجًا	سُبُلًا	لَعَلَّهُمْ	يَهْتَدُوْنَ	وَجَعَلْنَا
کہ جھک نہ پڑے ان کے ساتھ		اور ہم نے بنائے	اس میں	کشادہ	راستے	تاکہ وہ	وہ راہ پائیں	اور ہم نے بنایا

تاکہ وہ ان (لوگوں) کے ساتھ جھک نہ پڑے، اور ہم نے اس میں کشادہ راستے بنائے تاکہ وہ راہ پائیں ۔ اور ہم نے بنایا

السَّمَاۗءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ښ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ۝۳۲ وَهُوَ الَّذِيْ

السَّمَاۗءَ	سَقْفًا	مَّحْفُوْظًا	وَهُمْ	عَنْ	اٰيٰتِهَا	مُعْرِضُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ
آسمان	ایک چھت	محفوظ	اور وہ	سے	اس کی نشانیاں	روگردانی کرتے ہیں	اور وہ	جس نے

آسمان ایک محفوظ چھت، اور وہ اس کی نشانیوں سے روگردانی کرتے ہیں ۔ اور وہی ہے جس نے

خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝۳۳

خَلَقَ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	وَالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	فِيْ فَلَكٍ	يَّسْبَحُوْنَ
پیدا کیا	رات	اور دن	اور سورج	اور چاند	سب	دائرہ (مدار) میں	تیر رہے ہیں

پیدا کیا رات اور دن کو، اور سورج اور چاند کو، سب (اپنے اپنے) مدار میں تیر رہے ہیں ۔

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَاۡئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝۳۴

وَ	مَا جَعَلْنَا	لِبَشَرٍ	مِّنْ	قَبْلِكَ	الْخُلْدَ	اَ	فَاۡئِنْ	مِّتَّ	فَهُمُ	الْخٰلِدُوْنَ
اور	ہم نے نہیں کیا	کسی بشر کے لئے	آپ سے قبل		ہمیشہ رہنا	کیا پس اگر		آپ نے انتقال کر لیا	پس وہ	ہمیشہ رہیں گے

اور ہم نے آپ سے پہلے کسی بشر کے لئے ہمیشہ رہنا نہیں (تجویز) کیا، پس اگر آپ انتقال کر گئے تو کیا وہ ہمیشہ رہیں گے ؟

كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا

كُلُّ نَفْسٍ	ذَاۗىِٕقَةُ	الْمَوْتِ	وَ	نَبْلُوْكُمْ	بِالشَّرِّ	وَالْخَيْرِ	فِتْنَةً	وَاِلَيْنَا
ہر جی	چکھنا	موت	اور	اور ہم تمہیں مبتلا کریں گے	برائی سے	اور بھلائی	آزمائش	اور ہماری ہی طرف

ہر جی (متنفس) کو موت (کا ذائقہ) چکھنا ہے، اور ہم تمہیں برائی اور بھلائی سے آزمائش میں مبتلا کریں گے، اور ہماری طرف ہی

تُرْجَعُوْنَ ۝۳۵ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا

تُرْجَعُوْنَ	وَاِذَا	رَاٰكَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اِنْ	يَّتَّخِذُوْنَكَ	اِلَّا	هُزُوًا	اَهٰذَا
تم لوٹ کر آؤ گے	اور جب	تمہیں دیکھتے ہیں	وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	نہیں	ٹھہراتے تمہیں	مگر صرف	ایک ہنسی مذاق	کیا یہ ہے

تم لوٹ کر آؤ گے۔ اور جب کافر تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہیں صرف ایک ہنسی مذاق ٹھہراتے ہیں، کہ کیا یہ ہے ؟

الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۳۶ خُلِقَ الْاِنْسَانُ

الَّذِيْ	يَذْكُرُ	اٰلِهَتَكُمْ	وَهُمْ	بِذِكْرِ	الرَّحْمٰنِ	هُمْ	كٰفِرُوْنَ	خُلِقَ	الْاِنْسَانُ
وہ جو	یاد کرتا ہے	تمہارے معبود	اور وہ	ذکر سے	رحمٰن (اللہ)	وہ	منکر (جمع)	پیدا کیا گیا	انسان

وہ جو تمہارے معبودوں کو (برائی سے) یاد کرتا ہے اور وہ اللہ کے ذکر سے منکر ہیں۔ انسان کو پیدا کیا گیا ہے

مِنْ عَجَلٍ ۭ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ۝۳۷ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

مِنْ	عَجَلٍ	سَاُورِيْكُمْ	اٰيٰتِيْ	فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ
سے	جلدی (جلد باز)	عنقریب میں دکھاتا ہوں تمہیں	اپنی نشانیاں	تم جلدی نہ کرو	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	وعدہ

جلد باز، عنقریب میں تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہوں سو تم جلدی نہ کرو۔ اور وہ کہتے ہیں کہ وعدہ (عذاب) کب (آئے گا) ؟

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۳۸ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	لَوْ يَعْلَمُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	حِيْنَ	لَا يَكُفُّوْنَ	عَنْ
اگر	تم ہو	سچے	کاش وہ جان لیتے	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	وہ گھڑی	وہ نہ روک سکیں گے	سے

اگر تم سچے ہو۔ کاش کافر اس گھڑی کو جان لیتے جب وہ نہ روک سکیں گے

وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۳۹﴾ بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً

وُجُوْهِهِمُ	النَّارَ	وَ لَا	عَنْ	ظُهُوْرِهِمْ	وَ	لَا هُمْ	يُنْصَرُوْنَ	بَلْ	تَاْتِيْهِمْ	بَغْتَةً
اپنے چہرے	آگ	اور نہ	سے	(کمر) پیٹھ (جمع)	اور	نہ وہ	مدد کئے جائیں گے	بلکہ	آئے گی ان پر	اچانک

(دوزخ کی) آگ کو اپنے چہروں سے اور نہ اپنی پیٹھوں سے اور نہ وہ مدد کئے جائیں گے۔ بلکہ (قیامت) ان پر اچانک آئے گی

فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ

فَتَبْهَتُهُمْ	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	رَدَّهَا	وَ	لَا هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	وَ	لَقَدِ اسْتُهْزِئَ
تو حیران کردے گی انہیں	پس نہ انہیں سکت ہوگی	اس کو لوٹانا	اور	نہ انہیں	مہلت دی جائے گی	اور	البتہ مذاق اڑائی گئی

تو وہ انہیں حیران (بدحواس) کردے گی، پس انہیں اس کو لوٹانے کی سکت نہ ہوگی اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ اور البتہ مذاق اڑائی گئی ع

بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾

ع ۳ / ۱۲ / ۳

بِرُسُلٍ	مِنْ قَبْلِكَ	فَحَاقَ	بِالَّذِيْنَ	سَخِرُوْا	مِنْهُمْ	مَا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ
رسولوں کی	آپ سے پہلے	آگھیرا (پکڑ لیا)	ان کو جنہوں نے	مذاق اڑایا	ان میں سے	جو	تھے	اسکے ساتھ (کا)	مذاق اڑاتے تھے

آپ سے پہلے رسولوں کی، پس ان میں سے جنہوں نے مذاق اڑایا انہیں اس (عذاب نے) آگھیرا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ

قُلْ	مَنْ	يَكْلَؤُكُمْ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	مِنَ الرَّحْمٰنِ	بَلْ هُمْ	عَنْ ذِكْرِ	رَبِّهِمْ
فرمادیں	کون	تمہاری نگہبانی کرتا ہے	رات میں	اور دن	رحمٰن سے	بلکہ وہ	یاد سے	اپنا رب

فرمادیں رحمٰن (کے عذاب) سے دن رات تمہاری کون نگہبانی کرتا ہے؟ بلکہ وہ اپنے رب کی یاد سے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ

مُعْرِضُوْنَ	اَمْ	لَهُمْ	اٰلِهَةٌ	تَمْنَعُهُمْ	مِنْ دُوْنِنَا	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	نَصْرَ
رُوگردانی کرتے ہیں	کیا	ان کے لئے	کچھ معبود	انہیں بچاتے ہیں	ہمارے سوا	وہ سکت نہیں رکھتے	مدد

رُوگردانی کرتے ہیں۔ کیا ہمارے سوا ان کے کچھ اور معبود ہیں؟ جو انہیں (مصائب سے) بچاتے ہیں، وہ سکت نہیں رکھتے

اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هٰۤؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

اَنْفُسِهِمْ	وَ	لَا هُمْ	مِنَّا	يُصْحَبُوْنَ	بَلْ	مَتَّعْنَا	هٰۤؤُلَآءِ	وَاٰبَآءَهُمْ	حَتّٰى
اپنے آپ	اور	نہ وہ	ہم سے	وہ ساتھی پائیں گے	بلکہ	ہم نے سازوسامان دیا	ان کو	اور ان کے باپ دادا	یہانتک کہ

اپنی مدد کی (بھی) اور نہ وہ ہم سے (بچانے کے لئے) ساتھی پائیں گے۔ بلکہ ہم نے ان کو اور ان کے باپ دادا کو سازوسامان دیا، یہانتک کہ

طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِى الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ

طَالَ	عَلَيْهِمُ	الْعُمُرُ	اَ فَلَا يَرَوْنَ	اَنَّا نَاْتِى	الْاَرْضَ	نَنْقُصُهَا	مِنْ	اَطْرَافِهَا
دراز ہوگئی	ان پر۔کی	عمر	کیا پس وہ نہیں دیکھتے	کہ ہم آرہے ہیں	زمین	اس کو گھٹاتے ہوئے	سے	اس کے کنارے (جمع)

ان کی عمر دراز ہوگئی ۔پس کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے (مسلکروں پر تنگ کرتے) آرہے ہیں ،

اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْىِ ۖ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ

اَفَهُمُ	الْغٰلِبُوْنَ	قُلْ	اِنَّمَا	اُنْذِرُكُمْ	بِالْوَحْىِ	وَ	لَا يَسْمَعُ	الصُّمُّ	الدُّعَآءَ
کیا پھر وہ	غالب آنے والے	فرمادیں	اسکے سوا نہیں کہ	میں تمہیں ڈراتا ہوں	وحی سے	اور	نہیں سنتے ہیں	بہرے	پکار

پھر کیا وہ غالب آنے والے ہیں آپؐ فرمادیں اس کے سوا نہیں کہ میں تمہیں وحی سے ڈراتا ہوں ، اور بہرے پکار نہیں سنتے

اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ

اِذَا	مَا	يُنْذَرُوْنَ	وَلَئِنْ	مَّسَّتْهُمْ	نَفْحَةٌ	مِنْ عَذَابِ	رَبِّكَ	لَيَقُوْلُنَّ
جب	بھی	انہیں ڈرایا جائے	اور اگر	انہیں چھوئے	ایک لپیٹ	عذاب سے	تیرا رب	وہ ضرور کہیں گے

جب بھی انہیں ڈرایا جائے ۔ اور اگر انہیں تیرے رب کے عذاب کی ایک لپیٹ چھوئے تو وہ ضرور کہیں گے

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ

يٰوَيْلَنَا	اِنَّا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	وَنَضَعُ	الْمَوَازِيْنَ	الْقِسْطَ	لِيَوْمِ	الْقِيٰمَةِ
ہائے ہماری شامت	بیشک ہم تھے	ظالم (جمع)	اور ہم رکھیں گے (قائم کرینگے)	ترازو۔میزان	انصاف	دن	قیامت

ہائے ہماری شامت ! بیشک ہم ظالم تھے ۔ اور ہم قیامت کے دن میزان عدل قائم کریں گے ،

فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ؕ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ

فَلَا تُظْلَمُ	نَفْسٌ	شَيْئًا	وَاِنْ	كَانَ	مِثْقَالَ	حَبَّةٍ	مِنْ خَرْدَلٍ	اَتَيْنَا بِهَا
تو نہ ظلم کیا جائے گا	کسی شخص پر	کچھ بھی	اور اگر	ہوگا	وزن ۔ برابر	ایک دانہ	رائی سے ۔ کا	ہم اسے لے آئیں گے

تو کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائے گا ۔ اور اگر (کوئی عمل) رائی کے ایک دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اسے لے آئیں گے ،

وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً

وَكَفٰى	بِنَا	حٰسِبِيْنَ	وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	الْفُرْقَانَ	وَضِيَآءً
اور کافی	ہم	حساب لینے والے	اور البتہ ہم نے عطا کی	موسیٰؑ	اور ہارونؑ	فرق کرنیوالی (کتاب)	اور روشنی

اور کافی ہیں ہم حساب لینے والے ۔ اور ہم نے موسیٰؑ اور ہارونؑ کو (حق و باطل میں) فرق کرنے والی (کتاب) اور روشنی عطا کی ،

وَذِكْرًا لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٤٨﴾ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ وَهُم مِّنَ السَّاعَةِ

وَ ذِكْرًا	لِلْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَيْبِ	وَ	هُمْ	مِنَ	السَّاعَةِ
اور نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے	جو لوگ	وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	بغیر دیکھے	اور وہ		سے	قیامت

اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت۔ جو لوگ اپنے رب سے بغیر دیکھے ڈرتے ہیں اور وہ قیامت سے

مُشْفِقُونَ ﴿٤٩﴾ وَهَٰذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ أَنزَلْنَاهُ ۚ أَفَأَنتُمْ لَهُ مُنكِرُونَ ﴿٥٠﴾

مُشْفِقُوْنَ	وَهٰذَا	ذِكْرٌ	مُبٰرَكٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اَفَاَنْتُمْ	لَهٗ	مُنْكِرُوْنَ
خوف کھاتے ہیں	اور یہ	نصیحت	بابرکت	ہم نے اسے نازل کیا	تو کیا تم	اس کے	منکر (جمع)

خوف کھاتے ہیں۔ اور یہ بابرکت نصیحت ہے (جو) ہم نے نازل کی ہے تو کیا تم اس کے منکر ہو!

وَلَقَدْ آتَيْنَا إِبْرَاهِيمَ رُشْدَهُ مِن قَبْلُ وَكُنَّا بِهِ عَالِمِينَ ﴿٥١﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ

وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	اِبْرٰهِيْمَ	رُشْدَهٗ	مِنْ قَبْلُ	وَكُنَّا	بِهٖ	عٰلِمِيْنَ	اِذْ قَالَ	لِاَبِيْهِ
اور	تحقیق البتہ ہم نے دی		ابراہیمؑ	ہدایت یابی (فہم سلیم)	اس سے قبل	اور ہم تھے	اس کے	جاننے والے	جب اس نے کہا	اپنے باپ سے

اور تحقیق البتہ ہم نے اس سے قبل ابراہیمؑ کو فہم سلیم دی تھی اور ہم اس کے جاننے والے تھے۔ جب اس نے کہا اپنے باپ سے

وَقَوْمِهِ مَا هَٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ ﴿٥٢﴾ قَالُوا وَجَدْنَا

وَقَوْمِهٖ	مَا هٰذِهِ	التَّمَاثِيْلُ	الَّتِيْٓ	اَنْتُمْ	لَهَا	عٰكِفُوْنَ	قَالُوْٓا	وَجَدْنَا
اور اپنی قوم	کیا ہیں یہ	مورتیاں	جو کہ	تم	ان کے لئے	جمے بیٹھے ہو	وہ بولے	ہم نے پایا

اور اپنی قوم سے، کیا ہیں یہ مورتیاں؟ جن کے لئے تم جمے بیٹھے ہو۔ وہ بولے ہم نے پایا

آبَاءَنَا لَهَا عَابِدِينَ ﴿٥٣﴾ قَالَ لَقَدْ كُنتُمْ أَنتُمْ وَآبَاؤُكُمْ فِي ضَلَالٍ

اٰبَآءَنَا	لَهَا	عٰبِدِيْنَ	قَالَ	لَقَدْ كُنْتُمْ	اَنْتُمْ	وَاٰبَآؤُكُمْ	فِيْ	ضَلٰلٍ
اپنے باپ دادا	ان کیلئے۔ کی	پوجا کرنے والے	اس نے کہا	تحقیق تم رہے	تم	اور تمہارے باپ دادا	گمراہی میں	

اپنے باپ دادا کو ان کی پوجا کرتے۔ اس (ابراہیمؑ) نے کہا تحقیق تم اور تمہارے باپ صریح گمراہی میں رہے

مُّبِينٍ ﴿٥٤﴾ قَالُوا أَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ أَمْ أَنتَ مِنَ اللَّاعِبِينَ ﴿٥٥﴾ قَالَ بَل رَّبُّكُمْ

مُبِيْنٍ	قَالُوْٓا	اَجِئْتَنَا	بِالْحَقِّ	اَمْ	اَنْتَ	مِنَ	اللّٰعِبِيْنَ	قَالَ	بَلْ	رَبُّكُمْ
صریح	وہ بولے	کیا تم لائے ہو ہمارے پاس	حق کو	یا	تم	سے	کھیلنے والے (دل لگی کرنیوالے)	اس نے کہا	بلکہ	تمہارا رب

وہ بولے کیا تم ہمارے پاس حق لائے ہو؟ یا دل لگی کرنے والوں میں سے ہو۔ اس نے کہا بلکہ تمہارا رب

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ

رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	الَّذِیْ	فَطَرَهُنَّ	وَاَنَا	عَلٰی ذٰلِكُمْ	مِّنَ
رب (مالک)	آسمان (جمع)	اور زمین	وہ جس نے	انہیں پیدا کیا	اور میں	اِس بات پر	سے

مالک ہے آسمانوں کا اور زمین کا، وہ جس نے اُنہیں پیدا کیا اور اس بات پر ہیں

الشّٰهِدِیْنَ ۝٥٦ وَتَاللّٰهِ لَاَكِیْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِیْنَ ۝٥٧

الشّٰهِدِیْنَ	وَتَاللّٰهِ	لَاَكِیْدَنَّ	اَصْنَامَكُمْ	بَعْدَ	اَنْ	تُوَلُّوْا	مُدْبِرِیْنَ
گواہ (جمع)	اور اللہ کی قسم	البتہ میں ضرور چال چلوں گا	تمہارے بت (جمع)	بعد	کہ	تم جاؤ گے	پیٹھ پھیر کر

گواہوں میں سے (گواہ) ہوں۔ اور اللہ کی قسم! البتہ میں تمہارے بتوں سے ضرور چال چلوں گا اس کے بعد جبکہ تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے۔

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِیْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ۝٥٨ قَالُوْا مَنْ

فَجَعَلَهُمْ	جُذٰذًا	اِلَّا	كَبِیْرًا	لَّهُمْ	لَعَلَّهُمْ	اِلَیْهِ	یَرْجِعُوْنَ	قَالُوْا	مَنْ
پس اس نے انہیں کر ڈالا	ریزہ ریزہ	سوائے	ایک بڑا	ان کا	تاکہ وہ	اس کی طرف	رجوع کریں	کہنے لگے	کون۔کس

پس اس نے ان کے ایک بڑے کے سوا سب کو ریزہ ریزہ کر ڈالا، تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں۔ کہنے لگے کون ہے

فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَاۤ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝٥٩ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى یَّذْكُرُهُمْ

فَعَلَ	هٰذَا	بِاٰلِهَتِنَا	اِنَّهٗ	لَمِنَ	الظّٰلِمِیْنَ	قَالُوْا	سَمِعْنَا	فَتًى	یَّذْكُرُهُمْ
کیا	یہ	ہمارے معبودوں کے ساتھ	بیشک وہ	البتہ۔سے	ظالم (جمع)	وہ بولے	ہم نے سنا ہے	ایک جوان	وہ انکے بارے میں باتیں کرتا ہے

جس نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ کیا؟ بیشک وہ تو ظالموں میں سے ہے۔ بولے ہم نے سُنا ہے ایک جوان ان (بتوں) کے بارے میں باتیں کرتا ہے،

یُقَالُ لَهٗۤ اِبْرٰهِیْمُ ۝٦٠ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰۤی اَعْیُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ

یُقَالُ	لَهٗ	اِبْرٰهِیْمُ	قَالُوْا	فَاْتُوْا	بِهٖ	عَلٰی	اَعْیُنِ	النَّاسِ	لَعَلَّهُمْ
کہا جاتا ہے	اس کو	ابراہیمؑ	بولے	تم لے آؤ	اسے	سامنے	آنکھیں	لوگ	تاکہ وہ

اس کو ابراہیمؑ کہا جاتا ہے۔ بولے تو اسے لوگوں کی آنکھوں کے سامنے لے آؤ تاکہ وہ

یَشْهَدُوْنَ ۝٦١ قَالُوْۤا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا یٰۤاِبْرٰهِیْمُ ۝٦٢ قَالَ بَلْ

یَشْهَدُوْنَ	قَالُوْا	ءَاَنْتَ	فَعَلْتَ	هٰذَا	بِاٰلِهَتِنَا	یٰۤاِبْرٰهِیْمُ	قَالَ	بَلْ
وہ دیکھیں	انہوں نے کہا	کیا تو	تو نے کیا	یہ	ہمارے معبودوں کے ساتھ	اے ابراہیمؑ	اس نے کہا	بلکہ

دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ اے ابراہیمؑ! کیا یہ تو نے ہمارے معبودوں کے ساتھ کیا ہے؟ اس نے کہا بلکہ

فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَرَجَعُوْٓا

فَعَلَهٗ	كَبِيْرُهُمْ	هٰذَا	فَسْـَٔلُوْهُمْ	اِنْ	كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ	فَرَجَعُوْا
اس نے کیا ہے	ان کا بڑا	یہ	تو ان سے پوچھ لو	اگر	وہ بولتے ہیں	پس وہ لوٹے (سوچ میں پڑ گئے)

یہ ان کے اس بڑے نے کیا ہے، تو ان (ہی) سے پوچھ لو اگر وہ بولتے ہیں ۔ پس وہ سوچ میں پڑ گئے

اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ

اِلٰى	اَنْفُسِهِمْ	فَقَالُوْا	اِنَّكُمْ	اَنْتُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	ثُمَّ نُكِسُوْا	عَلٰى رُءُوْسِهِمْ
طرف۔ میں	اپنے دل	پھر انہوں نے کہا	بیشک تم	تم ہی	ظالم (جمع)	پھر وہ اوندھے کئے گئے	اپنے سروں پر

اپنے دلوں میں، پھر انہوں نے کہا بیشک تم ہی ظالم ہو (ناحق پر ہو) پھر وہ اپنے سروں پر اوندھے کئے گئے (سروں کے بل جھک گئے)

لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

لَقَدْ عَلِمْتَ	مَا	هٰٓؤُلَآءِ	يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾	قَالَ	اَفَتَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مَا
تو خوب جانتا ہے	جو	یہ	بولتے ہیں	اس نے کہا	کیا پھر تم پرستش کرتے ہو	اللہ کے سوا	جو

تو خوب جانتا ہے، یہ جو کچھ بولتے ہیں ۔ اس نے کہا کیا تم پھر اللہ کے سوا ان کی پرستش کرتے ہو؟ جو

لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ

لَا يَنْفَعُكُمْ	شَيْـًٔا	وَ	لَا يَضُرُّكُمْ	اُفٍّ	لَكُمْ	وَلِمَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
نہ تمہیں نفع پہنچا سکیں	کچھ	اور	نہ نقصان پہنچا سکیں تمہیں	تف	تم پر	اور اس پر جسے	پرستش کرتے ہو تم	اللہ کے سوا

نہ تمہیں کچھ نفع پہنچا سکیں اور نہ نقصان پہنچا سکیں ۔ تف ہے تم پر! اور (ان بتوں پر) جن کی تم اللہ کے سوا پرستش کرتے ہو؟

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٦٨﴾

اَ	فَلَا تَعْقِلُوْنَ	قَالُوْا	حَرِّقُوْهُ	وَانْصُرُوْا	اٰلِهَتَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ
کیا	پھر تم نہیں سمجھتے	وہ کہنے لگے	تم اسے جلا ڈالو	اور تم مدد کرو	اپنے معبودوں کی	اگر	تم ہو کرنے والے (کچھ کرنا ہے)

کیا تم پھر (بھی) نہیں سمجھتے؟ وہ کہنے لگے تم اسے جلا ڈالو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو اگر تمہیں کچھ کرنا ہے ۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ

قُلْنَا	يٰنَارُ كُوْنِيْ	بَرْدًا	وَسَلٰمًا	عَلٰى	اِبْرٰهِيْمَ	وَ اَرَادُوْا	بِهٖ	كَيْدًا	فَجَعَلْنٰهُمُ
ہم نے حکم دیا	اے آگ تو ہو جا	ٹھنڈی	اور سلامتی	پر	ابراہیمؑ	اور انہوں نے ارادہ کیا	اسکے ساتھ	فریب	تو ہم نے انہیں کر دیا

ہم نے حکم دیا، اے آگ! تو ابراہیمؑ پر ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی ۔ اور انہوں نے اس کے ساتھ فریب کا ارادہ کیا تو ہم نے انہیں کر دیا

الْاَخْسَرِيْنَ ۝٧٠ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ۝٧١

الْاَخْسَرِيْنَ	وَنَجَّيْنٰهُ	وَلُوْطًا	اِلَى	الْاَرْضِ	الَّتِيْ	بٰرَكْنَا	فِيْهَا	لِلْعٰلَمِيْنَ
بہت خسارہ پانیوالے (زیاں کار)	اور ہم نے اسے بچا لیا	اور لوطؑ	طرف	سرزمین	وہ جس میں ہمنے برکت رکھی		اس میں	جہانوں کے لئے

انتہائی زیاں کار۔ اور ہم نے اسے اور لوطؑ کو اس سرزمین کی طرف (بھیج کر) بچا لیا، جس میں ہم نے جہانوں کے لئے برکت رکھی۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ۭ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ۝٧٢ وَ

وَوَهَبْنَا	لَهٗ	اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	نَافِلَةً	وَكُلًّا	جَعَلْنَا	صٰلِحِيْنَ	وَ
اور ہم نے عطا کیا	اس کو	اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	پوتا	اور سب	ہم نے بنایا	صالح (نیکوکار)	اور

اور اس کو عطا کیا اسحٰقؑ (بیٹا)، اور یعقوبؑ پوتا، اور ہم نے ان سب کو نیکوکار بنایا۔ اور

جَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَ

آسمان سے نازل ہوتا ہے، اور جو اس میں چڑھتا ہے، اور وہ مہربان ہے، بخشنے والا۔ اور کہتے ہیں

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِیْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰی وَرَبِّیْ لَتَاْتِیَنَّكُمْ عٰلِمِ الْغَیْبِ ۚ

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	لَا تَاْتِیْنَا	السَّاعَةُ	قُلْ	بَلٰی	وَرَبِّیْ	لَتَاْتِیَنَّكُمْ	عٰلِمِ	الْغَیْبِ
جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ہم پر نہیں آئے گی	قیامت	فرمادیں	ہاں	قسم میرے رب کی	البتہ تم پر ضرور آئے گی	جاننے والا	غیب

کافر کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی، آپ فرمادیں ہاں! میرے رب کی قسم! البتہ وہ تم پر ضرور آئے گی، اور وہ غیب کا جاننے والا ہے۔

لَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ وَلَاۤ اَصْغَرُ

لَا یَعْزُبُ	عَنْهُ	مِثْقَالُ ذَرَّةٍ	فِی السَّمٰوٰتِ	وَلَا	فِی الْاَرْضِ	وَلَا	اَصْغَرُ
پوشیدہ نہیں	اس سے	ایک ذرہ کے برابر	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں	اور نہ	چھوٹا

اس سے ایک ذرہ کے برابر بھی پوشیدہ نہیں، آسمانوں میں اور نہ زمین میں، اور نہ چھوٹا

مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝٣ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

مِنْ ذٰلِكَ	وَلَا	اَكْبَرُ	اِلَّا	فِيْ	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	لِّيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
اس سے	اور نہ	بڑا	مگر	ہیں	روشن کتاب	تاکہ جزا دے	ان لوگوں کو جو ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے

اس سے اور نہ بڑا مگر (سب کچھ) روشن کتاب میں ہے۔ تاکہ وہ ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝٤ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

الصّٰلِحٰتِ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	سَعَوْ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا
نیک	یہی لوگ	ان کے لئے	بخشش	اور عزت کی روزی	اور وہ لوگ جو	انہوں نے کوشش کی	ہماری آیتوں میں

نیک، یہی لوگ ہیں جن کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں کوشش کی

مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝٥ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

مُعٰجِزِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	مِّنْ	رِّجْزٍ اَلِيْمٌ	وَيَرَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ
ہرانے کے لئے	یہی لوگ	ان کے لئے	عذاب	سے	سخت دردناک	اور وہ دیکھتے ہیں	وہ لوگ جنہیں	دیا گیا	علم

ہرانے کے لئے، انہی لوگوں کے لئے سخت دردناک عذاب ہے۔ اور جنہیں علم دیا گیا وہ دیکھتے (جانتے) ہیں،

الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝٦

الَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	هُوَ الْحَقَّ	وَيَهْدِيْٓ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ
وہ جو کہ	نازل کیا گیا	تمہاری طرف	تمہارے رب کی طرف سے	وہ حق	اور وہ رہنمائی کرتا ہے	طرف	راستہ	غالب	سزاوار تعریف

کہ جو تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے وہ حق ہے اور (اللہ) غالب سزاوار تعریف کے راستہ کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ

وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	هَلْ	نَدُلُّكُمْ	عَلٰى	رَجُلٍ	يُّنَبِّئُكُمْ	اِذَا	مُزِّقْتُمْ	كُلَّ مُمَزَّقٍ
اور کہا (کہتے ہیں)	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کیا	ہم بتلائیں تمہیں	پر کا	ایسا آدمی	وہ خبر دیتا ہے تمہیں	جب	تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے	پوری طرح ریزہ ریزہ

اور کافر کہتے ہیں کیا ہم تمہیں ایسے آدمی کا (پتہ) بتائیں جو تمہیں خبر دیتا ہے کہ جب تم پوری طرح ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے،

اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝٧ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلِ

اِنَّكُمْ	لَفِيْ	خَلْقٍ جَدِيْدٍ	اَفْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اَمْ	بِهٖ	جِنَّةٌ	بَلِ
بیشک تم	البتہ میں	زندگی نئی	اس نے باندھا	اللہ پر	جھوٹ	یا	اسے	جنون	بلکہ

تو بیشک تم نئی زندگی میں (آؤ گے) اس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے یا اسے جنون (ہے)، (نہیں)، بلکہ

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ﴿٨﴾ اَفَلَمْ يَرَوْا

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	فِي الْعَذَابِ	وَالضَّلٰلِ	الْبَعِيْدِ	اَفَلَمْ يَرَوْا
وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر	عذاب میں	اور گمراہی	دُور	کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، وہ عذاب اور دُور کی (شدید) گمراہی میں ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟

اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ

اِلٰى	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	اِنْ نَّشَاْ
طرف	جو	ان کے آگے	اور جو	ان کے پیچھے	آسمان سے	اور زمین	اگر ہم چاہیں

اس کی طرف جو ان کے آگے اور اُن کے پیچھے ہے، یعنی آسمان اور زمین، اگر ہم چاہیں

نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

نَخْسِفْ بِهِمُ	الْاَرْضَ	اَوْ نُسْقِطْ	عَلَيْهِمْ	كِسَفًا	مِّنَ السَّمَآءِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً
انہیں دھنسا دیں ہم	زمین	یا گرا دیں	ان پر	ٹکڑا	آسمان سے	بیشک	اس میں	البتہ نشانی

تو ہم انہیں زمین میں دھنسا دیں، یا ان پر آسمان کا ٹکڑا گرا دیں، بیشک اس میں نشانی ہے

لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿٩﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ

لِّكُلِّ	عَبْدٍ	مُّنِيْبٍ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	دَاوٗدَ	مِنَّا	فَضْلًا	يٰجِبَالُ	اَوِّبِيْ	مَعَهٗ
لئے ہر	بندہ	رجوع کرنے والا	اور تحقیق ہم نے دیا	داؤدؑ	اپنی طرف سے	فضل	اے پہاڑو	تسبیح کرو	اس کے ساتھ

ہر رجوع کرنے والے بندہ کے لئے۔ اور تحقیق ہم نے داؤدؑ کو اپنی طرف سے فضل عطا کیا۔ اے پہاڑو! اس کے ساتھ تسبیح کرو

وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ﴿١٠﴾ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَ

وَالطَّيْرَ	وَاَلَنَّا	لَهُ	الْحَدِيْدَ	اَنِ	اعْمَلْ	سٰبِغٰتٍ	وَّقَدِّرْ	فِي السَّرْدِ	وَ
اور پرندو	اور ہم نے نرم کردیا	اسکے لئے	لوہا	کہ	بناؤ	کشادہ زرہیں	اور اندازہ رکھو	کڑیوں کے جوڑنے میں	اور

اور پرندو (تم بھی)۔ اور ہم نے اس کے لئے لوہے کو نرم کردیا۔ کہ کشادہ زرہیں بناؤ، اور کڑیوں کے جوڑنے میں اندازہ رکھو، اور

اعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿١١﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ

اعْمَلُوْا	صَالِحًا	اِنِّىْ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَلِسُلَيْمٰنَ	الرِّيْحَ	غُدُوُّهَا	شَهْرٌ
عمل کرو	اچھے	بیشک	تم جو کچھ کرتے ہو اس کو	دیکھ رہا ہوں	اور سلیمان کے لئے	ہوا	اسکی صبح کی منزل	ایک ماہ

اچھے عمل کرو، تم جو کچھ کرتے ہو بیشک میں اس کو دیکھ رہا ہوں۔ اور سلیمانؑ کے لئے ہوا (کو مسخر) کیا، اور اسکی صبح کی منزل ایک ماہ (کی راہ ہوتی)

وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ

وَرَوَاحُهَا	شَهْرٌ	وَاَسَلْنَا لَهٗ	عَيْنَ الْقِطْرِ	وَمِنَ	الْجِنِّ	مَنْ يَّعْمَلُ	بَيْنَ يَدَيْهِ
اور شام کی منزل	ایک ماہ	اور ہم نے بہایا اسکے لئے	تانبے کا چشمہ	اور سے	جن	وہ کام کرتے	اس کے سامنے

اور شام کی منزل ایک ماہ (کی راہ)، اور ہم نے اس کے لئے تانبے کا چشمہ بہایا، اور جنات میں سے (بعض) اس کے سامنے کام کرتے تھے

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾

بِاِذْنِ	رَبِّهٖ	وَمَنْ	يَّزِغْ	مِنْهُمْ	عَنْ اَمْرِنَا	نُذِقْهُ	مِنْ	عَذَابِ	السَّعِيْرِ
اذن (حکم) سے	اسکے رب کے	اور جو	کجی کریگا	ان میں سے	ہمارے حکم سے	ہم اس کو چکھائیں گے	سے کا	عذاب	آگ (دوزخ)

اس کے رب کے حکم سے، اور ان میں سے جو ہمارے حکم سے کجی کرے گا ہم اسے دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَ

يَعْمَلُوْنَ	لَهٗ	مَا يَشَآءُ	مِنْ	مَّحَارِيْبَ	وَتَمَاثِيْلَ	وَجِفَانٍ	كَالْجَوَابِ	وَ
وہ بناتے	اس کے لئے	جو وہ چاہتے	سے	بڑی عمارتیں (قلعے)	اور تصویریں	اور لگن	حوض جیسے	اور

وہ (جنات)، جو وہ (سلیمانؑ) چاہتے وہ اس کے لئے قلعے بنانے، اور تصویریں (مورتیاں) اور حوض جیسے لگن، اور

قُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾

قُدُوْرٍ	رّٰسِيٰتٍ	اِعْمَلُوْٓا	اٰلَ دَاوٗدَ	شُكْرًا	وَقَلِيْلٌ	مِّنْ	عِبَادِيَ	الشَّكُوْرُ
دیگیں	ایک جگہ جمی ہوئی	تم عمل کرو	اے خاندان داؤد	شکر بجا لاکر	اور تھوڑے	سے	میرے بندے	شکر گزار

ایک جگہ جمی ہوئی دیگیں، اے خاندان داؤد! تم شکر بجا لاکر عمل کرو، اور میرے بندوں میں شکر گزار تھوڑے ہیں۔

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ

فَلَمَّا	قَضَيْنَا	عَلَيْهِ	الْمَوْتَ	مَا دَلَّهُمْ	عَلٰى مَوْتِهٖٓ	اِلَّا	دَآبَّةُ	الْاَرْضِ
پھر جب ہم نے	حکم جاری کیا	اس پر	موت	انہیں پتہ نہ دیا	اس کی موت کا	مگر	گھن	کا کیڑا

پھر جب ہم نے اس کی موت کا حکم جاری کیا، انہیں (جنوں کو) اس کی موت کا پتہ نہ دیا مگر گھن کی طرح کیڑے (دیمک) نے

تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا

تَاْكُلُ	مِنْسَاَتَهٗ	فَلَمَّا	خَرَّ	تَبَيَّنَتِ	الْجِنُّ	اَنْ	لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	الْغَيْبَ	مَا لَبِثُوْا
وہ کھاتا تھا	اس کا عصا	پھر جب	وہ گر پڑا	حقیقت کھلی	جنّ	اگر	وہ جانتے ہوتے	غیب	وہ نہ رہتے

وہ اس کا عصا کھاتا تھا، پھر جب وہ گر پڑا تو جنوں پر حقیقت کھلی، اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو وہ نہ رہتے

فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ

فِي	الْعَذَابِ	الْمُهِيْنِ	لَقَدْ كَانَ	لِسَبَاٍ	فِيْ	مَسْكَنِهِمْ	اٰيَةٌ	جَنَّتٰنِ	عَنْ يَّمِيْنٍ
میں	عذاب	ذلت	البتہ تھی	(قوم) سبا کیلئے	میں	اُن کی آبادی	ایک نشانی	دو باغ	دائیں سے

ذلت کے عذاب ہیں۔ البتہ قوم سبا کے لئے ان کی آبادی میں نشانی تھی ، دو باغ دائیں

وَّشِمَالٍ ۬ؕ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ

وَشِمَالٍ	كُلُوْا	مِنْ	رِزْقِ رَبِّكُمْ	وَاشْكُرُوْا	لَهٗ	بَلْدَةٌ	طَيِّبَةٌ	وَرَبٌّ
اور بائیں	تم کھاؤ	سے	اپنے رب کے رزق	اور شکر ادا کرو	اس کا	شہر	پاکیزہ	اور پروردگار

اور بائیں، (ہم نے کہدیا کہ) تم اپنے پروردگار کے رزق سے کھاؤ، اور اس کا شکر ادا کرو، شہر ہے پاکیزہ ، اور پروردگار ہے

غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ

غَفُوْرٌ	فَاَعْرَضُوْا	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	سَيْلَ الْعَرِمِ	وَبَدَّلْنٰهُمْ	بِجَنَّتَيْهِمْ	جَنَّتَيْنِ
بخشنے والا	پھر انہوں نے منہ موڑ لیا	تو ہم نے بھیجا	ان پر	سیلاب بند (سے رکا ہوا)	اور ہم نے انہیں بدل دیئے	انکے دو باغوں کے بدلے	دو باغ

بخشنے والا۔ پھر انہوں نے منہ موڑ لیا تو ہم نے ان پر (بند توڑ کر) زور کا سیلاب بھیجا اور اُن دو باغوں کے بدلے (اور) دو باغ دیئے

ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا

ذَوَاتَيْ	اُكُلٍ	خَمْطٍ	وَاَثْلٍ	وَشَيْءٍ	مِنْ سِدْرٍ	قَلِيْلٍ	ذٰلِكَ	جَزَيْنٰهُمْ	بِمَا
والے	میوہ	بدمزہ	اور جھاڑ	اور کچھ	بیریاں	تھوڑی	یہ	ہم نے انکو سزا دی	اسکے سبب جو

بدمزہ میوہ والے اور اور کچھ جھاڑ ، اور تھوڑی سی بیریاں ۔ یہ ہم نے انہیں سزا دی اس لئے کہ

كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ

كَفَرُوْا	وَهَلْ	نُجٰزِيْ	اِلَّا	الْكَفُوْرَ	وَجَعَلْنَا	بَيْنَهُمْ	وَبَيْنَ	الْقُرَى	الَّتِيْ
انہوں نے ناشکری کی	اور نہیں	ہم سزا دیتے	مگر صرف	ناشکرا	اور ہم نے (آباد) کر دیئے	انکے درمیان	اور درمیان	بستیاں	وہ جنہیں

انہوں نے ناشکری کی اور ہم صرف ناشکرے کو سزا دیتے ہیں۔ اور ہم نے آباد کر دیں ان کے درمیان اور (شام) کی ان بستیوں کے درمیان جنہیں

بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا

بٰرَكْنَا	فِيْهَا	قُرًى	ظَاهِرَةً	وَقَدَّرْنَا	فِيْهَا السَّيْرَ	سِيْرُوْا	فِيْهَا	لَيَالِيَ	وَاَيَّامًا
ہم نے برکت دی	اس میں	بستیاں	ایکدوسرے سے متصل	اور ہم نے مقرر کر دیا	ان میں آمدورفت	تم چلو (پھرو)	ان میں	راتوں	اور دنوں

ہم نے برکت دی ہے، ایک دوسرے سے متصل بستیاں ، اور ہم نے ان میں آمدورفت مقرر کر دی، تم ان میں چلو پھرو، راتوں اور دنوں

اٰمِنِیْنَ ۝۱۸ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَیْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ

اٰمِنِیْنَ	فَقَالُوْا	رَبَّنَا	بٰعِدْ	بَیْنَ اَسْفَارِنَا	وَظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَجَعَلْنٰهُمْ
امن سے (بے خوف وخطر)	وہ کہنے لگے	اے ہمارے رب	دُوری پیدا کردے	ہمارے سفروں کے درمیان	اور انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	تو ہم نے بنا دیا انہیں

بے خوف وخطر۔ وہ کہنے لگے اے ہمارے پروردگار! ہمارے سفروں کے درمیان دُوری پیدا کردے، اور انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تو ہم نے انہیں بنا دیا

اَحَادِیْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝۱۹

اَحَادِیْثَ	وَمَزَّقْنٰهُمْ	كُلَّ مُمَزَّقٍ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِّكُلِّ صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ
افسانے	اور ہم نے انہیں پراگندہ کردیا	پوری طرح پراگندہ	بیشک	اس میں	نشانیاں	ہر بڑے صبر کرنے والے	شکر گزار

افسانے اور ہم نے انہیں پوری پوری طرح پراگندہ کردیا، بیشک اس میں ہر بڑے صبر کرنے والے شکر گزار کے لئے نشانیاں ہیں۔

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَیْهِمْ اِبْلِیْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِیْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝۲۰

وَلَقَدْ	صَدَّقَ	عَلَیْهِمْ	اِبْلِیْسُ	ظَنَّهٗ	فَاتَّبَعُوْهُ	اِلَّا	فَرِیْقًا	مِنَ	الْمُؤْمِنِیْنَ
اور البتہ	سچ کر دکھایا	اُن پر	ابلیس	اپنا گمان	پس انہوں نے اسکی پیروی کی	سوائے	ایک گروہ	سے۔کا	مومن (جمع)

اور البتہ ابلیس نے ان پر اپنا گمان سچ کر دکھایا، پس مومنوں کے ایک گروہ کے سوا انہوں نے اس کی پیروی کی۔

وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَیْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ یُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ

وَمَا كَانَ	لَهٗ	عَلَیْهِمْ	مِنْ سُلْطٰنٍ	اِلَّا	لِنَعْلَمَ	مَنْ یُّؤْمِنُ	بِالْاٰخِرَةِ	مِمَّنْ
اور نہ تھا	اسے (ابلیس کو)	ان پر	کوئی غلبہ	مگر	تاکہ ہم معلوم کرلیں	جو ایمان رکھتا ہے	آخرت پر	اس سے جو

اور ابلیس کو ان پر کوئی غلبہ نہ تھا مگر (ہم چاہتے تھے) کہ جو آخرت پر ایمان رکھتا ہے اس سے (جدا کرکے) معلوم کرلیں

هُوَ مِنْهَا فِیْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ۝۲۱ قُلِ ادْعُوا الَّذِیْنَ

هُوَ	مِنْهَا	فِیْ شَكٍّ	وَرَبُّكَ	عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ	حَفِیْظٌ	قُلِ	ادْعُوا	الَّذِیْنَ
وہ	اس سے	شک میں	اور تیرا رب	پر	ہر شے	نگہبان	فرمادیں	پکارو	ان کو جنہیں

جو اس (کے بارے میں) شک میں ہے، اور تیرا رب ہر شے پر نگہبان ہے۔ آپؐ فرمادیں، انہیں پکارو جنہیں

زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا یَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ

زَعَمْتُمْ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	لَا یَمْلِكُوْنَ	مِثْقَالَ ذَرَّةٍ	فِی السَّمٰوٰتِ	وَلَا	فِی الْاَرْضِ
گمان کرتے ہو	اللہ کے سوا	وہ مالک نہیں ہیں	ایک ذرہ کے برابر	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں

تم اللہ کے سوا (معبود) گمان کرتے ہو، وہ (تو) ایک ذرہ کے برابر بھی مالک نہیں (اختیار نہیں رکھتے) آسمانوں میں اور نہ زمین میں

وَمَا لَهُمْ فِيهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ

وَمَا	لَهُمْ	فِيهِمَا مِنْ شِرْكٍ	وَمَا لَهٗ	مِنْهُمْ	مِنْ ظَهِيرٍ	وَلَا تَنْفَعُ	الشَّفَاعَةُ
اور نہیں	ان کا	ان (آسمان وزمین) میں کوئی ساجھا	اور نہیں (اللہ) کا	ان میں سے	کوئی مددگار	اور نفع نہیں دیتی	شفاعت

اور نہ (آسمان وزمین میں) ان کا کوئی ساجھا ہے اور نہ ان میں سے کوئی (اللہ کا) مددگار ہے۔ اور شفاعت (سفارش) نفع نہیں دیتی

عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالُوا مَاذَا ۙ قَالَ

عِنْدَهٗ	اِلَّا	لِمَنْ اَذِنَ	لَهٗ	حَتّٰى	اِذَا	فُزِّعَ	عَنْ قُلُوبِهِمْ	قَالُوا	مَاذَا	قَالَ
اس کے پاس	سوائے	جسے وہ اجازت دے	اس کو	یہاں تک	جب	دُور کردی جاتی ہے	ان کے دلوں سے	کہتے ہیں	کیا	کہا

اس کے پاس سوائے اس کے جسے وہ اجازت دیدے، یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے دگھبراہٹ، دُور کر دی جاتی ہے تو کہتے ہیں کیا کہا ہے

رَبُّكُمْ ؕ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿۲۳﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَ

رَبُّكُمْ	قَالُوا	الْحَقَّ	وَهُوَ	الْعَلِيُّ	الْكَبِيرُ	قُلْ	مَنْ	يَرْزُقُكُمْ	مِنَ السَّمٰوٰتِ	وَ
تمہارے رب نے	وہ کہتے ہیں	حق	اور وہ	بلند مرتبہ	بزرگ قدر	فرمادیں	کون	تمہیں رزق دیتا ہے	آسمانوں سے	اور

تمہارے رب نے، وہ (فرشتے) کہتے ہیں حق (فرمایا ہے) اور وہ بلند مرتبہ بزرگ قدر ہے۔ آپؐ فرمادیں کون تمہیں روزی دیتا ہے آسمانوں سے اور

الْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ ﴿۲۴﴾

الْاَرْضِ	قُلِ	اللّٰهُ	وَاِنَّا	اَوْ	اِيَّاكُمْ	لَعَلٰى هُدًى	اَوْ	فِي ضَلٰلٍ	مُبِينٍ
زمین	فرمادیں	اللہ	اور بیشک ہم	یا	تم ہی	البتہ ہدایت پر	یا	گمراہی میں	کھُلی

زمین سے، فرمادیں "اللہ"۔ بیشک ہم یا تم ہی (دونوں میں سے ایک) البتہ ہدایت پر ہے یا کھُلی گمراہی میں ہے۔

قُلْ لَّا تُسْئَلُونَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْئَلُ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۲۵﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا

قُلْ	لَا تُسْئَلُونَ	عَمَّا	اَجْرَمْنَا	وَلَا نُسْئَلُ	عَمَّا	تَعْمَلُونَ	قُلْ	يَجْمَعُ	بَيْنَنَا
فرمادیں	تم سے نہ پوچھا جائے گا	اسکی بابت	جو ہم نے گناہ کیا	اور نہ ہم سے پوچھا جائے گا	اسکی بابت	جو تم کرتے ہو	فرمادیں آپؐ	وہ جمع کریگا	ہم سب کو

آپؐ فرمادیں (اگر ہم مجرم ہیں تو) تم سے اس گناہ کی بابت نہ پوچھا جائے گا جو ہم نے کیا، نہ ہم سے اس بات پوچھا جائے گا جو تم کرتے ہو فرمادیں ہم سب کو جمع کریگا

رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ ﴿۲۶﴾ قُلْ اَرُونِيَ الَّذِينَ اَلْحَقْتُمْ

رَبُّنَا	ثُمَّ	يَفْتَحُ	بَيْنَنَا	بِالْحَقِّ	وَهُوَ	الْفَتَّاحُ	الْعَلِيمُ	قُلْ	اَرُونِيَ	الَّذِينَ	اَلْحَقْتُمْ
ہمارا رب	پھر	فیصلہ کرے گا	ہمارے درمیان	ٹھیک ٹھیک	اور وہ	فیصلہ کرنے والا	جاننے والا	فرمادیں	مجھے دکھاؤ	وہ جنہیں	تم نے ساتھ ملا دیا ہے

ہمارا رب، پھر ہمارے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کرے گا اور وہ فیصلہ کرنیوالا، جاننے والا ہے۔ آپؐ فرمادیں مجھے دکھاؤ جنہیں تم نے ساتھ ملا یا ہے،

بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٧﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ

بِهٖ	شُرَكَآءَ	كَلَّا	بَلْ	هُوَ اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَمَا	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	كَآفَّةً لِّلنَّاسِ
اس کے ساتھ	شریک	ہرگز نہیں	بلکہ	وہ اللہ	غالب	حکمت والا	اور نہیں	آپ کو بھیجا ہم نے	مگر	تمام لوگوں (نوع انسانی) کے لئے

اس کے ساتھ شریک (ٹھہرا کر) ہرگز نہیں بلکہ اللہ ہی غالب، حکمت والا ہے۔ اور ہم نے آپ کو بھیجا ہے تمام نوع انسانی کے لئے

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٨﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

بَشِيْرًا	وَنَذِيْرًا	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا الْوَعْدُ
خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں جانتے	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ وعدہ (قیامت)

خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدۂ قیامت کب (آئے گا)

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٩﴾ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلْ	لَكُمْ	مِيْعَادُ	يَوْمٍ	لَا تَسْتَاْخِرُوْنَ	عَنْهُ	سَاعَةً	وَلَا
اگر	تم ہو	سچے	فرمادیں	تمہارے لئے	وعدہ	ایک دن	نہ تم پیچھے ہٹ سکتے ہو	اس سے	ایک گھڑی	اور نہ

اگر تم سچے ہو۔ آپ فرما دیں تمہارے لئے وعدہ کا ایک دن (معین) ہے، اس سے تم نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹ سکتے ہو، اور نہ

٣٣ ع ٩ ٩ النصف

تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ

تَسْتَقْدِمُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَنْ نُّؤْمِنَ	بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ	وَلَا	بِالَّذِيْ
تم آگے بڑھ سکتے ہو	اور کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ہم ہرگز ایمان نہ لائیں گے	اس قرآن پر	اور نہ	اس پر جو

تم آگے بڑھ سکتے ہو۔ اور کافر کہتے ہیں ہم ہرگز اس قرآن پر ایمان نہ لائیں گے، اور نہ ان (کتابوں) پر جو

بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖۚ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ

بَيْنَ يَدَيْهِ	وَلَوْ تَرٰى	اِذِ	الظّٰلِمُوْنَ	مَوْقُوْفُوْنَ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	يَرْجِعُ	بَعْضُهُمْ
اس سے پہلے	اور کاش تم دیکھو	جب	ظالم (جمع)	کھڑے کئے جائیں گے	اپنے رب کے سامنے	لوٹائے گا (رد کریگا)	ان میں سے ایک

اس سے پہلے تھیں، اور کاش (تم دیکھو) جب یہ ظالم اپنے رب کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے وہ رد کرے گا ان میں سے ایک

اِلٰى بَعْضِ ۨ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ

اِلٰى	بَعْضِ	الْقَوْلَ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	لَوْ لَا اَنْتُمْ
طرف	دوسرے	بات	کہیں گے	جو کمزور کئے گئے (ناتوان)	ان لوگوں کو جو	تکبر کرتے تھے (بڑے لوگ)	اگر نہ تم ہوتے

دوسرے کی بات، ناتواں لوگ بڑے لوگوں سے کہیں گے اگر تم نہ ہوتے

لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ

لَكُنَّا	مُؤْمِنِيْنَ	قَالَ	الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا	لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا	اَنَحْنُ
ضرور ہم ہوتے	ایمان لانے والے	کہیں گے	جو لوگ تکبر کرتے تھے (بڑے لوگ)	ان سے جو کمزور کئے گئے (ناتواں)	کیا ہم

تو ہم ضرور ایمان لانے والے ہوتے۔ اور بڑے لوگ ناتواں لوگوں سے کہیں گے، کیا ہم نے

صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

صَدَدْنٰكُمْ	عَنِ	الْهُدٰى	بَعْدَ	اِذْ جَآءَكُمْ	بَلْ	كُنْتُمْ	مُّجْرِمِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ
ہم نے روکا تمہیں	سے	ہدایت	اس کے بعد	جب آگئی تمہارے پاس	بلکہ	تم تھے	مجرم (جمع)	اور کہیں گے	وہ لوگ جو

نے تمہیں ہدایت سے روکا ؟ جبکہ وہ تمہارے پاس آئی (نہیں) بلکہ تم (خود) مجرم تھے۔ اور کہیں گے

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ

اسْتُضْعِفُوْا	لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا	بَلْ	مَكْرُ	الَّيْلِ وَالنَّهَارِ	اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ	اَنْ نَّكْفُرَ	بِاللّٰهِ
کمزور کئے گئے (ناتواں)	ان لوگوں سے جو تکبر کرتے تھے (بڑے)	بلکہ	چال	رات اور دن	جب تم حکم دیتے تھے ہمیں	کہ ہم انکار کریں	اللہ کا

ناتواں بڑے لوگوں کو (نہیں) بلکہ (ہمیں روک رکھا تھا) (تمہاری) دن رات کی چالوں نے، جب تم ہمیں حکم دیتے تھے کہ ہم اللہ کا انکار کریں

وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ

وَنَجْعَلَ	لَهٗ	اَنْدَادًا	وَاَسَرُّوا	النَّدَامَةَ	لَمَّا رَاَوُا	الْعَذَابَ	وَجَعَلْنَا	الْاَغْلٰلَ
اور ہم ٹھہرائیں	اس کے لئے	شریک (جمع)	اور وہ چھپائیں گے	شرمندگی	جب وہ دیکھیں گے	عذاب	اور ہم ڈالیں گے	طوق

اور ہم اس کے لئے شریک ٹھہرائیں، اور جب وہ عذاب دیکھیں گے تو شرمندگی چھپائیں گے، اور ہم طوق ڈالیں گے

فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

فِيْٓ اَعْنَاقِ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	هَلْ يُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَمَآ اَرْسَلْنَا
گردنوں میں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	وہ سزا نہ دیئے جائیں گے	مگر	جو	وہ کرتے تھے	اور ہم نے نہیں بھیجا

کافروں کی گردنوں میں، اور وہ (وہی) سزا پائیں گے جو وہ کرتے تھے۔ اور ہم نے نہیں بھیجا

فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٤﴾

فِيْ قَرْيَةٍ	مِّنْ نَّذِيْرٍ	اِلَّا	قَالَ	مُتْرَفُوْهَآ	اِنَّا	بِمَآ اُرْسِلْتُمْ	بِهٖ	كٰفِرُوْنَ
کسی بستی میں	کوئی ڈرانے والا	مگر	کہا	اس کے خوشحال لوگ	بیشک ہم	تم جو دے کر بھیجے گئے ہو	اس کے	منکر ہیں

کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا، مگر اس کے خوشحال لوگوں نے کہا تم جو (ہدایت) دے کر بھیجے گئے ہو، ہم اس کے منکر ہیں۔

وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ ﴿۳۵﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّیْ

وَقَالُوْا	نَحْنُ	اَكْثَرُ	اَمْوَالًا	وَّاَوْلَادًا	وَّمَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِیْنَ	قُلْ	اِنَّ	رَبِّیْ
اور انہوں نے کہا	ہم	زیادہ	مال میں	اور اولاد میں	اور نہیں	ہم	عذاب دیئے جانے والے	فرمادیں	بیشک	میرا رب

اور انہوں نے کہا ہم مال اور اولاد میں زیادہ (بڑھ کر) ہیں، اور ہم عذاب دیئے جانے والے نہیں (ہمیں عذاب نہ ہوگا) - آپ فرمادیں بیشک میرا رب

یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَمَآ

یَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ یَّشَآءُ	وَیَقْدِرُ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا یَعْلَمُوْنَ	وَمَآ
وسیع فرماتا ہے	رزق	جس کے لئے وہ چاہتا ہے	اور تنگ کر دیتا ہے	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں جانتے	اور نہیں

جس کے لئے چاہتا ہے رزق وسیع فرماتا ہے (اور جس کے لئے چاہے) وہ تنگ کر دیتا ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے - اور نہیں

اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِیْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓی اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَ

اَمْوَالُكُمْ	وَلَآ	اَوْلَادُكُمْ	بِالَّتِیْ	تُقَرِّبُكُمْ	عِنْدَنَا	زُلْفٰٓی	اِلَّا	مَنْ	اٰمَنَ	وَ
تمہارے مال	اور نہ	تمہاری اولاد	وہ جو کہ	تمہیں نزدیک کردے	ہمارے نزدیک	درجہ	مگر	جو	ایمان لایا	اور

تمہارے مال اور اولاد (ایسے) جو تمہیں درجہ میں ہمارے نزدیک کر دیں، مگر جو ایمان لایا، اور

عَمِلَ صَالِحًا ۡ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِی الْغُرُفٰتِ

عَمِلَ صَالِحًا	فَاُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	جَزَآءُ	الضِّعْفِ	بِمَا عَمِلُوْا	وَهُمْ	فِی الْغُرُفٰتِ
اس نے اچھے عمل کئے	یہی لوگ	ان کے لئے	جزا	دوگنی	اس کے بدلے جو انہوں نے کیا	اور وہ	بالا خانوں میں

اس نے اچھے عمل کئے تو ان ہی لوگوں کے لئے دوگنی جزا ہے اس کے بدلے جو انہوں نے کیا، اور وہ بالا خانوں میں

اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِیْنَ یَسْعَوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓئِكَ فِی الْعَذَابِ

اٰمِنُوْنَ	وَالَّذِیْنَ	یَسْعَوْنَ	فِیْٓ اٰیٰتِنَا	مُعٰجِزِیْنَ	اُولٰٓئِكَ	فِی الْعَذَابِ
امن سے ہوں گے	اور جو لوگ	کوشش کرتے ہیں	ہماری آیتوں میں	عاجز کرنے (ہرانے) والے	یہی لوگ	عذاب میں

امن سے ہوں گے۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں میں ہرانے کی کوشش کرتے ہیں، یہی لوگ عذاب میں

مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَیَقْدِرُ لَهٗ ؕ

مُحْضَرُوْنَ	قُلْ	اِنَّ	رَبِّیْ	یَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ یَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَیَقْدِرُ	لَهٗ
حاضر کئے جائیں گے	فرمادیں	بیشک	میرا رب	وسیع فرماتا ہے	رزق	جس کے لئے وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے	اور تنگ کر دیتا ہے	اس کے لئے

حاضر کئے جائیں گے۔ آپ فرمادیں میرا رب اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے رزق وسیع فرماتا ہے۔ (اور جس کے لئے چاہے) تنگ کر دیتا ہے،

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ

وَمَا	اَنْفَقْتُمْ	مِنْ شَيْءٍ	فَهُوَ	يُخْلِفُهٗ	وَهُوَ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ
اور جو	تم خرچ کرو گے	کوئی شے	تو وہ	اس کا عوض دیگا	اور وہ	بہترین	رزق دینے والا	اور جس دن	وہ جمع کرے گا ان کو

اور کوئی شے جو تم خرچ کرو گے تو وہ اس کا عوض دے گا، اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ اور جس دن وہ جمع کرے گا، ان

جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

جَمِيْعًا	ثُمَّ يَقُوْلُ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اَهٰٓؤُلَآءِ	اِيَّاكُمْ	كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ	قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ
سب	پھر فرمائے گا	فرشتوں کو	کیا یہ لوگ	تمہاری ہی	پرستش کرتے تھے	وہ کہیں گے	تو پاک ہے

سب کو، پھر فرشتوں سے فرمائے گا، کیا یہ لوگ تمہاری ہی پرستش کرتے تھے؟ وہ کہیں گے، تو پاک ہے،

اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾

اَنْتَ	وَلِيُّنَا	مِنْ دُوْنِهِمْ	بَلْ	كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ	الْجِنَّ	اَكْثَرُهُمْ	بِهِمْ	مُّؤْمِنُوْنَ
تو	ہمارا کارساز	ان کے سوا (نہ کہ وہ)	بلکہ	وہ پرستش کرتے تھے	جن (جمع)	ان میں سے اکثر	ان پر	اعتقاد رکھتے تھے

تو ہمارا کارساز ہے، نہ کہ وہ، بلکہ وہ جنوں کی پرستش کرتے تھے، ان میں سے اکثر اُن پر اعتقاد رکھتے تھے۔

فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ

فَالْيَوْمَ	لَا يَمْلِكُ	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	نَّفْعًا	وَّلَا ضَرًّا	وَنَقُوْلُ	لِلَّذِيْنَ
سو آج	اختیار نہیں رکھتا	تم ہی سے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کے لئے	نفع کا	اور نہ نقصان کا	اور ہم کہیں گے	ان لوگوں کو

سو آج تم میں سے کوئی ایک دوسرے کے نہ نفع کا اختیار رکھتا ہے، اور نہ نقصان کا، اور ہم اُن لوگوں کو کہیں گے جنہوں نے

ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ

ظَلَمُوْا	ذُوْقُوْا	عَذَابَ النَّارِ	الَّتِيْ	كُنْتُمْ	بِهَا	تُكَذِّبُوْنَ	وَاِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ
جنہوں نے ظلم کیا	تم چکھو	آگ (جہنم) کا عذاب	وہ جس	تم تھے	اس کو	تم جھٹلاتے تھے	اور جب	پڑھی جاتی ہیں	اُن پر

ظلم (شرک) کیا تم جہنم کے عذاب (کا مزہ) چکھو جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ اور جب ان پر پڑھی جاتی ہیں

اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ

اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالُوْا	مَا هٰذَآ	اِلَّآ	رَجُلٌ	يُّرِيْدُ	اَنْ يَّصُدَّكُمْ	عَمَّا	كَانَ يَعْبُدُ
ہماری آیات	واضح	وہ کہتے ہیں	نہیں ہے یہ	مگر صرف	ایک آدمی	وہ چاہتا ہے	کہ روک دے تمہیں	اس سے جس	پرستش کرتے تھے

ہماری واضح آیات تو وہ کہتے ہیں یہ تو صرف (تم جیسا) آدمی ہے چاہتا ہے کہ تمہیں ان سے روک دے جن کی پرستش

آبَاؤُكُمْ ۚ وَقَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا إِفْكٌ مُفْتَرًى ۚ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ

آبَاؤُكُمْ	وَقَالُوا	مَا هَٰذَا	إِلَّا	إِفْكٌ مُفْتَرًى	وَقَالَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	لِلْحَقِّ
تمہارے باپ دادا	اور وہ کہتے ہیں	نہیں یہ	مگر	جھوٹ گھڑا ہوا	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	حق کے بارے میں

تمہارے باپ دادا کرتے تھے، اور وہ کہتے ہیں یہ (قرآن)، نہیں ہے مگر گھڑا ہوا جھوٹ، اور کافروں نے حق کے بارے میں کہا

لَمَّا جَاءَهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ﴿٤٣﴾ وَمَا آتَيْنَاهُمْ مِنْ كُتُبٍ يَدْرُسُونَهَا

لَمَّا جَاءَهُمْ	إِنْ هَٰذَا	إِلَّا	سِحْرٌ مُبِينٌ	وَمَا	آتَيْنَاهُمْ	مِنْ كُتُبٍ	يَدْرُسُونَهَا
جب وہ آیا ان کے پاس	یہ نہیں	مگر	جادو کھلا	اور نہ	دیں ہم نے انہیں	کتابیں	کہ انہیں پڑھیں

جب وہ ان کے پاس آیا کہ یہ نہیں، مگر کھلا جادو۔ اور ہم نے انہیں (مشرکین عرب کو) کتابیں نہیں دیں کہ وہ انہیں پڑھتے ہوں

وَمَا أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَذِيرٍ ﴿٤٤﴾ وَكَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ

وَمَا	أَرْسَلْنَا	إِلَيْهِمْ	قَبْلَكَ	مِنْ نَذِيرٍ	وَكَذَّبَ	الَّذِينَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
اور نہ	بھیجا ہم نے	ان کی طرف	آپ سے پہلے	کوئی ڈرانے والا	اور جھٹلایا	انہوں نے جو	ان سے پہلے

اور نہ آپ سے پہلے ان کی طرف کوئی ڈرانے والا بھیجا۔ اور جو ان سے پہلے تھے انہوں نے جھٹلایا،

۵ ع ۹ ۱۱

وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَا آتَيْنَاهُمْ فَكَذَّبُوا رُسُلِي ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿٤٥﴾ قُلْ إِنَّمَا أَعِظُكُمْ

وَمَا بَلَغُوا	مِعْشَارَ	مَا آتَيْنَاهُمْ	فَكَذَّبُوا	رُسُلِي	فَكَيْفَ	كَانَ	نَكِيرِ	قُلْ	إِنَّمَا أَعِظُكُمْ
اور وہ نہ پہنچے	دسواں حصہ	جو ہم نے انہیں دیا	سو انہوں نے جھٹلایا	میرے رسولوں کو	تو کیسا	ہوا	میرا عذاب	فرمادیں	میں صرف نصیحت کرتا ہوں تمہیں

اور یہ (مشرکین عرب) اس کے دسویں حصے کو (بھی) نہ پہنچے جو ہم نے انہیں دیا تھا، سو انہوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا۔ تو کیسا ہوا میرا عذاب۔ فرمادیں میں تمہیں صرف نصیحت کرتا ہوں

بِوَاحِدَةٍ ۖ أَنْ تَقُومُوا لِلَّهِ مَثْنَىٰ وَفُرَادَىٰ ثُمَّ تَتَفَكَّرُوا ۚ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِنْ جِنَّةٍ ۚ

بِوَاحِدَةٍ	أَنْ تَقُومُوا	لِلَّهِ	مَثْنَىٰ	وَفُرَادَىٰ	ثُمَّ تَتَفَكَّرُوا	مَا بِصَاحِبِكُمْ	مِنْ جِنَّةٍ
ایک بات کی	کہ تم کھڑے ہو جاؤ	اللہ کے واسطے	دو دو	اور اکیلے اکیلے	پھر تم غور کرو	نہیں تمہارے اس ساتھی کو	کوئی جنون

ایک بات کی کہ تم اللہ کے واسطے کھڑے ہو جاؤ دو دو اور اکیلے اکیلے، پھر تم غور کرو کہ تمہارے اس ساتھی کو کوئی جنون نہیں ہے

إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ﴿٤٦﴾ قُلْ مَا سَأَلْتُكُمْ

إِنْ	هُوَ	إِلَّا	نَذِيرٌ	لَكُمْ	بَيْنَ يَدَيْ	عَذَابٍ شَدِيدٍ	قُلْ	مَا سَأَلْتُكُمْ
نہیں	وہ	مگر صرف	ڈرانے والے	تمہیں	آگے (آنے سے پہلے)	سخت عذاب	فرمادیں	جو میں نے مانگا ہو تم سے

وہ تو صرف سخت عذاب آنے سے پہلے تمہیں ڈرانے والے ہیں۔ آپ فرمادیں میں نے تم سے جو مانگا ہو

مِنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۖ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۴۷﴾

مِنْ اَجْرٍ	فَهُوَ	لَكُمْ	اِنْ	اَجْرِیَ	اِلَّا	عَلَی اللّٰهِ	وَهُوَ	عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ	شَهِیْدٌ
کوئی اجر	تو وہ	تمہارا ہے	نہیں	میرا اجر	مگر صرف	اللہ کے ذمے	اور وہ	پر۔ کی	ہر شے	اطلاع رکھنے والا ہے

کوئی اجر، تو وہ تمہارا ہے، میرا اجر تو صرف اللہ کے ذمے ہے، اور وہ ہر شے کی اطلاع رکھنے والا (گواہ) ہے

قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا یُبْدِئُ

قُلْ	اِنَّ	رَبِّیْ	یَقْذِفُ	بِالْحَقِّ	عَلَّامُ الْغُیُوْبِ	قُلْ	جَآءَ الْحَقُّ	وَمَا یُبْدِئُ
فرمادیں	بیشک	میرا رب	ڈالتا، اوپر سے اتارتا ہے	حق کو	سب غیبوں کا جاننے والا	فرمادیں	حق آگیا	اور نہ پیدا کرے گا

آپؐ فرمادیں، بیشک میرا رب اوپر سے حق اتارتا ہے، اور سب غیب کی باتوں کا جاننے والا ہے۔ آپؐ فرمادیں حق آگیا اور نہ (کسی چیز کو) پیدا کریگا

الْبَاطِلُ وَمَا یُعِیْدُ ﴿۴۹﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰی نَفْسِیْ ۚ وَاِنِ

الْبَاطِلُ	وَمَا یُعِیْدُ	قُلْ	اِنْ	ضَلَلْتُ	فَاِنَّمَا	اَضِلُّ	عَلٰی نَفْسِیْ	وَاِنِ
باطل	اور نہ لوٹائے گا	فرمادیں	اگر	میں بہکا ہوں	تو اس کے سوا نہیں	میں بہکا ہوں	اپنی جان پر (اپنے نقصان کو)	اور اگر

باطل اور نہ لوٹائے گا (دوبارہ پیدا کریگا کسی چیز کو) آپؐ فرمادیں اگر میں بہکا ہوں تو اس کے سوا نہیں کہ اپنے نقصان کو بہکا ہوں، اور اگر

اهْتَدَیْتُ فَبِمَا یُوْحِیْٓ اِلَیَّ رَبِّیْ ۭ اِنَّهٗ سَمِیْعٌ قَرِیْبٌ ﴿۵۰﴾ وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ فَزِعُوْا

اهْتَدَیْتُ	فَبِمَا	یُوْحِیْٓ	اِلَیَّ	رَبِّیْ	اِنَّهٗ	سَمِیْعٌ	قَرِیْبٌ	وَلَوْ تَرٰٓی	اِذْ	فَزِعُوْا
میں ہدایت پر ہوں	تو اس کی بدولت	وحی کرتا ہے	میری طرف	میرا رب	بیشک وہ	سننے والا	قریب	اے کاش تم دیکھو	جب	وہ گھبرائیں گے

میں ہدایت پر ہوں تو اس کی بدولت ہوں کہ میرا رب میری طرف وحی کرتا ہے، بیشک وہ سننے والا، قریب ہے۔ اے کاش! تم دیکھو، جب وہ گھبرائیں گے

فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِیْبٍ ﴿۵۱﴾ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰی لَهُمُ

فَلَا فَوْتَ	وَاُخِذُوْا	مِنْ	مَكَانٍ قَرِیْبٍ	وَقَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِهٖ	وَاَنّٰی	لَهُمُ
اور نہ بچ سکیں گے	اور پکڑ لئے جائیں گے	سے	قریب جگہ (پاس)	اور وہ کہیں گے	ہم ایمان لائے	اس پر	اور کہاں	ان کے لئے

تو (بھاگ کر) نہ بچ سکیں گے، اور پاس ہی سے پکڑ لئے جائیں گے۔ اور کہیں گے ہم اس (نبیؐ) پر ایمان لے آئے اور کہاں (ممکن ہے) ان کے لئے

التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِیْدٍ ﴿۵۲﴾ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَیَقْذِفُوْنَ

التَّنَاوُشُ	مِنْ	مَكَانٍ	بَعِیْدٍ	وَقَدْ كَفَرُوْا	بِهٖ	مِنْ قَبْلُ	وَ	یَقْذِفُوْنَ
پکڑنا (ہاتھ آنا)	سے	جگہ	دور (دارالجزا)	اور تحقیق انہوں نے کفر کیا	اس سے	اس سے قبل	اور	وہ پھینکتے ہیں

دور جگہ (دارالجزا) سے (ایمان کا) ہاتھ آنا۔ اور تحقیق انہوں نے اس سے قبل اس سے کفر کیا، اور وہ پھینکتے ہیں

بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا

بِالْغَيْبِ	مِنْ	مَكَانٍ بَعِيْدٍ	وَحِيْلَ	بَيْنَهُمْ	وَبَيْنَ	مَا يَشْتَهُوْنَ	كَمَا
بن دیکھے	سے	دُور جگہ	اور آڑ کر دی گئی	اُن کے درمیان	اور درمیان	جو وہ چاہتے تھے	جیسے

بن دیکھے دُور جگہ سے (اٹکل پچو باتیں کرتے ہیں)۔ جو وہ چاہتے تھے، اِس کے اور اُن کے درمیان آڑ ڈال دی گئی، جیسے

٦ ع ٩ ١٢

فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿۵۴﴾

فُعِلَ	بِاَشْيَاعِهِمْ	مِنْ قَبْلُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	فِيْ	شَكٍّ	مُّرِيْبٍ
کیا گیا	ان کے ہم جنسوں کے ساتھ	اس سے قبل	بیشک وہ	وہ تھے	میں	شک	تردّد میں ڈالنے والے

اُن کے ہم جنسوں کے ساتھ اِس سے قبل کیا گیا، بیشک وہ تردّد میں ڈالنے والے شک میں تھے۔

اٰیاتُها ۴۵ — ۳۵ سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ ۴۳ — رکوعاتُها ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	جَاعِلِ	الْمَلٰٓئِكَةِ	رُسُلًا	اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	پیدا کرنے والا	آسمانوں	اور زمین	بنانے والا	فرشتے	پیغام بر	پروں والے

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، فرشتوں کو پیغام بر بنانے والا ہے، پروں والے

مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

مَثْنٰى	وَثُلٰثَ	وَرُبٰعَ	يَزِيْدُ	فِي الْخَلْقِ	مَا يَشَآءُ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ
دو دو	اور تین تین	اور چار چار	زیادہ کر دیتا ہے	پیدائش میں	جو وہ چاہے	بیشک اللہ	پر	ہر شے

دو دو، اور تین تین، اور چار چار، پیدائش میں جو وہ چاہے وہ زیادہ کر دیتا ہے، بیشک اللہ ہر شے پر

قَدِيْرٌ ﴿۱﴾ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ

قَدِيْرٌ	مَا يَفْتَحِ	اللّٰهُ	لِلنَّاسِ	مِنْ رَّحْمَةٍ	فَلَا مُمْسِكَ	لَهَا	وَمَا يُمْسِكْ
قدرت رکھنے والا ہے	جو کھول دے	اللہ	لوگوں کے لئے	رحمت سے	تو بند کرنے والا نہیں	اس کا	اور جو وہ بند کر دے

قدرت رکھنے والا ہے۔ اللہ لوگوں کے لئے جو رحمت کھول دے تو (کوئی) اس کا بند کرنے والا نہیں، اور جو وہ بند کر دے

فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۲ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا

فَلَا مُرْسِلَ	لَهٗ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اذْكُرُوْا
تو کوئی بھیجنے والا نہیں	اس کا	اس کے بعد	اور وہ	غالب	حکمت والا	اے لوگو	تم یاد کرو

تو اس کے بعد کوئی اس کا بھیجنے والا نہیں، اور وہ غالب، حکمت والا ہے - اے لوگو! تم یاد کرو

نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ

نِعْمَتَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	هَلْ	مِنْ خَالِقٍ	غَيْرُ اللّٰهِ	يَرْزُقُكُمْ	مِنَ السَّمَآءِ	وَ
اللہ کی نعمت	اپنے اوپر	کیا	کوئی پیدا کرنے والا	اللہ کے سوا	وہ تمہیں رزق دیتا ہے	آسمان سے	اور

اپنے اوپر اللہ کی نعمت، کیا اللہ کے سوا کوئی پیدا کرنے والا ہے؟ وہ تمہیں آسمان سے رزق دیتا ہے، اور

الْاَرْضِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝۳ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ

الْاَرْضِ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ	وَاِنْ	يُّكَذِّبُوْكَ	فَقَدْ كُذِّبَتْ
زمین	نہیں	کوئی معبود	اُس کے سوا	تو کہاں	اُلٹے پھرے جاتے ہو تم	اور اگر	وہ تجھے جھٹلائیں	تو تحقیق جھٹلائے گئے

زمین سے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو کہاں تم اُلٹے پھرے جاتے ہو؟ اور اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو تحقیق جھٹلائے گئے ہیں

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۴ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

رُسُلٌ	مِنْ قَبْلِكَ	وَ	اِلَى اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ
رسول (جمع)	تم سے پہلے	اور	اللہ کی طرف	لوٹنا	تمام کام	اے لوگو	بیشک	اللہ کا وعدہ

تم سے پہلے بھی رسول، اور تمام کاموں کی بازگشت (لوٹنا) اللہ کی طرف ہے۔ اے لوگو! بے شک اللہ کا وعدہ

حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٚ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝۵ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

حَقٌّ	فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	اِنَّ الشَّيْطٰنَ
سچا	پس ہرگز تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے	دنیا کی زندگی	اور تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے	اللہ سے	دھوکہ باز	بے شک شیطان

سچا ہے، پس دنیا کی زندگی ہرگز تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے، اور دھوکے باز (شیطان) تمہیں اللہ سے ہرگز دھوکے میں نہ ڈال دے۔ بیشک شیطان

لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝۶ ؕ

لَكُمْ	عَدُوٌّ	فَاتَّخِذُوْهُ	عَدُوًّا	اِنَّمَا يَدْعُوْا	حِزْبَهٗ	لِيَكُوْنُوْا	مِنْ	اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ
تمہارے لئے	دشمن	پس اسے سمجھو	دشمن	وہ تو بلاتا ہے	اپنے گروہ کو	تاکہ وہ ہوں	سے	جہنم والے

تمہارا دشمن ہے پس تم اسے دشمن (ہی) سمجھو، وہ تو اپنے گروہ کو بلاتا ہے تاکہ وہ جہنم والوں سے ہوں۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۬ۙ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَهُمْ	عَذَابٌ شَدِيْدٌ	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ
جن لوگوں نے کفر کیا	ان کے لئے	سخت عذاب	اور جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے

جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے سخت عذاب ہے ، اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

١ ع ٧ ١٣

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۷ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ

لَهُمْ	مَغْفِرَةٌ	وَاَجْرٌ	كَبِيْرٌ	اَفَمَنْ	زُيِّنَ	لَهٗ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	فَرَاٰهُ	حَسَنًا
ان کے لئے	بخشش	اور اجر	بڑا	سو کیا جس	آراستہ کیا گیا	اسکے لئے	اس کا بُرا عمل	پھر اس نے دیکھا اسے	اچھا

ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے - سو کیا جس کے لئے اس کا بُرا عمل آراستہ کیا گیا پھر اس نے اس کو اچھا دیکھا (سمجھا) کیا وہ نیکوکار جیسا ہو سکتا ہے)

فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ

فَاِنَّ اللّٰهَ	يُضِلُّ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَهْدِيْ	مَنْ يَّشَآءُ	فَلَا تَذْهَبْ	نَفْسُكَ
پس بیشک اللہ	گمراہ ٹھہراتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	پس نہ جاتی رہے	تمہاری جان

پس بے شک جس کو اللہ چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے ، پس تمہاری جان نہ جاتی رہے

عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۸ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ

عَلَيْهِمْ	حَسَرٰتٍ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِمَا	يَصْنَعُوْنَ	وَاللّٰهُ	الَّذِيْٓ	اَرْسَلَ
ان پر	حسرت کر کے	بیشک اللہ	جاننے والا	اسے جو	وہ کرتے ہیں	اور اللہ	وہ جس نے	بھیجا

ان پر حسرت کر کے ، بیشک جو وہ کرتے ہیں اللہ اسے جانتا ہے - اور اللہ (ہی ہے) جس نے بھیجا

الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ

الرِّيٰحَ	فَتُثِيْرُ	سَحَابًا	فَسُقْنٰهُ	اِلٰى	بَلَدٍ مَّيِّتٍ	فَاَحْيَيْنَا	بِهِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا
ہوائیں	پھر وہ اٹھاتی ہیں	بادل	پھر ہم اسے لے گئے	طرف	مردہ شہر	پھر ہم نے زندہ کیا	اس سے	زمین	اس کے مرنے کے بعد

ہواؤں کو ، پھر وہ بادلوں کو اٹھاتی ہیں ، پھر ہم اس (بادل) کو مردہ شہر کی طرف لے گئے ، پھر ہم نے اس سے زمین کو اسکے مرنے (بنجر ہو جانے) کے بعد زندہ کیا ،

كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ؕ اِلَيْهِ يَصْعَدُ

كَذٰلِكَ	النُّشُوْرُ	مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	الْعِزَّةَ	فَلِلّٰهِ	الْعِزَّةُ	جَمِيْعًا	اِلَيْهِ	يَصْعَدُ
اسی طرح	جی اٹھنا	جو کوئی	چاہتا ہے	عزت	تو اللہ کے لئے	عزت	تمام تر	اس کی طرف	چڑھتا ہے

اسی طرح (مُردوں کو روزِ حشر) جی اُٹھنا ہے - جو کوئی عزت چاہتا ہے تو تمام تر عزت اللہ کے لئے ہے - اُسی کی طرف چڑھتا ہے ،

الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ ۚ وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ

الْكَلِمُ الطَّيِّبُ	وَالْعَمَلُ	الصَّالِحُ	يَرْفَعُهُ	وَالَّذِينَ	يَمْكُرُونَ	السَّيِّئَاتِ	لَهُمْ
کلام پاکیزہ	اور عمل	اچھا	وہ اس کو بلند کرتا ہے	اور جو لوگ	تدبیریں کرتے ہیں	بری	ان کے لئے

پاکیزہ کلام، اور اچھے عمل کو (اللہ) بلند کرتا ہے، اور جو لوگ بری تدبیریں کرتے ہیں، ان کے لئے

عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ وَمَكْرُ أُولَٰئِكَ هُوَ يَبُورُ ﴿١٠﴾ وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ

عَذَابٌ شَدِيدٌ	وَمَكْرُ	أُولَٰئِكَ	هُوَ يَبُورُ	وَاللَّهُ	خَلَقَكُمْ	مِنْ تُرَابٍ	ثُمَّ
عذاب سخت	اور تدبیر	ان لوگوں	وہ اکارت جائے گی	اور اللہ	اس نے پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر

سخت عذاب ہے، اور ان لوگوں کی تدبیر اکارت جائے گی۔ اور اللہ (ہی) نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر

مِنْ نُطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ

مِنْ نُطْفَةٍ	ثُمَّ جَعَلَكُمْ	أَزْوَاجًا	وَمَا	تَحْمِلُ	مِنْ أُنْثَىٰ	وَلَا تَضَعُ	إِلَّا	بِعِلْمِهِ
نطفہ سے	پھر اس نے تمہیں بنایا	جوڑے جوڑے	اور نہ	حاملہ ہوتی ہے	کوئی عورت	اور نہ وہ جنتی ہے	مگر	اسکے علم میں ہے

نطفہ سے، پھر تمہیں جوڑے جوڑے بنایا، اور نہ کوئی عورت حاملہ ہوتی ہے، اور نہ وہ جنتی ہے، مگر اس کے علم میں ہے،

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُعَمَّرٍ وَلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ

وَمَا	يُعَمَّرُ	مِنْ مُعَمَّرٍ	وَلَا يُنْقَصُ	مِنْ عُمُرِهِ	إِلَّا	فِي كِتَابٍ	إِنَّ	ذَٰلِكَ	عَلَى اللَّهِ
اور نہیں	عمر پاتا	کوئی بڑی عمر والا	اور نہ کمی کی جاتی ہے	اس کی عمر سے	مگر	کتاب میں	بیشک	یہ	اللہ پر

اور کوئی بڑی عمر والا عمر نہیں پاتا، اور نہ کسی کی عمر سے کمی کی جاتی ہے مگر (یہ سب) کتاب (لوح محفوظ) میں لکھا ہوا ہے۔ یہ بیشک اللہ پر

يَسِيرٌ ﴿١١﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ ۖ هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَائِغٌ شَرَابُهُ وَهَٰذَا

يَسِيرٌ	وَمَا يَسْتَوِي	الْبَحْرَانِ	هَٰذَا	عَذْبٌ فُرَاتٌ	سَائِغٌ شَرَابُهُ	وَهَٰذَا
آسان	اور برابر نہیں	دونوں دریا	یہ	شیریں پیاس بجھانے والا	آسان اس کا پینا	اور یہ

آسان ہے۔ اور دونوں دریا برابر نہیں، یہ (ایک) شیریں ہے پیاس بجھانے والا، اس کا پینا بھی آسان؛ اور یہ (دوسرا)

مِلْحٌ أُجَاجٌ ۖ وَمِنْ كُلٍّ تَأْكُلُونَ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُونَ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۖ

مِلْحٌ أُجَاجٌ	وَمِنْ كُلٍّ	تَأْكُلُونَ	لَحْمًا	طَرِيًّا	وَتَسْتَخْرِجُونَ	حِلْيَةً	تَلْبَسُونَهَا
شور تلخ	اور ہر ایک سے	تم کھاتے ہو	گوشت	تازہ	اور تم نکالتے ہو	زیور	جس کو پہنتے ہو تم

شور تلخ ہے، اور ہر ایک سے تم تازہ گوشت کھاتے ہو، اور (ان میں سے) تم زیور (موتی) نکالتے ہو، جس کو تم پہنتے ہو،

وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝١٢

وَتَرَى	الْفُلْكَ	فِيهِ	مَوَاخِرَ	لِتَبْتَغُوا	مِنْ فَضْلِهِ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُونَ
اور تو دیکھتا ہے	کشتیاں	اس میں	چیرتی ہیں پانی کو	تاکہ تم تلاش کرو	اس کے فضل سے (روزی)	اور تاکہ تم	تم شکر کرو

اور تو اس میں کشتیاں دیکھتا ہے کہ پانی کو چیرتی (دوڑتی چلتی) ہیں، تاکہ تم اس کے فضل سے روزی تلاش کرو، اور تاکہ تم شکر کرو۔

يُولِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

يُولِجُ الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَ	يُولِجُ النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ
وہ داخل کرتا ہے رات	دن میں	اور	داخل کرتا ہے دن کو	رات میں	اور اس نے مسخر کیا	سورج	اور چاند

اور رات کو دن میں داخل کرتا ہے، اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور اس نے سورج اور چاند کو مسخر کیا،

كُلٌّ يَّجْرِي لِأَجَلٍ مُّسَمًّى ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ وَالَّذِينَ

كُلٌّ يَّجْرِي	لِأَجَلٍ	مُّسَمًّى	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَهُ الْمُلْكُ	وَالَّذِينَ
ہر ایک چلتا ہے	ایک وقت	مقررہ	یہی ہے اللہ	تمہارا پروردگار	اس کے لئے بادشاہت	اور جن کو

ہر ایک مقررہ وقت تک چلتا ہے، یہی تمہارا پروردگار ہے اسی کے لئے ہے بادشاہت، اور جن کو

تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ مِنْ قِطْمِيرٍ ۝١٣ إِنْ تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا

تَدْعُونَ	مِنْ دُونِهِ	مَا يَمْلِكُونَ	مِنْ قِطْمِيرٍ	إِنْ	تَدْعُوهُمْ	لَا يَسْمَعُوا
تم پکارتے ہو	اس کے سوا	وہ مالک نہیں	کھجور کی گٹھلی کا چھلکا	اگر	تم ان کو پکارو	وہ نہیں سنیں گے

تم اس کے سوا پکارتے ہو، وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے (کے برابر بھی) مالک نہیں۔ اور تم ان کو پکارو تو وہ نہیں سنیں گے

دُعَاءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ

دُعَاءَكُمْ	وَ	لَوْ	سَمِعُوا	مَا اسْتَجَابُوا	لَكُمْ	وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَكْفُرُونَ	بِشِرْكِكُمْ
تمہاری پکار (دعا)	اور	اگر	وہ سن لیں	وہ حاجت پوری نہ کر سکیں گے	تمہاری	اور روز قیامت	وہ انکار کریں گے	تمہارے شرک کرنے کا

تمہاری پکار، اور اگر وہ سن بھی لیں تو تمہاری حاجت پوری نہ کر سکیں گے، اور وہ روزِ قیامت تمہارے شرک کرنے کا انکار کریں گے۔

۲ ع ۱۴

وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ ۝١٤ يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ إِلَى اللّٰهِ وَاللّٰهُ

وَلَا يُنَبِّئُكَ	مِثْلُ	خَبِيرٍ	يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ	أَنْتُمُ	الْفُقَرَآءُ	إِلَى اللّٰهِ	وَاللّٰهُ
اور تجھ کو خبر نہ دے گا	مانند	خبر دینے والا	اے لوگو!	تم	محتاج	اللہ کے	اور اللہ

اور تجھ کو خبر دینے والے (اللہ) کی مانند کوئی خبر نہ دے گا۔ اے لوگو! تم اللہ کے محتاج ہو، اور اللہ

هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ وَ یَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِیْدٍ ﴿۱۶﴾ وَ مَا ذٰلِكَ

هُوَ	الْغَنِیُّ	الْحَمِیْدُ	اِنْ یَّشَاْ	یُذْهِبْكُمْ	وَ یَاْتِ	بِخَلْقٍ جَدِیْدٍ	وَ مَا	ذٰلِكَ
وہ	بے نیاز	سزاوارِ حمد	اگر وہ چاہے	تمہیں لے جائے	اور لے آئے وہ	نئی خلقت	اور نہیں	یہ

ہی بے نیاز سزاوارِ حمد وثنا ہے۔ اگر وہ چاہے تو تم (سب کو) لے جائے (نابود کر دے) اور نئی خلقت لے آئے۔ اور یہ نہیں ہے

عَلَی اللّٰهِ بِعَزِیْزٍ ﴿۱۷﴾ وَ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ؕ وَ اِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰی حِمْلِهَا

عَلَی اللّٰهِ	بِعَزِیْزٍ	وَ لَا تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِزْرَ اُخْرٰی	وَ اِنْ	تَدْعُ	مُثْقَلَةٌ	اِلٰی حِمْلِهَا
اللہ پر	دشوار	اور نہیں اٹھائے گا	کوئی اٹھانے والا	بوجھ دوسرے کا	اور اگر	بلائے	کوئی بوجھ سے لدا ہوا	طرف، لئے اپنا بوجھ

اللہ پر (کچھ) دشوار۔ اور کوئی اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، اور اگر کوئی بوجھ سے لدا ہوا (گنہگار کسی کو) اپنا بوجھ (اٹھانے) کے لئے بلائے

لَا یُحْمَلْ مِنْهُ شَیْءٌ وَّ لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰی ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

لَا یُحْمَلْ	مِنْهُ	شَیْءٌ	وَ لَوْ كَانَ	ذَا قُرْبٰی	اِنَّمَا	تُنْذِرُ	الَّذِیْنَ	یَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ
نہ اٹھائے گا وہ	اس سے	کچھ	خواہ ہوں	قرابت دار	اسکے سوا نہیں (صرف)	آپ ڈراتے ہیں	وہ لوگ جو	ڈرتے ہیں	اپنا رب

تو وہ اس سے کچھ نہ اٹھائے گا، خواہ اس کا قرابت دار ہو، آپ تو صرف ان کو ڈراتے (نصیحت کر سکتے ہیں) جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں

بِالْغَیْبِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَ مَنْ تَزَكّٰی فَاِنَّمَا یَتَزَكّٰی لِنَفْسِهٖ ؕ وَ اِلَی اللّٰهِ

بِالْغَیْبِ	وَ اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ مَنْ	تَزَكّٰی	فَاِنَّمَا	یَتَزَكّٰی	لِنَفْسِهٖ	وَ اِلَی اللّٰهِ
بن دیکھے	اور قائم رکھتے ہیں	نماز	اور جو	پاک ہوتا ہے	تو صرف	وہ پاک صاف ہوتا ہے	خود اپنے لئے	اور اللہ کی طرف

بن دیکھے، اور نماز قائم رکھتے ہیں، اور جو پاک ہوتا ہے وہ صرف اپنے لئے پاک صاف ہوتا ہے، اور اللہ کی طرف ہی

الْمَصِیْرُ ﴿۱۸﴾ وَ مَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَ الْبَصِیْرُ ﴿۱۹﴾ وَ لَا الظُّلُمٰتُ وَ لَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾

الْمَصِیْرُ	وَ مَا یَسْتَوِی	الْاَعْمٰی	وَ الْبَصِیْرُ	وَ لَا الظُّلُمٰتُ	وَ لَا النُّوْرُ
لوٹ کر جانا	اور برابر نہیں	اندھا	اور آنکھوں والا	اور نہ اندھیرے	اور نہ روشنی

لوٹ کر جانا ہے۔ اور برابر نہیں اندھا اور آنکھوں والا، اور نہ اندھیرے اور نہ نور (روشنی) (برابر ہیں)۔

وَ لَا الظِّلُّ وَ لَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَ مَا یَسْتَوِی الْاَحْیَآءُ وَ لَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

وَ لَا الظِّلُّ	وَ لَا الْحَرُوْرُ	وَ مَا یَسْتَوِی	الْاَحْیَآءُ	وَ لَا	الْاَمْوَاتُ	اِنَّ اللّٰهَ
اور نہ سایہ	اور نہ جھلستی ہوا	اور نہیں برابر	زندے	اور نہ	مردے	بیشک اللہ

اور نہ سایہ اور نہ جھلستی ہوا۔ اور برابر نہیں زندے (عالم) اور نہ مردے (جاہل)، بیشک اللہ

يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾

يُسْمِعُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَمَآ اَنْتَ	بِمُسْمِعٍ	مَنْ	فِي الْقُبُوْرِ	اِنْ اَنْتَ	اِلَّا	نَذِيْرٌ
سُنا دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور تم نہیں	سنانے والے	جو	قبروں میں	تم نہیں	مگر صرف	ڈرانے والے

جس کو چاہتا ہے سُنا دیتا ہے، اور تم (اُن کو) سُنانے والے نہیں جو قبروں میں ہیں۔ بلکہ تم صرف ڈرانے والے ہو۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿۲۴﴾

اِنَّآ	اَرْسَلْنٰكَ	بِالْحَقِّ	بَشِيْرًا	وَّنَذِيْرًا	وَاِنْ	مِنْ اُمَّةٍ	اِلَّا خَلَا	فِيْهَا	نَذِيْرٌ
بیشک ہم	ہم نے آپ کو بھیجا	حق کے ساتھ	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	اور نہیں	کوئی امت	مگر گزرا	اس میں	کوئی ڈرانے والا

بیشک ہم نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا، خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا، اور کوئی امت نہیں جس میں کوئی ڈرانے والا نہ گزرا ہو۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

وَاِنْ	يُّكَذِّبُوْكَ	فَقَدْ كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ
اور اگر	وہ تمہیں جھٹلائیں	تو تحقیق جھٹلایا	وہ لوگ جو	ان سے اگلے	آئے ان کے پاس	ان کے رسول

اور اگر وہ تمہیں جھٹلائیں، تو تحقیق ان کے اگلے لوگوں نے بھی جھٹلایا، ان کے پاس ان کے رسول آئے،

بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ

بِالْبَيِّنٰتِ	وَبِالزُّبُرِ	وَبِالْكِتٰبِ	الْمُنِيْرِ	ثُمَّ	اَخَذْتُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَكَيْفَ
روشن دلائل کے ساتھ	اور صحیفوں کے ساتھ	اور کتابوں کے ساتھ	روشن	پھر	میں نے پکڑا	وہ جنہوں نے کفر کیا	پھر کیسا

روشن دلائل (نشانات)، اور صحیفوں اور روشن کتابوں کے ساتھ۔ پھر جن لوگوں نے کفر کیا میں نے اُنہیں پکڑا، پھر کیسا

۳ | ع ۱۲ | ۱۵

كَانَ نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ

كَانَ	نَكِيْرِ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖ	ثَمَرٰتٍ
ہوا	میرا عذاب	کیا تو نے نہیں دیکھا	بیشک اللہ	اُتارا	آسمان سے	پانی	پھر ہم نے نکالے	اس سے	پھل (جمع)

ہوا میرا عذاب؟ کیا تو نے نہیں دیکھا؟ بے شک اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا، پھر ہم نے اس سے پھل نکالے،

مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ۭ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا

مُّخْتَلِفًا	اَلْوَانُهَا	وَ	مِنَ الْجِبَالِ	جُدَدٌۢ بِيْضٌ	وَّحُمْرٌ	مُّخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهَا
مختلف	ان کے رنگ	اور	پہاڑوں سے ہیں	قطعات سفید	اور سُرخ	مختلف	ان کے رنگ

ان کے رنگ مختلف ہیں، اور پہاڑوں میں قطعات (گھاٹیاں) ہیں سفید اور سُرخ، ان کے رنگ مختلف ہیں،

وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ

وَغَرَابِيْبُ	سُوْدٌ	وَمِنَ النَّاسِ	وَالدَّوَآبِّ	وَالْاَنْعَامِ	مُخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهٗ	كَذٰلِكَ
گہرے رنگ	سیاہ	اور لوگوں سے ۔ ہیں	اور جانور (جمع)	اور چوپائے	مختلف	ان کے رنگ	اسی طرح

اور (دیکھو) گہرے سیاہ رنگ کے۔ اور اسی طرح لوگوں ہیں، اور جانوروں اور چوپایوں ہیں، ان کے رنگ مختلف ہیں،

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾ اِنَّ

اِنَّمَا	يَخْشَى	اللّٰهَ	مِنْ	عِبَادِهِ	الْعُلَمٰٓؤُا	اِنَّ اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	غَفُوْرٌ	اِنَّ
اس کے سوا نہیں	ڈرتے ہیں	اللہ	سے	اسکے بندے	علم والے	بےشک اللہ	غالب	بخشنے والا	بیشک

اس کے سوا نہیں کہ اللہ سے اس کے علم والے بندے (ہی) ڈرتے ہیں، بیشک اللہ غالب، بخشنے والا ہے ۔ بیشک

الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ

الَّذِيْنَ	يَتْلُوْنَ	كِتٰبَ اللّٰهِ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاَنْفَقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	سِرًّا	وَّ
وہ لوگ جو	جو پڑھتے ہیں	اللہ کی کتاب	اور قائم رکھتے ہیں	نماز	اور خرچ کرتے ہیں	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	پوشیدہ	اور

جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں، اور نماز قائم رکھتے ہیں، اور جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں پوشیدہ اور

عَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ

عَلَانِيَةً	يَرْجُوْنَ	تِجَارَةً	لَنْ تَبُوْرَ	لِيُوَفِّيَهُمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَيَزِيْدَهُمْ
علانیہ (ظاہر)	وہ امید رکھتے ہیں	ایسی تجارت	ہرگز گھاٹا نہیں	تاکہ وہ پورے پورے دے	ان کے اجر	اور وہ انہیں زیادہ دے

ظاہر وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں (جس میں) ہرگز گھاٹا نہیں، تاکہ اللہ انہیں ان کے اجر (ثواب) پورے پورے دے اور انہیں (اور) زیادہ دے

مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۰﴾ وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ

مِنْ فَضْلِهٖ	اِنَّهٗ	غَفُوْرٌ	شَكُوْرٌ	وَالَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَا	اِلَيْكَ	مِنَ الْكِتٰبِ	هُوَ
اپنے فضل سے	بیشک وہ	بخشنے والا	قدردان	اور وہ جو	ہم نے وحی بھیجی ہے	تمہاری طرف	کتاب	وہ

اپنے فضل سے، بیشک وہ بخشنے والا، قدردان ہے ۔ اور وہ جو ہم نے تمہاری طرف کتاب بھیجی ہے ، وہ

الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۳۱﴾

الْحَقُّ	مُصَدِّقًا	لِمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	اِنَّ اللّٰهَ	بِعِبَادِهٖ	لَخَبِيْرٌ	بَصِيْرٌ
حق	تصدیق کرنے والی	اس کی جو	ان کے پاس	بیشک اللہ	اپنے بندوں سے	البتہ باخبر	دیکھنے والا

حق ہے، اس کی تصدیق کرنے والی ہے جو ان کے پاس ہے، بیشک اللہ اپنے بندوں سے باخبر ہے دیکھنے والا ہے۔

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ

ثُمَّ	اَوْرَثْنَا	الْكِتٰبَ	الَّذِيْنَ	اصْطَفَيْنَا	مِنْ	عِبَادِنَا	فَمِنْهُمْ	ظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ
پھر	ہم نے وارث بنایا	کتاب	وہ جنہیں	ہم نے چنا	سے کو	اپنے بندے	پس ان سے (کوئی)	ظلم کرنے والا	اپنی جان پر

پھر ہم نے اپنے چُنے ہوئے بندوں کو کتاب کا وارث بنایا، پس ان میں سے کوئی اپنی جان پر ظلم کرنے والا ہے،

وَ مِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ

وَ	مِنْهُمْ	مُّقْتَصِدٌ	وَمِنْهُمْ	سَابِقٌۢ	بِالْخَيْرٰتِ	بِاِذْنِ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	هُوَ
اور	ان سے (کوئی)	میانہ رَو	اور ان سے (کوئی)	سبقت لیجانے والا	نیکیوں میں	حکم سے اللہ کے	یہ	وہ (یہی)

اور ان میں سے کوئی میانہ رَو ہے، اور ان میں سے کوئی اللہ کے حکم سے نیکیوں میں سبقت لے جانے والا ہے، یہی ہے

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۳۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ	جَنّٰتُ عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا	يُحَلَّوْنَ	فِيْهَا	مِنْ	اَسَاوِرَ
فضل بڑا	باغات ہمیشگی کے	وہ اس میں داخل ہوں گے	وہ زیور پہنائے جائیں گے	ان میں	سے کا	کنگن (جمع)

بڑا فضل۔ ہمیشگی کے باغات ہیں، جن میں وہ داخل ہوں گے، ان میں کنگنوں کے زیور پہنائے جائیں گے،

مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ

مِنْ	ذَهَبٍ	وَّلُؤْلُؤًا	وَلِبَاسُهُمْ	فِيْهَا	حَرِيْرٌ	وَقَالُوا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْٓ
سے	سونا	اور موتی	اور ان کا لباس	اس میں	ریشم	اور وہ کہیں گے	تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ جس نے

سونے اور موتی کے، اور ان میں ان کا لباس ریشم کا ہو گا۔ اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے

اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُۨ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ

اَذْهَبَ	عَنَّا	الْحَزَنَ	اِنَّ	رَبَّنَا	لَغَفُوْرٌ	شَكُوْرُۨ	الَّذِيْٓ	اَحَلَّنَا	دَارَ الْمُقَامَةِ
دُور کر دیا	ہم سے	غم	بیشک	ہمارا رب	البتہ بخشنے والا	قدر دان	وہ جس	ہمیں اتارا	ہمیشہ رہنے کا گھر

ہم سے غم دُور کر دیا، بیشک ہمارا رب بخشنے والا ہے، قدر دان ہے۔ وہ جس نے ہمیں ہمیشہ رہنے کے گھر میں اتارا

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ

مِنْ	فَضْلِهٖ	لَا يَمَسُّنَا	فِيْهَا	نَصَبٌ	وَّلَا يَمَسُّنَا	فِيْهَا	لُغُوْبٌ	وَ	الَّذِيْنَ
سے	اپنا فضل	نہ ہمیں چھوئے گی	اس میں	کوئی تکلیف	اور نہ ہمیں چھوئے گی	اس میں	تھکاوٹ	اور	وہ جن لوگوں نے

اپنے فضل سے، نہ اس میں ہمیں کوئی تکلیف چھوئے گی اور نہ ہمیں اس میں کوئی تھکاوٹ چھوئے گی۔ اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ

كَفَرُوْا	لَهُمْ	نَارُ جَهَنَّمَ	لَا يُقْضٰى	عَلَيْهِمْ	فَيَمُوْتُوْا	وَلَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمْ
کفر کیا انہوں نے	ان کے لئے	جہنم کی آگ	نہ قضا آئے گی	ان پر	کہ وہ مر جائیں	اور نہ ہلکا کیا جائے گا	ان سے

کفر کیا ان کے لئے جہنم کی آگ ہے، نہ ان پر قضا آئے گی کہ وہ مرجائیں، اور نہ ان سے ہلکا کیا جائے گا

مِّنْ عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ﴿۳۶﴾ وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ

مِنْ	عَذَابِهَا	كَذٰلِكَ	نَجْزِيْ	كُلَّ	كَفُوْرٍ	وَهُمْ	يَصْطَرِخُوْنَ	فِيْهَا	رَبَّنَآ
سے۔ کچھ	اس کا عذاب	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ہر ناشکرے		اور وہ	چلائیں گے	دوزخ میں	اے ہمارے پروردگار

دوزخ کا کچھ عذاب، اسی طرح ہم ہر ناشکرے کو سزا دیتے ہیں۔ اور وہ دوزخ کے اندر چلائے جائیں گے، تو اے ہمارے پروردگار!

اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ

اَخْرِجْنَا	نَعْمَلْ	صَالِحًا	غَيْرَ	الَّذِيْ	كُنَّا نَعْمَلُ	اَوَ	لَمْ نُعَمِّرْكُمْ	مَا يَتَذَكَّرُ
ہمیں نکال لے	ہم عمل کریں	نیک	برعکس	اس کے جو	ہم کرتے تھے	کیا	ہم نے تمہیں عمر نہ دی تھی	کہ نصیحت پکڑ لیتا وہ

ہمیں (یہاں سے) نکال لے کہ ہم نیک عمل کریں، اس کے برعکس جو ہم کرتے تھے، کیا ہم نے تمہیں (اتنی) عمر نہ دی تھی کہ وہ نصیحت پکڑ لیتا

رکوع ع ۱۱ ۱۶

فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۳۷﴾

فِيْهِ	مَنْ	تَذَكَّرَ	وَجَآءَكُمُ	النَّذِيْرُ	فَذُوْقُوْا	فَمَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ نَّصِيْرٍ
اس میں	جو جس	نصیحت پکڑتا	اور آیا تمہارے پاس	ڈرانے والا	سو چکھو تم	پس نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی مددگار

اس میں جسے نصیحت پکڑنی ہوتی، اور تمہارے پاس ڈرانے والا (بھی) آیا، تو تم (اب انکار کا مزہ) چکھو، ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۳۸﴾

اِنَّ اللّٰهَ	عٰلِمُ	غَيْبِ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ
بے شک اللہ	جاننے والا	آسمانوں کی پوشیدہ باتیں	اور زمین	بیشک وہ	باخبر	سینوں (دلوں) کے بھیدوں سے

بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں جاننے والا ہے، بیشک وہ ان کے سینوں کے بھیدوں سے باخبر ہے۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ ؕ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ؕ وَ

هُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَكُمْ	خَلٰٓئِفَ	فِي الْاَرْضِ	فَمَنْ كَفَرَ	فَعَلَيْهِ	كُفْرُهٗ	وَ
وہی	جس نے	تمہیں بنایا	جانشین	زمین میں	سو جس نے کفر کیا	تو اسی پر	اس کا کفر	اور

وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں جانشین بنایا، سو جس نے کفر کیا تو اسی پر ہے اس کے کفر (کا وبال)، اور

لَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ إِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ

لَا يَزِيدُ	الْكٰفِرِينَ	كُفْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	إِلَّا	مَقْتًا	وَلَا يَزِيدُ	الْكٰفِرِينَ
نہیں بڑھاتا	کافر (جمع)	ان کا کفر	نزدیک	ان کا رب	سوائے	ناراضی (غضب)	اور نہیں بڑھاتا	کافر (جمع)

اور کافروں کو ان کے رب کے نزدیک ان کا کفر غضب کے سوا کچھ نہیں بڑھاتا، اور کافروں کو نہیں بڑھاتا

كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَارًا ﴿٣٩﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ شُرَكَاءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ

كُفْرُهُمْ	إِلَّا	خَسَارًا	قُلْ	أَرَءَيْتُمْ	شُرَكَاءَكُمُ	الَّذِينَ	تَدْعُونَ	مِنْ دُونِ اللّٰهِ
ان کا کفر	سوائے	خسارہ	فرمادیں	کیا تم نے دیکھا	اپنے شریک	وہ جنہیں	تم پکارتے ہو	اللہ کے سوا

ان کا کفر خسارے کے سوا۔ آپؐ فرمادیں کیا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو

أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ أَمْ

أَرُونِي	مَاذَا	خَلَقُوا	مِنَ	الْأَرْضِ	أَمْ	لَهُمْ	شِرْكٌ	فِي السَّمٰوٰتِ	أَمْ
تم مجھے دکھاؤ	کیا	انہوں نے پیدا کیا	سے	زمین	یا	ان کے لئے	ساجھا	آسمانوں میں	یا

تم مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین سے کیا پیدا کیا ہے؟ یا آسمانوں (کے بنانے میں) ان کا کیا ساجھا ہے؟ یا

اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ إِنْ يَعِدُ الظّٰلِمُونَ بَعْضُهُمْ

اٰتَيْنٰهُمْ	كِتٰبًا	فَهُمْ	عَلٰى بَيِّنَتٍ	مِّنْهُ	بَلْ	إِنْ	يَعِدُ	الظّٰلِمُونَ	بَعْضُهُمْ
ہم نے دی انہیں	کوئی کتاب	پس (کہ) وہ	دلیل (سند) پر	اس سے (کی)	بلکہ	نہیں	وعدہ کرتے	ظالم (جمع)	ان کے بعض (ایک)

ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس کی سند پر ہوں (سند رکھتے ہوں)، بلکہ ظالم ایک دوسرے سے وعدے نہیں کرتے

بَعْضًا إِلَّا غُرُورًا ﴿٤٠﴾ إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ

بَعْضًا	إِلَّا	غُرُورًا	إِنَّ	اللّٰهَ	يُمْسِكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ	أَنْ	تَزُولَا
بعض (دوسرے سے)	سوائے	دھوکہ	بیشک	اللہ	تھام رکھا ہے	آسمان (جمع)	اور زمین	کہ	ٹل جائیں وہ

دھوکے کے سوا۔ بے شک اللہ نے تھام رکھا ہے آسمانوں کو اور زمین کو کہ وہ ٹل (نہ) جائیں،

وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۚ إِنَّهٗ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ﴿٤١﴾

وَلَئِنْ	زَالَتَا	إِنْ	أَمْسَكَهُمَا	مِنْ أَحَدٍ	مِّنْ بَعْدِهٖ	إِنَّهٗ	كَانَ	حَلِيمًا	غَفُورًا
اور اگر وہ	ٹل جائیں	نہ	تھامے گا انہیں	کوئی بھی	اس کے بعد	بیشک وہ	ہے	حلم والا	بخشنے والا

اور اگر وہ ٹل جائیں تو انہیں اس کے بعد کوئی بھی نہیں تھامے گا، بیشک وہ (اللہ) حلم والا، بخشنے والا ہے۔

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى

وَ اَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ	لَئِنْ	جَآءَهُمْ	نَذِيْرٌ	لَّيَكُوْنُنَّ	اَهْدٰى
اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	اپنی سخت قسمیں	اگر	ان کے پاس آئے	کوئی ڈرانے والا	البتہ وہ ضرور ہونگے	زیادہ ہدایت پانے والا

اور انہوں نے (مشرکین مکہ نے) اللہ کی بڑی سخت قسمیں کھائیں کہ اگر انکے پاس کوئی ڈرانے والا آئے وہ ضرور زیادہ ہدایت پانے والے ہونگے

مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۲﴾

مِنْ اِحْدَى	الْاُمَمِ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	نَذِيْرٌ	مَا زَادَهُمْ	اِلَّا	نُفُوْرًا
ہر ایک سے	امت (جمع)	پھر جب	ان کے پاس آیا	ایک نذیر	نہ ان (میں) زیادہ ہوا	مگر سوائے	بدکنا

(دنیا کی) ہر ایک امت سے (بڑھ کر) پھر جب ان کے پاس ایک نذیر آیا تو ان میں بدکنے کے سوا (اور کچھ) زیادہ نہ ہوا۔

اِسْتِكْبَارًا فِى الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ؕ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ؕ

اِسْتِكْبَارًا	فِى الْاَرْضِ	وَ مَكْرَ	السَّيِّئِ	وَلَا يَحِيْقُ	الْمَكْرُ	السَّيِّئُ	اِلَّا	بِاَهْلِهٖ
اپنے کو بڑا سمجھنے کے سبب	زمین (دنیا) میں	اور چال	بری	اور نہیں الٹتا (الٹا پڑتا)	چال	بری	صرف	اسکے کرنے والے پر

دنیا میں اپنے آپ کو بڑا سمجھنے کے سبب اور بری چال (کے سبب)، اور بری چال (کا وبال) صرف اس کے کرنے والے پر پڑتا ہے

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ

فَهَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	سُنَّتَ	الْاَوَّلِيْنَ	فَلَنْ تَجِدَ	لِسُنَّتِ اللّٰهِ	تَبْدِيْلًا
تو کیا	وہ انتظار کر رہے ہیں	مگر صرف	دستور	پہلے	سو تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی

تو کیا وہ صرف پہلوں کے دستور کا انتظار کر رہے ہیں! سو تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے،

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

وَ لَنْ تَجِدَ	لِسُنَّتِ اللّٰهِ	تَحْوِيْلًا	اَوَ	لَمْ يَسِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا
اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تغیر	کیا	وہ چلے پھرے نہیں	زمین (دنیا) میں	سو وہ دیکھتے

اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تغیر نہ پاؤ گے۔ کیا وہ دنیا میں چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ

كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَكَانُوْا	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً
کیسا	ہوا	عاقبت (انجام)	ان لوگوں کا جو	ان سے پہلے	اور وہ تھے	بہت زیادہ	ان سے	قوت میں

کہ ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیسا ہوا! اور وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ تھے،

وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي الْاَرْضِ ؕ

وَ مَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيُعْجِزَهٗ	مِنْ شَيْءٍ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ لَا	فِي الْاَرْضِ
اور نہیں	ہے	اللہ	کہ اسے عاجز کر دے	کوئی شے	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں

اور اللہ (ایسا) نہیں کہ کوئی شے آسمانوں میں اس کو عاجز کر دے اور نہ زمین میں (کوئی شے اسے ہرا سکتی ہے)

اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾ وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ

اِنَّهٗ	كَانَ	عَلِيْمًا	قَدِيْرًا	وَ لَوْ	يُؤَاخِذُ اللّٰهُ	النَّاسَ	بِمَا كَسَبُوْا	مَا تَرَكَ
بیشک وہ	ہے	علم والا	بڑی قدرت والا	اور اگر	اللہ پکڑ کرے	لوگ	انکے اعمال کے سبب	وہ نہ چھوڑے

بیشک وہ علم والا، قدرت والا ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب پکڑے تو وہ نہ چھوڑے

عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ

عَلٰى	ظَهْرِهَا	مِنْ دَآبَّةٍ	وَ لٰكِنْ	يُؤَخِّرُهُمْ	اِلٰى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	فَاِذَا	جَآءَ
پر	اس کی پشت	کوئی چلنے پھرنے والا	اور لیکن	وہ انہیں ڈھیل دیتا ہے	تک	ایک مدتِ معین	پھر جب	آجائے گی

کوئی چلنے پھرنے والا اس کی پشت (روئے زمین) پر لیکن وہ انہیں ایک مدتِ معین تک ڈھیل دیتا ہے، پھر جب آجائے گی،

اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ ع

اَجَلُهُمْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	بَصِيْرًا
اُن کی اجل	تو بیشک	اللہ	ہے	اپنے بندوں کو	دیکھنے والا

اُن کی اجل (اُن کے اعمال کا بدلہ ضرور ملے گا) بیشک اللہ اپنے بندوں کو دیکھنے والا ہے۔

۵ ع ۴ ۱۷

اٰیاتُھَا ۸۳ — ۳۶ سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ ۴۱ — رُکُوعَاتُھَا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

يٰسٓ ﴿۱﴾ وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳﴾ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴﴾ ؕ

يٰسٓ	وَ الْقُرْاٰنِ	الْحَكِيْمِ	اِنَّكَ	لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ
یٰسٓ	قسم ہے قرآن	باحکمت	بیشک آپ	رسولوں میں سے	پر	راستہ	سیدھا

یٰسٓ۔ قسم ہے باحکمت قرآن کی۔ بیشک آپ رسولوں میں سے ہیں۔ سیدھے راستہ پر ہیں۔

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۵﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۶﴾

تَنْزِيْلَ	الْعَزِيْزِ	الرَّحِيْمِ	لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَآ اُنْذِرَ	اٰبَآؤُهُمْ	فَهُمْ	غٰفِلُوْنَ
نازل کیا	غالب	مہربان	تاکہ آپؐ ڈرائیں	وہ قوم	نہیں ڈرائے گئے	انکے باپ (دادا)	پس وہ	غافل (جمع)

نازل کیا ہوا غالب، مہربان کا۔ تاکہ آپؐ اس قوم کو ڈرائیں، جس کے باپ دادا نہیں ڈرائے گئے، پس وہ غافل ہیں

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۷﴾ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ

لَقَدْ حَقَّ	الْقَوْلُ	عَلٰى	اَكْثَرِهِمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اِنَّا جَعَلْنَا	فِيْ	اَعْنَاقِهِمْ
تحقیق ثابت ہوگئی	بات	پر	ان میں سے اکثر	پس وہ	ایمان نہ لائیں گے	بیشک ہم نے کئے (ڈالے)	میں	ان کی گردنیں

تحقیق ان میں سے اکثر پر (اللہ کی) بات ثابت ہوچکی ہے، پس وہ ایمان نہ لائیں گے۔ بیشک ہم نے ان کی گردنوں میں ڈالے ہیں

اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿۸﴾ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

اَغْلٰلًا	فَهِيَ	اِلَى	الْاَذْقَانِ	فَهُمْ	مُقْمَحُوْنَ	وَجَعَلْنَا	مِنْ	بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
طوق	پھر وہ	تک	ٹھوڑیاں	تو وہ	سر اونچا کئے (سر اُٹھا رہے ہیں)	اور ہم نے کردی	سے	ان کے آگے

طوق، پھر وہ تھوڑی تک (اڑ گئے ہیں) تو ان کے سر اُٹھ رہے ہیں۔ اور ہم نے کردی ان کے آگے

سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۹﴾ وَسَوَآءٌ

سَدًّا	وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ	سَدًّا	فَاَغْشَيْنٰهُمْ	فَهُمْ	لَا يُبْصِرُوْنَ	وَسَوَآءٌ
ایک دیوار	اور	ان کے پیچھے	ایک دیوار	پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا	پس وہ	دیکھتے نہیں	اور برابر

ایک دیوار اور ان کے پیچھے ایک دیوار، پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا، پس وہ دیکھتے نہیں۔ اور برابر ہے

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ

عَلَيْهِمْ	ءَاَنْذَرْتَهُمْ	اَمْ	لَمْ تُنْذِرْهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اِنَّمَا	تُنْذِرُ	مَنِ
ان پر، ان کے لئے	خواہ تم انہیں ڈراؤ	یا	تم انہیں نہ ڈراؤ	وہ ایمان نہ لائیں گے	اس کے سوا نہیں	تم ڈراتے ہو	جو

ان کے لئے خواہ تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ، وہ ایمان نہ لائیں گے ۔ اس کے سوا نہیں کہ تم (اس کو) ڈراتے ہو جو

اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۱﴾

اتَّبَعَ	الذِّكْرَ	وَخَشِيَ	الرَّحْمٰنَ	بِالْغَيْبِ	فَبَشِّرْهُ	بِمَغْفِرَةٍ	وَاَجْرٍ	كَرِيْمٍ
پیروی کرے	کتاب نصیحت	اور ڈرے	رحمٰن (اللہ)	بن دیکھے	پس اسے خوشخبری دیں	بخشش کی	اور اجر	اچھا

کتاب نصیحت کی پیروی کرے۔ اور بن دیکھے اللہ سے ڈرے، پس آپؐ اسے بخشش اور اچھے اجر کی خوشخبری دیں۔

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ

اِنَّا نَحْنُ	نُحْيِ	الْمَوْتٰى	وَنَكْتُبُ	مَا قَدَّمُوْا	وَاٰثَارَهُمْ	وَكُلَّ	شَيْءٍ
بیشک ہم	زندہ کرتے ہیں	مُردے	اور ہم لکھتے ہیں	جو انہوں نے آگے بھیجا (عمل)	اور انکے اثر (نشانات)	اور ہر	شے

بیشک، ہم مُردوں کو زندہ کرتے ہیں، اور ہم لکھتے ہیں ان کے عمل جو انہوں نے آگے بھیجے اور جو انہوں نے پیچھے (آثار) چھوڑے۔ اور ہر شے کو

أَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ إِمَامٍ مُّبِيْنٍ ⑫ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ إِذْ

اَحْصَيْنٰهُ	فِيْ	اِمَامٍ مُّبِيْنٍ	وَاضْرِبْ	لَهُمْ	مَثَلًا	اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ	اِذْ
ہم نے اسے شمار کر رکھا ہے	میں	کتاب روشن (لوحِ محفوظ)	اور بیان کریں آپؐ	انکے لئے	مثال (قصہ)	بستی والے	جب

ہم نے لوحِ محفوظ میں شمار کر رکھا ہے۔ اور آپؐ ان کے لئے بستی والوں کا قصہ بیان کریں، جب

جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ⑬ إِذْ أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

جَآءَهَا	الْمُرْسَلُوْنَ	اِذْ	اَرْسَلْنَا	اِلَيْهِمُ	اثْنَيْنِ	فَكَذَّبُوْهُمَا	فَعَزَّزْنَا	بِثَالِثٍ
ان کے پاس آئے	رسول (جمع)	جب	ہم نے بھیجے	ان کی طرف	دو	تو انہوں نے جھٹلایا انہیں	پھر ہم نے تقویت دی	تیسرے سے

ان کے پاس رسول آئے۔ جب ہم نے ان کی طرف دو (رسول) بھیجے تو انہوں نے انہیں جھٹلایا، پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی

فَقَالُوْٓا إِنَّآ إِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ⑭ قَالُوْا مَآ أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ

فَقَالُوْا	اِنَّا	اِلَيْكُمْ	مُّرْسَلُوْنَ	قَالُوْا	مَآ اَنْتُمْ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	وَمَا
پس انہوں نے کہا	بیشک ہم	تمہاری طرف	بھیجے گئے	وہ بولے	تم نہیں ہو	مگر محض	آدمی	ہم جیسے	اور نہیں

پس انہوں نے کہا بیشک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ وہ بولے تم محض ہم جیسے آدمی ہو، اور نہیں

أَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَكْذِبُوْنَ ⑮ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّآ

اَنْزَلَ	الرَّحْمٰنُ	مِنْ شَيْءٍ	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	تَكْذِبُوْنَ	قَالُوْا	رَبُّنَا	يَعْلَمُ	اِنَّا
اُتارا	رحمٰن (اللہ)	کچھ	نہیں	تم	مگر محض	جھوٹ بولتے ہو	انہوں نے کہا	ہمارا پروردگار	جانتا ہے	بیشک ہم

اتارا اللہ نے کچھ بھی، تم محض جھوٹ بولتے ہو۔ (انہوں نے کہا ہمارا پروردگار جانتا ہے)، بیشک ہم

إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ⑯ وَمَا عَلَيْنَآ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ⑰ قَالُوْٓا إِنَّا تَطَيَّرْنَا

اِلَيْكُمْ	لَمُرْسَلُوْنَ	وَمَا	عَلَيْنَا	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	قَالُوْا	اِنَّا تَطَيَّرْنَا
تمہاری طرف	البتہ بھیجے گئے	اور نہیں	ہم پر	مگر	پہنچا دینا	صاف صاف	وہ کہنے لگے	ہم نے منحوس پایا

تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور ہم پر (ہمارے ذمے) نہیں مگر (صرف) صاف صاف پہنچا دینا۔ وہ کہنے لگے ہم نے بیشک منحوس پایا

بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾

بِكُمْ	لَئِنْ	لَمْ تَنْتَهُوْا	لَنَرْجُمَنَّكُمْ	وَلَيَمَسَّنَّكُمْ	مِّنَّا	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
تمہیں	اگر	تم باز نہ آئے	ضرور ہم سنگسار کر دیں گے تمہیں	اور ضرور پہنچے گا تمہیں	ہم سے	عذاب	دردناک

تمہیں، اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور تمہیں ہم سے دردناک عذاب ضرور پہنچے گا۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

قَالُوْا	طَآئِرُكُمْ	مَّعَكُمْ	اَئِنْ	ذُكِّرْتُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	مُّسْرِفُوْنَ
انہوں نے کہا	تمہاری نحوست	تمہارے ساتھ	کیا	تم سمجھائے گئے	بلکہ	تم	لوگ	حد سے بڑھنے والے

انہوں نے کہا تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے کیا تم (اس کو نحوست سمجھتے ہو) کہ تم سمجھائے گئے ہو، بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾

وَجَآءَ	مِنْ	اَقْصَا	الْمَدِيْنَةِ	رَجُلٌ	يَّسْعٰى	قَالَ	يٰقَوْمِ	اتَّبِعُوا	الْمُرْسَلِيْنَ
اور آیا	سے	پرلا سرا	شہر	ایک آدمی	دوڑتا ہوا	اس نے کہا	اے میری قوم	تم پیروی کرو	رسولوں کی

اور شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا اے میری قوم! تم رسولوں کی پیروی کرو۔

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

اتَّبِعُوْا	مَنْ	لَا يَسْـَٔلُكُمْ	اَجْرًا	وَهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ
تم پیروی کرو	جو	تم سے نہیں مانگتے	کوئی اجر	اور وہ	ہدایت یافتہ

تم ان کی پیروی کرو، جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے، اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾

وَمَا	لِيَ	لَآ اَعْبُدُ	الَّذِيْ	فَطَرَنِيْ	وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ
اور کیا ہوا	مجھے	میں عبادت کروں	وہ جس نے	پیدا کیا مجھے	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

اور مجھے کیا ہوا (میرے پاس کیا عذر ہے) کہ میں اسکی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا، اور تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ

ءَاَتَّخِذُ	مِنْ دُوْنِهٖ	اٰلِهَةً	اِنْ	يُّرِدْنِ	الرَّحْمٰنُ	بِضُرٍّ	لَا تُغْنِ عَنِّيْ	شَفَاعَتُهُمْ
کیا میں بنالوں	اس کے سوا	ایسے معبود	اگر	وہ چاہے	رحمٰن - اللہ	کوئی نقصان	نہ کام آئے میرے	ان کی سفارش

کیا میں اس کے سوا ایسے معبود بنالوں؟ اگر اللہ مجھے نقصان پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش میرے کام نہ آئے

شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

شَيْئًا	وَ	لَا يُنْقِذُوْنِ	اِنِّيْ	اِذًا	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	اِنِّيْ	اٰمَنْتُ	بِرَبِّكُمْ
کچھ بھی	اور	نہ چھڑا سکیں وہ مجھے	بیشک میں	اس وقت	البتہ گمراہی میں	کھلی	بیشک میں	میں ایمان لایا	تمہارے پروردگار پر

کچھ بھی، اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں۔ بیشک میں اس وقت کھلی گمراہی میں ہوں گا۔ بیشک میں تمہارے پروردگار پر ایمان لایا

فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ

فَاسْمَعُوْنِ	قِيْلَ	ادْخُلِ	الْجَنَّةَ	قَالَ	يٰلَيْتَ	قَوْمِيْ	يَعْلَمُوْنَ	بِمَا	غَفَرَلِيْ
پس تم میری سنو	ارشاد ہوا	تو داخل ہوجا	جنت	اس نے کہا	اے کاش	میری قوم	وہ جانتی	اس بات کو	اس نے بخشدیا مجھے

پس تم میری سنو۔ (اس شہید کو) ارشاد ہوا تو جنت میں داخل ہوجا، اس نے کہا اے کاش! میری قوم اس بات کو جانتی کہ مجھے بخشدیا

رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰي قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ

رَبِّيْ	وَجَعَلَنِيْ	مِنَ	الْمُكْرَمِيْنَ	وَمَآ اَنْزَلْنَا	عَلٰى	قَوْمِهٖ	مِنْ بَعْدِهٖ	مِنْ جُنْدٍ
میرا رب	اور اس نے کیا مجھے	سے	نوازے ہوئے لوگ	اور نہیں اتارا ہم نے	پر	اس کی قوم	اس کے بعد	کوئی لشکر

میرے رب نے اور اس نے مجھے (اپنے) نوازے ہوئے لوگوں میں سے کیا۔ اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر (فرشتوں کا) کوئی لشکر نہیں اتارا

مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

مِنَ	السَّمَآءِ	وَمَا كُنَّا	مُنْزِلِيْنَ	اِنْ كَانَتْ	اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	فَاِذَا	هُمْ
سے	آسمان	اور نہ تھے ہم	اتارنے والے	نہ تھی	مگر	چنگھاڑ	ایک	پس اچانک	وہ

آسمان سے، اور نہ ہم اتارنے والے تھے۔ (ان کی سزا) نہ تھی مگر ایک چنگھاڑ، پس وہ اچانک

خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾

خٰمِدُوْنَ	يٰحَسْرَةً	عَلَى الْعِبَادِ	مَا يَاْتِيْهِمْ	مِّنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ
بجھ کر رہ گئے	ہائے حسرت	بندوں پر	نہیں آیا ان کے پاس	کوئی رسول	مگر	وہ تھے	اس سے	ہنسی اڑاتے

بجھ کر رہ گئے۔ ہائے حسرت! بندوں پر کہ ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر وہ اس کی ہنسی اڑاتے تھے۔

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾

اَلَمْ يَرَوْا	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنَ الْقُرُوْنِ	اَنَّهُمْ	اِلَيْهِمْ	لَا يَرْجِعُوْنَ
کیا انہوں نے نہیں دیکھا	کتنی	ہلاک کیں ہم نے	ان سے قبل	بستیاں	کہ وہ	ان کی طرف	لوٹ کر نہیں آئیں گے وہ

کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟ ہم نے ان سے قبل کتنی بستیاں ہلاک کیں کہ وہ ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾ ع ٢٠ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖۚ

وَاِنْ	كُلٌّ	لَّمَّا	جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمُ	الْاَرْضُ	الْمَيْتَةُ
اور نہیں	سب	مگر	سب کے سب	ہمارے رُوبرو	حاضر کئے جائیں گے	ایک نشانی	ان کے لئے	زمین	مردہ

اور (کوئی ایسا) نہیں مگر سب کے سب ہمارے رُوبرو حاضر کئے جائیں گے۔ اور مردہ زمین ان کے لئے ایک نشانی ہے

اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ

اَحْيَيْنٰهَا	وَاَخْرَجْنَا	مِنْهَا	حَبًّا	فَمِنْهُ	يَاْكُلُوْنَ	وَجَعَلْنَا	فِيْهَا	جَنّٰتٍ	مِّنْ
ہم نے زندہ کیا اسے	اور نکالا ہم نے	اس سے	اناج	پس اس سے	وہ کھاتے ہیں	اور بنائے ہم نے	اس میں	باغات	سے۔کے

ہم نے اسے زندہ کیا اور ہم نے اس سے اناج نکالا، پس وہ اس سے کھاتے ہیں۔ اور ہم نے اس میں باغات بنائے (لگائے)

نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ

نَّخِيْلٍ	وَّاَعْنَابٍ	وَّفَجَّرْنَا	فِيْهَا	مِنَ	الْعُيُوْنِ	لِيَاْكُلُوْا	مِنْ ثَمَرِهٖ
کھجور	اور انگور	اور جاری کئے ہم نے	اس میں	سے	چشمے	تاکہ وہ کھائیں	اس کے پھلوں سے

کھجور اور انگور کے، اور ہم نے اس میں چشمے جاری کئے، تاکہ وہ اس کے پھلوں سے کھائیں

وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۗ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا

وَمَا	عَمِلَتْهُ	اَيْدِيْهِمْ	اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ	سُبْحٰنَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	الْاَزْوَاجَ	كُلَّهَا
اور نہیں	بنایا اسے	ان کے ہاتھوں	تو کیا وہ شکر نہ کریں گے	پاک	وہ ذات جس نے	پیدا کئے	جوڑے	ہر چیز

اور اسے ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا، تو کیا وہ شکر نہ کریں گے؟ پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کے جوڑے پیدا کئے

مِمَّا تُنۡۢبِتُ الۡاَرۡضُ وَمِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ وَمِمَّا لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۶﴾ وَ اٰیَۃٌ لَّہُمُ الَّیۡلُ ۚۖ

مِمَّا	تُنۡۢبِتُ	الۡاَرۡضُ	وَمِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ	وَمِمَّا	لَا یَعۡلَمُوۡنَ	وَاٰیَۃٌ	لَّہُمُ	الَّیۡلُ
اس سے جو	اگاتی ہے	زمین	اور اُن کی جانوں سے	اور اس سے جو	وہ نہیں جانتے	اور ایک نشانی	انکے لئے	رات

اس (قبیل) سے جو زمین اگاتی ہے (نباتات) اور خود انکی جانوں (انسانوں میں سے) اور ان میں سے جنہیں وہ (خود بھی) نہیں جانتے۔ اور ان کے لئے رات ایک نشانی ہے

نَسۡلَخُ مِنۡہُ النَّہَارَ فَاِذَا ہُمۡ مُّظۡلِمُوۡنَ ﴿۳۷﴾ وَ الشَّمۡسُ تَجۡرِیۡ لِمُسۡتَقَرٍّ لَّہَا ؕ

نَسۡلَخُ	مِنۡہُ	النَّہَارَ	فَاِذَا	ہُمۡ	مُّظۡلِمُوۡنَ	وَالشَّمۡسُ	تَجۡرِیۡ	لِمُسۡتَقَرٍّ	لَّہَا
ہم کھینچتے ہیں	اس سے	دن	تو اچانک	وہ	اندھیرے میں رہ جاتے ہیں	اور سورج	چلتا رہتا ہے	ٹھکانے (مقررہ راستہ)	اپنے

ہم دن کو اس سے کھینچ (نکال لیتے) ہیں تو وہ اچانک اندھیرے میں رہ جاتے ہیں۔ اور سورج اپنے مقررہ راستہ پر چلتا رہتا ہے،

ذٰلِکَ تَقۡدِیۡرُ الۡعَزِیۡزِ الۡعَلِیۡمِ ﴿ؕ۳۸﴾ وَ الۡقَمَرَ قَدَّرۡنٰہُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ کَالۡعُرۡجُوۡنِ

ذٰلِکَ	تَقۡدِیۡرُ	الۡعَزِیۡزِ	الۡعَلِیۡمِ	وَالۡقَمَرَ	قَدَّرۡنٰہُ	مَنَازِلَ	حَتّٰی	عَادَ	کَالۡعُرۡجُوۡنِ
یہ	نظام	غالب	جاننے والا (دانا)	اور چاند	ہم نے مقرر کیں اسکو	منزلیں	یہاں تک کہ	ہو جاتا ہے	کھجور کی شاخ کی طرح

یہ اللہ غالب و دانا کا نظام (مقرر کردہ) ہے۔ اور چاند کے لئے ہم نے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ وہ کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہو جاتا ہے

الۡقَدِیۡمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمۡسُ یَنۡۢبَغِیۡ لَہَاۤ اَنۡ تُدۡرِکَ الۡقَمَرَ وَ لَا الَّیۡلُ سَابِقُ

الۡقَدِیۡمِ	لَا	الشَّمۡسُ	یَنۡۢبَغِیۡ	لَہَا	اَنۡ	تُدۡرِکَ	الۡقَمَرَ	وَلَا	الَّیۡلُ	سَابِقُ
پرانی	نہ	سورج	لائق (مجال)	اسکے لئے	کہ	جا پکڑے وہ	چاند	اور نہ	رات	پہلے آسکے

(پہلی کا باریک سا چاند) نہ سورج کی مجال کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات (کی مجال) کہ پہلے آسکے

النَّہَارِ ؕ وَ کُلٌّ فِیۡ فَلَکٍ یَّسۡبَحُوۡنَ ﴿۴۰﴾ وَ اٰیَۃٌ لَّہُمۡ اَنَّا حَمَلۡنَا ذُرِّیَّتَہُمۡ فِی الۡفُلۡکِ

النَّہَارِ	وَکُلٌّ	فِیۡ فَلَکٍ	یَّسۡبَحُوۡنَ	وَاٰیَۃٌ	لَّہُمۡ	اَنَّا	حَمَلۡنَا	ذُرِّیَّتَہُمۡ	فِی الۡفُلۡکِ
دن	اور سب	دائرہ میں	تیرتے (گردش کرتے) ہیں	اور ایک نشانی	انکے لئے	کہ ہم	ہم نے سوار کیا	ان کی اولاد	کشتی میں

دن سے، اور سب اپنے دائرہ میں گردش کرتے ہیں۔ اور ان کے لئے ایک نشانی ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو سوار کیا

الۡمَشۡحُوۡنِ ﴿ۙ۴۱﴾ وَ خَلَقۡنَا لَہُمۡ مِّنۡ مِّثۡلِہٖ مَا یَرۡکَبُوۡنَ ﴿۴۲﴾ وَ اِنۡ نَّشَاۡ نُغۡرِقۡہُمۡ

الۡمَشۡحُوۡنِ	وَخَلَقۡنَا	لَہُمۡ	مِّنۡ مِّثۡلِہٖ	مَا	یَرۡکَبُوۡنَ	وَاِنۡ	نَّشَاۡ	نُغۡرِقۡہُمۡ
بھری ہوئی	اور ہم نے پیدا کیا	ان کے لئے	اس (کشتی) جیسی	جو جس	وہ سوار ہوتے ہیں	اور اگر	ہم چاہیں	ہم غرق کر دیں انہیں

بھری ہوئی کشتی میں، اور ہم نے ان کے لئے اس کشتی جیسی (اور چیزیں) پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہیں تو ہم انہیں غرق کر دیں

فَلَا صَرِيخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنقَذُونَ ۝٤٣ إِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ۝٤٤

فَلَا صَرِيخَ	لَهُمْ	وَلَا هُمْ	يُنقَذُونَ	إِلَّا	رَحْمَةً	مِّنَّا	وَمَتَاعًا	إِلَىٰ حِينٍ
تو نہ فریاد رس	ان کے لئے	اور نہ وہ	چھڑائے جائیں	مگر	رحمت	ہماری طرف سے	اور فائدہ دینا	ایک وقتِ معین تک

تو نہ (کوئی) ان کے لئے فریاد رس (ہو) اور نہ وہ چھڑائے جائیں۔ مگر (یہ کہ) ہماری رحمت سے (ہو) اور ایک وقتِ معین تک فائدہ دینا (منظور ہے)

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّقُوا مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝٤٥

وَإِذَا	قِيلَ	لَهُمُ	اتَّقُوا	مَا	بَيْنَ أَيْدِيكُمْ	وَمَا	خَلْفَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُونَ
اور جب	کہا جائے	ان سے	تم ڈرو	جو	تمہارے سامنے	اور جو	تمہارے پیچھے	شاید تم	پر رحم کیا جائے

اور جب ان سے کہا جائے کہ تم (اس عذاب سے) ڈرو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے شاید تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝٤٦ وَإِذَا

وَمَا	تَأْتِيهِم	مِّنْ آيَةٍ	مِّنْ آيَاتِ	رَبِّهِمْ	إِلَّا	كَانُوا	عَنْهَا	مُعْرِضِينَ	وَإِذَا
اور نہیں	ان کے پاس آتی	کوئی نشانی	نشانیوں میں سے	ان کا رب	مگر	وہ ہیں	اس سے	روگردانی کرتے	اور جب

اور ان کے پاس ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی نہیں آتی، مگر وہ اس سے رُوگردانی کرتے ہیں۔ اور جب

قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَن

قِيلَ	لَهُمْ	أَنفِقُوا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللَّهُ	قَالَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	لِلَّذِينَ آمَنُوا	أَنُطْعِمُ	مَن
کہا جائے	ان سے	خرچ کرو تم	اس سے جو	تمہیں دیا	اللہ	کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ان لوگوں سے جو ایمان لائے (مومن)	کیا ہم کھلائیں	(اس کو) جسے

ان سے کہا جائے کہ جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں کیا ہم اُسے کھلائیں جسے

لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝٤٧ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ

لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ	أَطْعَمَهُ	إِنْ	أَنتُمْ	إِلَّا	فِي	ضَلَالٍ	مُّبِينٍ	وَيَقُولُونَ	مَتَىٰ	هَٰذَا الْوَعْدُ
اگر اللہ چاہتا	اسے کھانے کو دیتا	نہیں	تم	مگر صرف	میں	گمراہی	کھلی	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ وعدہ

اگر اللہ چاہتا تو اسے کھانے کو دیتا، تم تو صرف کھلی گمراہی میں ہو۔ اور وہ (کافر) کہتے ہیں کب (پورا ہوگا) یہ وعدہ (قیامت)؟

إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝٤٨ مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ

إِن	كُنتُمْ	صَادِقِينَ	مَا يَنظُرُونَ	إِلَّا	صَيْحَةً	وَاحِدَةً	تَأْخُذُهُمْ	وَهُمْ
اگر	تم ہو	سچے	وہ انتظار نہیں کر رہے ہیں	مگر	چنگھاڑ	ایک	وہ انہیں آپکڑے گی	اور وہ

اگر تم سچے ہو۔ وہ انتظار نہیں کر رہے ہیں، مگر ایک چنگھاڑ (صور کی تند آواز) کی، جو انہیں آ پکڑے گی اور وہ

۳ ع ۴۸ ۲

يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ

يَخِصِّمُوْنَ	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	تَوْصِيَةً	وَلَا	اِلٰى	اَهْلِهِمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَنُفِخَ
باہم جھگڑ رہے ہوں گے	پھر نہ کر سکیں گے	وصیت کرنا	اور نہ	طرف	اپنے گھر والے	وہ لوٹ سکیں گے	اور پھونکا جائے گا

باہم جھگڑ رہے ہوں گے۔ پھر نہ وہ وصیت کر سکیں گے، اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ سکیں گے۔ اور (دوبارہ) پھونکا جائے گا

فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا

فِى الصُّوْرِ	فَاِذَا هُمْ	مِنَ	الْاَجْدَاثِ	اِلٰى رَبِّهِمْ	يَنْسِلُوْنَ	قَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	مَنْ بَعَثَنَا
صور میں	تو یکایک وہ	سے	قبریں	اپنے رب کی طرف	دوڑ پڑیں گے	وہ کہیں گے	اے وائے ہم پر	کس نے اٹھا دیا ہمیں

صور میں تو وہ یکایک قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑ پڑیں گے۔ وہ کہیں گے اے وائے ہم پر! ہمیں کس نے اٹھا دیا؟

مِنْ مَّرْقَدِنَا ٚ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ

مِنْ	مَّرْقَدِنَا	هٰذَا	مَا وَعَدَ	الرَّحْمٰنُ	وَصَدَقَ	الْمُرْسَلُوْنَ	اِنْ	كَانَتْ
سے	ہماری قبریں	یہ	جو وعدہ کیا	رحمٰن۔اللہ	اور سچ کہا تھا	رسولوں	نہ	ہوگی

ہماری قبروں سے؟ یہ ہے وہ جو اللہ رحمٰن نے وعدہ کیا تھا، اور رسولوں نے سچ کہا تھا۔ (یہ) نہ ہوگی

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ

اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	فَاِذَا	هُمْ	جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُوْنَ	فَالْيَوْمَ	لَا تُظْلَمُ
مگر	ایک چنگھاڑ	ایک	پس یکایک	وہ	سب	ہمارے سامنے	حاضر کئے جائیں گے	پس آج	نہ ظلم کیا جائے گا

مگر ایک چنگھاڑ، پس یکایک وہ سب ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے۔ پس آج ظلم نہ کیا جائے گا

نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ

نَفْسٌ	شَيْـًٔا	وَ لَا تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	اِنَّ	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	الْيَوْمَ
کسی شخص	کچھ	اور نہ تم بدلہ پاؤ گے	مگر بس	جو تم کرتے تھے	بیشک	اہل جنت	آج

کسی شخص سے کچھ (بھی) اور جو تم کرتے تھے پس اسی کا بدلہ پاؤ گے۔ بے شک آج اہل جنت

فِىْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِىْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾

فِىْ شُغُلٍ	فٰكِهُوْنَ	هُمْ	وَاَزْوَاجُهُمْ	فِىْ ظِلٰلٍ	عَلَى	الْاَرَآئِكِ	مُتَّكِـُٔوْنَ
ایک شغل میں	باتیں (خوش طبعی کرتے)	وہ	اور ان کی بیویاں	سایوں میں	پر	تختوں پر	تکیہ لگائے ہوئے

ایک شغل میں خوش طبعی کرتے ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں، تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے (بیٹھے) ہوں گے

لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُونَ ﴿۵۷﴾ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ ﴿۵۸﴾

رَّبٍّ رَّحِيمٍ	مِّنْ	قَوْلًا	سَلٰمٌ	مَا يَدَّعُونَ	وَلَهُمْ	فَاكِهَةٌ	فِيهَا	لَهُمْ
مہربان پروردگار	سے	فرمایا جائے گا	سلام	جو وہ چاہیں گے	اور ان کیلئے	میوہ	اس میں	ان کے لئے

ان کے لئے اس (جنت) میں (ہر قسم کا) میوہ ہے اور جو وہ چاہیں گے ان کے لئے (موجود ہوگا) مہربان پروردگار کی طرف سے سلام فرمایا جائے گا۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ﴿۵۹﴾ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَابَنِي آدَمَ أَنْ لَّا تَعْبُدُوا

لَا تَعْبُدُوا	أَنْ	يَابَنِي آدَمَ	إِلَيْكُمْ	أَلَمْ أَعْهَدْ	الْمُجْرِمُونَ	أَيُّهَا	الْيَوْمَ	وَامْتَازُوا
پرستش نہ کرنا	کہ	اے اولاد آدم	تمہاری طرف	کیا میں نے حکم نہیں بھیجا تھا	مجرمو (جمع)	اے	آج	اور الگ ہو جاؤ تم

اور اے مجرمو! تم آج الگ ہو جاؤ۔ اے اولاد آدم! کیا میں نے تمہاری طرف حکم نہیں بھیجا تھا؟ کہ تم پرستش نہ کرنا

الشَّيْطٰنَ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿۶۰﴾ وَّأَنِ اعْبُدُونِي هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿۶۱﴾

مُّسْتَقِيمٌ	صِرَاطٌ	هٰذَا	اعْبُدُونِي	وَأَنِ	عَدُوٌّ مُّبِينٌ	لَكُمْ	إِنَّهُ	الشَّيْطٰنَ
سیدھا	راستہ	یہی	تم میری عبادت کرنا	اور یہ کہ	دشمن کھلا	تمہارا	بیشک وہ	شیطان

شیطان کی، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ تم میری عبادت کرنا، یہی سیدھا راستہ ہے۔

وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهِ

هٰذِهِ	تَعْقِلُونَ	أَفَلَمْ تَكُونُوا	كَثِيرًا	جِبِلًّا	مِنْكُمْ	لَقَدْ أَضَلَّ	وَ
یہ ہے	؟	سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے	بہت سی	مخلوق	تم میں سے	تحقیق گمراہ کردیا	اور

اور اس نے تم میں سے بہت سی مخلوق کو گمراہ کردیا، سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ یہ ہے

جَهَنَّمُ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿۶۳﴾ اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿۶۴﴾

كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ	بِمَا	الْيَوْمَ	اصْلَوْهَا	كُنْتُمْ تُوعَدُونَ	الَّتِي	جَهَنَّمُ
تم کفر کرتے تھے	اس کے بدلے جو	آج	اس میں داخل ہو جاؤ	تم سے وعدہ کیا گیا تھا	وہ جس کا	جہنم

وہ جہنم جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ تم جو کفر کرتے تھے اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوا

كَانُوا	بِمَا	أَرْجُلُهُمْ	وَتَشْهَدُ	أَيْدِيهِمْ	وَتُكَلِّمُنَا	أَفْوَاهِهِمْ	عَلٰى	نَخْتِمُ	الْيَوْمَ
وہ تھے	اس کی جو	ان کے پاؤں	اور گواہی دیں گے	ان کے ہاتھ	اور ہم سے بولیں گے	ان کے منہ	پر	ہم مہر لگادیں گے	آج

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگادیں گے، اور ہم سے ان کے ہاتھ بولیں گے (اور اس کی) ان کے پاؤں گواہی دیں گے جو وہ

يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾

يَكْسِبُوْنَ	وَلَوْ نَشَآءُ	لَطَمَسْنَا	عَلٰى	اَعْيُنِهِمْ	فَاسْتَبَقُوا	الصِّرَاطَ	فَاَنّٰى	يُبْصِرُوْنَ
کماتے (کرتے تھے)	اور اگر ہم چاہیں	تو مٹادیں (ملیامیٹ کردیں)	پر	ان کی آنکھیں	پھر وہ سبقت کریں	راستہ	تو کہاں	وہ دیکھ سکیں گے

کرتے تھے۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھیں ملیامیٹ کردیں پھر وہ راستہ کی طرف سبقت کریں (دوڑیں) تو کہاں دیکھ سکیں گے؟

۴ ع ۱۷ ۳

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾

وَلَوْ نَشَآءُ	لَمَسَخْنٰهُمْ	عَلٰى	مَكَانَتِهِمْ	فَمَا اسْتَطَاعُوْا	مُضِيًّا	وَلَا يَرْجِعُوْنَ
اور اگر ہم چاہیں	ہم مسخ کردیں انہیں	پر میں	اور ان کی جگہیں	پھر نہ کر سکیں	چلنا	اور نہ وہ لوٹیں

اور اگر ہم چاہیں تو انہیں ان کی جگہوں میں (ان کے گھر بیٹھے) مسخ کردیں (ان کی شکلیں) پھر وہ نہ چل سکیں، اور نہ لوٹ سکیں گے

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَ

وَمَنْ	نُعَمِّرْهُ	نُنَكِّسْهُ	فِى الْخَلْقِ	اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ	وَمَا عَلَّمْنٰهُ	الشِّعْرَ	وَ
اور جس	ہم عمر دراز کردیتے ہیں	اوندھا کردیتے ہیں	خلقت (پیدائش) میں	تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟	اور ہم نے نہیں سکھایا اس کو	شعر	اور

اور ہم جس کی عمر دراز کرتے ہیں اسے پیدائش میں اوندھا کر دیتے ہیں تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے اس کو (آپؐ کو) شعر نہیں سکھایا، اور

مَا يَنْۢبَغِىْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّ

مَا يَنْۢبَغِىْ	لَهٗ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	وَ	قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ	لِّيُنْذِرَ	مَنْ	كَانَ	حَيًّا	وَ
نہیں شایاں	اس کے لئے	نہیں	وہ (یہ)	مگر	نصیحت	اور	قرآن واضح	تاکہ (آپؐ) ڈرائیں	جو	ہو	زندہ	اور

اور یہ آپؐ کے شایان نہیں تھا، یہ نہیں مگر (کتاب) نصیحت اور واضح قرآن۔ تاکہ آپؐ (اس کو) ڈرائیں جو زندہ ہو اور

يَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

يَحِقَّ	الْقَوْلُ	عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ	اَوَ لَمْ يَرَوْا	اَنَّا خَلَقْنَا	لَهُمْ	مِّمَّا	عَمِلَتْ اَيْدِيْنَا
ثابت ہوجائے	بات (حجت)	پر	جمع کافر	یا کیا وہ نہیں دیکھتے؟	ہم نے پیدا کیا	ان کے لئے	اس سے جو	بنایا اپنے ہاتھوں (قدرت) سے

اور کافروں پر حجت ثابت ہوجائے۔ یا کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے جو (چیزیں) اپنی قدرت سے بنائیں، ان سے اُن کے لئے پیدا کئے

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا

اَنْعَامًا	فَهُمْ	لَهَا	مٰلِكُوْنَ	وَذَلَّلْنٰهَا	لَهُمْ	فَمِنْهَا	رَكُوْبُهُمْ	وَمِنْهَا
چوپائے	پس وہ	ان کے	مالک ہیں	اور ہم نے فرمانبردار کیا انہیں	انکے لئے	پس ان سے	ان کی سواری	اور ان سے

چوپائے پس وہ ان کے مالک ہیں۔ اور ہم نے ان (چوپایوں) کو ان کا فرمانبردار کیا، پس ان میں سے (بعض) ان کی سواری ہیں اور ان میں سے بعض کو

يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوْا

يَاْكُلُوْنَ	وَلَهُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	وَمَشَارِبُ	اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ	وَاتَّخَذُوْا
وہ کھاتے ہیں	اور ان کے لئے	ان میں	فائدے	اور پینے کی چیزیں	کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟	اور انہوں نے بنا لئے

وہ کھاتے ہیں۔ اور ان میں ان کے لئے (بہت سے) فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟ اور انہوں نے بنا لئے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اٰلِهَةً	لَعَلَّهُمْ	يُنْصَرُوْنَ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	نَصْرَهُمْ	وَهُمْ
اللہ کے سوا	اور معبود	شاید وہ	مدد کئے جائیں	وہ نہیں کر سکتے	ان کی مدد	اور وہ

اللہ کے سوا اور معبود (اس خیالِ باطل سے کہ) شاید وہ مدد کئے جائیں۔ وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے، اور وہ

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

لَهُمْ	جُنْدٌ	مُحْضَرُوْنَ	فَلَا يَحْزُنْكَ	قَوْلُهُمْ	اِنَّا نَعْلَمُ	مَا يُسِرُّوْنَ	وَمَا
ان کے لئے	لشکر	حاضر کئے جائیں گے	پس آپ کو مغموم نہ کرے	ان کی بات	بیشک ہم جانتے ہیں	جو وہ چھپاتے ہیں	اور جو

ان کے لئے (مجرم) لشکر (کی شکل میں)، حاضر کئے جائیں گے۔ پس آپ کو ان کی بات مغموم نہ کرے۔ بیشک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور جو

يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ

يُعْلِنُوْنَ	اَوَ	لَمْ يَرَ	الْاِنْسَانُ	اَنَّا خَلَقْنٰهُ	مِنْ نُّطْفَةٍ	فَاِذَا	هُوَ	خَصِيْمٌ
وہ ظاہر کرتے ہیں	کیا	نہیں دیکھا	انسان	کہ ہم نے پیدا کیا اس کو	نطفہ سے	پھر ناگہاں	وہ	جھگڑالو

وہ ظاہر کرتے ہیں۔ کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفہ سے پیدا کیا؟ اور پھر ناگہاں وہ ہوا جھگڑالو

مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ

مُبِيْنٌ	وَضَرَبَ	لَنَا	مَثَلًا	وَنَسِيَ	خَلْقَهٗ	قَالَ	مَنْ يُحْيِ	الْعِظَامَ	وَهِيَ
کھلا	اور اس نے بیان کی	ہمارے لئے	ایک مثال	اور بھول گیا	اپنی پیدائش	کہنے لگا	کون پیدا کریگا	ہڈیاں	جبکہ وہ

کھلا۔ اور اس نے ہمارے لئے ایک مثال بیان کی اور اپنی پیدائش کو بھول گیا، کہنے لگا کون ہڈیوں کو پیدا کرے گا؟ جبکہ وہ

رَمِيْمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٩﴾

رَمِيْمٌ	قُلْ	يُحْيِيْهَا	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَهَا	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَهُوَ	بِكُلِّ	خَلْقٍ	عَلِيْمٌ
گل گئی	فرما دیں	اسے زندہ کرے گا	وہ جس نے	اسے پیدا کیا	پہلی بار	اور وہ	ہر طرح	پیدا کرنا	جاننے والا

گل گئی ہوں گی۔ آپ فرما دیں اسے وہ زندہ کرے گا جس نے اسے پہلی بار پیدا کیا، اور وہ ہر طرح سے پیدا کرنا جانتا ہے۔

الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾

الَّذِیْ	جَعَلَ	لَکُمْ	مِنَ	الشَّجَرِ	الْاَخْضَرِ	نَارًا	فَاِذَآ	اَنْتُمْ	مِنْهُ	تُوْقِدُوْنَ
جس نے	پیدا کیا	تمہارے لئے	سے	درخت	سبز	آگ	پس اب	تم	اس سے	سلگاتے ہو

جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی، پس اب تم اس سے (آگ) سلگاتے ہو۔

اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ

اَوَ	لَیْسَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِقٰدِرٍ	عَلٰی	اَنْ	یَّخْلُقَ	مِثْلَهُمْ
کیا	نہیں	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	قادر	پر	کہ	وہ پیدا کرے	اُن جیسا

وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسا اور پیدا کرے

بَلٰی ۚ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ

بَلٰی	وَهُوَ	الْخَلّٰقُ	الْعَلِیْمُ	اِنَّمَا	اَمْرُهٗ	اِذَا	اَرَادَ شَیْئًا	اَنْ	یَقُوْلَ	لَهٗ	کُنْ
ہاں	اور وہ	بڑا پیدا کرنیوالا	دانا	اس کے سوا نہیں	اس کا کام	جب	وہ ارادہ کرے کسی شے کا	کہ	وہ کہتا ہے	اس کو	ہوجا

ہاں! (کیوں نہیں) وہ بڑا پیدا کرنے والا، دانا ہے۔ اس کا کام اسکے سوا نہیں کہ وہ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ اس کو کہتا ہے "ہو جا"

فَیَکُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

فَیَکُوْنُ	فَسُبْحٰنَ	الَّذِیْ	بِیَدِهٖ	مَلَکُوْتُ	کُلِّ شَیْءٍ	وَّاِلَیْهِ	تُرْجَعُوْنَ
تو وہ ہوجاتی ہے	سو پاک ہے	وہ جس	اسکے ہاتھ میں	بادشاہت	ہر شے	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤگے

تو وہ ہو جاتی ہے۔ سو پاک ہے وہ (ذاتِ واحد) جس کے ہاتھ میں ہر شے کی بادشاہت ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤگے۔

اٰیَاتُهَا ۱۸۲ — ۳۷ سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَکِّیَّةٌ ۵۶ — رُکُوْعَاتُهَا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَکُمْ

وَ	الصّٰٓفّٰتِ	صَفًّا	فَالزّٰجِرٰتِ	زَجْرًا	فَالتّٰلِیٰتِ	ذِکْرًا	اِنَّ	اِلٰهَکُمْ
قسم	صف باندھنے والے	پرا جما کر	پھر ڈانٹنے والے	جھڑک کر	پھر تلاوت کرنے والے	ذکر (قرآن)	بیشک	تمہارا معبود

قسم ہے پرا جما کر صف باندھنے والے (فرشتوں) کی، پھر جھڑک کر ڈانٹنے والوں کی، پھر قرآن تلاوت کرنے والوں کی، بیشک تمہارا معبود

لَوَاحِدٌ ۝۴ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝۵ اِنَّا زَيَّنَّا

لَوَاحِدٌ	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	وَرَبُّ	الْمَشَارِقِ	اِنَّا زَيَّنَّا
البتہ ایک	پروردگار	آسمانوں	اور زمین	اور جو ان کے درمیان	اور پروردگار	مشرقوں	بیشک ہم نے مزین کیا

ایک ہی ہے۔ پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان دونوں کے درمیان ہے، اور پروردگار ہے مشرقوں (مقاماتِ طلوع) کا۔ بیشک ہم نے مزین کیا

السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ۝۶ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝۷

السَّمَآءَ الدُّنْيَا	بِزِيْنَةِ	ِۨالْكَوَاكِبِ	وَحِفْظًا	مِنْ	كُلِّ شَيْطٰنٍ	مَارِدٍ
آسمانِ دنیا	زینت سے	ستارے	اور محفوظ کیا	سے	ہر شیطان	سرکش

آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے ۔ اور ہر سرکش شیطان سے محفوظ کیا۔

لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ

لَا يَسَّمَّعُوْنَ	اِلَى	الْمَلَاِ الْاَعْلٰى	وَيُقْذَفُوْنَ	مِنْ	كُلِّ جَانِبٍ	دُحُوْرًا	وَلَهُمْ
کان نہیں لگا سکتے	طرف	ملائے اعلیٰ	اور مارے جاتے ہیں	سے	ہر طرف	بھگانے کو	اور ان کے لئے

اور ملائے اعلیٰ (اوپر کی مجلس) کی طرف کان نہیں لگا سکتے، ہر طرف سے بھگانے کو (انگارے) مارے جاتے ہیں۔ اور ان کے لئے

عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ فَاسْتَفْتِهِمْ

عَذَابٌ وَّاصِبٌ	اِلَّا	مَنْ	خَطِفَ	الْخَطْفَةَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ ثَاقِبٌ	فَاسْتَفْتِهِمْ
عذاب دائمی	سوائے	جو	لے بھاگا	اُچک کر	تو اس کے پیچھے لگا	ایک انگارا دہکتا ہوا	پس ان سے پوچھیں

دائمی عذاب ہے۔ سوائے اس کے جو اُچک کر لے بھاگا تو اس کے پیچھے ایک دہکتا ہوا انگارا لگا۔ پس آپ ان سے پوچھیں

اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝۱۱ بَلْ

اَهُمْ	اَشَدُّ خَلْقًا	اَمْ	مَنْ	خَلَقْنَا	اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ	مِنْ	طِيْنٍ لَّازِبٍ	بَلْ
کیا ان	زیادہ مشکل پیدا کرنا	یا	جو	ہم نے پیدا کیا	بیشک ہم نے پیدا کیا انہیں	سے	مٹی چپکتی ہوئی	بلکہ

کیا ان کا پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے، یا جو (مخلوق) ہم نے پیدا کی؟ بیشک ہم نے انہیں چپکتی ہوئی مٹی (گارے) سے پیدا کیا ۔ بلکہ

عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۝۱۲ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۝۱۳ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝۱۴

عَجِبْتَ	وَيَسْخَرُوْنَ	وَاِذَا	ذُكِّرُوْا	لَا يَذْكُرُوْنَ	وَاِذَا	رَاَوْا	اٰيَةً	يَسْتَسْخِرُوْنَ
آپ نے تعجب کیا	اور وہ مذاق اڑاتے ہیں	اور جب	نصیحت کی جائے	وہ نصیحت قبول نہیں کرتے	اور جب	وہ دیکھتے ہیں	کوئی نشانی	وہ ہنسی میں اڑا دیتے ہیں

آپ نے (ان کی حالت پر) تعجب کیا اور وہ مذاق اڑاتے ہیں اور جب انہیں نصیحت کی جائے تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے۔ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو وہ ہنسی میں اڑا دیتے ہیں۔

وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

وَقَالُوْٓا	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا	تُرَابًا	وَّعِظَامًا	ءَاِنَّا
اور انہوں نے کہا	نہیں	یہ	مگر صرف	جادو کھلا	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہم ہو گئے	مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم

اور انہوں نے کہا یہ تو صرف کھلا جادو ہے - کیا جب ہم مر گئے؟ اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو گئے؟ کیا ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

لَمَبْعُوْثُوْنَ	اَوَ	اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ	قُلْ	نَعَمْ	وَاَنْتُمْ	دَاخِرُوْنَ
پھر اٹھائے جائیں گے	کیا	ہمارے باپ دادا پہلے	فرمادیں	ہاں	اور تم	ذلیل و خوار

پھر اٹھائے جائیں گے ؟ کیا ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)؟ آپ فرمادیں ہاں ! اور تم ذلیل و خوار ہو گے۔

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾

فَاِنَّمَا	هِيَ	زَجْرَةٌ	وَّاحِدَةٌ	فَاِذَا	هُمْ	يَنْظُرُوْنَ	وَقَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	هٰذَا	يَوْمُ الدِّيْنِ
پس اس کے سوا نہیں	وہ	للکار	ایک	پس ناگہاں	وہ	دیکھنے لگیں گے	اور وہ کہیں گے	ہائے ہماری خرابی	یہ	بدلے کا دن

پس اس کے سوا نہیں کہ وہ ایک للکار ہوگی، پس ناگہاں وہ دیکھنے لگیں گے - اور وہ کہیں گے، ہائے ہماری خرابی ! یہ بدلے کا دن ہے -

۱ ع ۲۱ ۵

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ

هٰذَا	يَوْمُ الْفَصْلِ	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	اُحْشُرُوا	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	وَاَزْوَاجَهُمْ
یہ	فیصلے کا دن	وہ جس	تم تھے	اس کو	جھٹلاتے	تم جمع کرو	وہ جنہوں نے ظلم کیا (ظالم)	اور ان کے جوڑے (ساتھی)

یہ فیصلے کا دن ہے، وہ جس کو تم جھٹلاتے تھے - تم ظالموں کو اور ان کے ساتھیوں کو جمع کرو

وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾

وَمَا	كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	فَاهْدُوْهُمْ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْجَحِيْمِ
اور جس	وہ پرستش کرتے تھے	اللہ کے سوا	پس تم ان کو دکھاؤ	طرف	راستہ	جہنم

جس کی وہ پرستش کرتے تھے، اللہ کے سوا ۔ پس تم ان کو جہنم کا راستہ دکھاؤ۔

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾

وَقِفُوْهُمْ	اِنَّهُمْ	مَسْئُوْلُوْنَ	مَا لَكُمْ	لَا تَنَاصَرُوْنَ	بَلْ	هُمْ	الْيَوْمَ	مُسْتَسْلِمُوْنَ
اور ٹھہراؤ ان کو	بیشک وہ	ان سے پرسش ہوگی	کیا ہوا تمہیں	تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے	بلکہ	وہ	آج	سر جھکائے فرمانبردار

اور ان کو ٹھہراؤ، بیشک ان سے پرسش ہوگی - تمہیں کیا ہوا ؟ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے، بلکہ وہ آج سر جھکائے فرمانبردار (اپنے آپکو پکڑواتے) ہیں

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٢٧﴾ قَالُوا إِنَّكُمْ كُنتُمْ تَأْتُونَنَا عَنِ الْيَمِينِ ﴿٢٨﴾

وَأَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلَىٰ بَعْضٍ	يَتَسَاءَلُونَ	قَالُوا	إِنَّكُمْ	كُنتُمْ تَأْتُونَنَا	عَنِ الْيَمِينِ
اور رُخ کرے گا	ان میں سے بعض (ایک)	بعض پر دوسرے کی طرف	باہم سوال کرتے ہوئے	وہ کہیں گے	بیشک تم	تم ہم پر آتے تھے	دائیں طرف سے

اور ان میں سے ایک دوسرے کی طرف باہم سوال کرتے ہوئے رُخ کرے گا۔ وہ کہیں گے بیشک تم ہم پر دائیں طرف سے (بڑے زور سے) آتے تھے۔

قَالُوا بَل لَّمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُم مِّن سُلْطَانٍ ۖ بَلْ

قَالُوا	بَلْ	لَمْ تَكُونُوا	مُؤْمِنِينَ	وَمَا	كَانَ	لَنَا	عَلَيْكُمْ	مِنْ سُلْطَانٍ	بَلْ
وہ کہیں گے	بلکہ	تم نہ تھے	ایمان لانے والے	اور نہ	تھا	ہمارا	تم پر	کوئی زور	بلکہ

وہ کہیں گے (نہیں) بلکہ تم ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور ہمارا تم پر کوئی زور نہ تھا، بلکہ

كُنتُمْ قَوْمًا طَاغِينَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۖ إِنَّا لَذَائِقُونَ ﴿٣١﴾ فَأَغْوَيْنَاكُمْ

كُنتُمْ	قَوْمًا	طَاغِينَ	فَحَقَّ	عَلَيْنَا	قَوْلُ	رَبِّنَا	إِنَّا	لَذَائِقُونَ	فَأَغْوَيْنَاكُمْ
تم تھے	ایک قوم	سرکش	پس ثابت ہوگئی	ہم پر	بات	ہمارا رب	بیشک ہم	البتہ چکھنے والے	پس ہم نے بہکایا تمہیں

تم ایک سرکش قوم تھے۔ پس ہم پر ہمارے رب کی بات ثابت ہوگئی، بیشک ہم البتہ (مزہ) چکھنے والے ہیں۔ پس ہم نے تمہیں بہکایا

إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ ﴿٣٢﴾ فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ﴿٣٣﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ

إِنَّا كُنَّا	غَاوِينَ	فَإِنَّهُمْ	يَوْمَئِذٍ	فِي الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُونَ	إِنَّا	كَذَٰلِكَ	نَفْعَلُ
بیشک ہم تھے	گمراہ	پس بیشک وہ	اس دن	عذاب میں	مشترک (شریک)	بیشک ہم	اسی طرح	کرتے ہیں

بیشک ہم (خود) گمراہ تھے۔ پس بیشک وہ اس دن عذاب میں (بھی) شریک رہیں گے۔ بیشک ہم اسی طرح کرتے ہیں

بِالْمُجْرِمِينَ ﴿٣٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٣٥﴾

بِالْمُجْرِمِينَ	إِنَّهُمْ	كَانُوا	إِذَا	قِيلَ	لَهُمْ	لَا	إِلَٰهَ	إِلَّا اللَّهُ	يَسْتَكْبِرُونَ
مجرموں کے ساتھ	بیشک وہ	وہ تھے	جب	کہا جاتا	ان کو	نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	وہ تکبّر کرتے تھے

مجرموں کے ساتھ۔ بیشک جب اُن سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں (تو) وہ تکبّر کرتے تھے۔

وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُو آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍ ﴿٣٦﴾ بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ

وَيَقُولُونَ	أَئِنَّا	لَتَارِكُو	آلِهَتِنَا	لِشَاعِرٍ	مَجْنُونٍ	بَلْ	جَاءَ	بِالْحَقِّ	وَصَدَّقَ
اور وہ کہتے ہیں	کیا ہم	چھوڑ دینے والے	اپنے معبود	ایک شاعر کی خاطر	دیوانے	بلکہ	وہ آئے	حق کے ساتھ	اور تصدیق کی

اور وہ کہتے ہیں کیا ہم اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں؟ ایک شاعر، دیوانے کی خاطر۔ بلکہ وہ حق کے ساتھ آئے ہیں اور وہ تصدیق کرتے ہیں

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

الْمُرْسَلِيْنَ	اِنَّكُمْ	لَذَآئِقُوا	الْعَذَابِ	الْاَلِيْمِ	وَمَا تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا
رسولوں کی	بیشک تم	ضرور چکھنے والے	عذاب	دردناک	اور تمہیں بدلہ نہ دیا جائے گا	مگر	جو

رسولوں کی۔ بیشک تم دردناک عذاب ضرور چکھنے والے ہو۔ اور تمہیں بدلہ نہ دیا جائے گا مگر (اس کے مطابق) جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ
تم کرتے تھے	مگر	اللہ کے بندے	خاص کئے ہوئے	یہی لوگ	انکے لئے	رزق معلوم

تم کرتے تھے۔ (ہاں) مگر اللہ کے خاص کئے ہوئے (چنے ہوئے) بندے۔ ان کے لئے رزق معلوم (مقرر) ہے۔

فَوَاكِهُ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ

فَوَاكِهُ	وَهُمْ	مُكْرَمُوْنَ	فِيْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ	عَلٰى	سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ	يُطَافُ
میوے	اور وہ	اعزاز والے ہوں گے	میں	نعمت کے باغات	پر	(جمع) تخت آمنے سامنے	دَورہ ہوگا

(یعنی) میوے، اور وہ اعزاز والے ہوں گے' نعمت کے باغات میں ' تختوں پر آمنے سامنے۔ دَورہ ہوگا

عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّ

عَلَيْهِمْ	بِكَاْسٍ	مِّنْ	مَّعِيْنٍ	بَيْضَآءَ	لَذَّةٍ	لِّلشّٰرِبِيْنَ	لَا فِيْهَا	غَوْلٌ	وَ
ان پر۔ انکے آگے	جام	سے۔ کا	بہتا ہوا مشروب	سفید	لذت	پینے والوں کے لئے	نہ اس میں	خرابی (دردِ سر)	اور

اُن کے آگے بہتے ہوئے (صاف) مشروب کے جام کا۔ سفید رنگ کا، پینے والوں کے لئے لذّت (دینے والا)۔ نہ اس میں دردِ سر ہوگا اور

لَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ

لَا هُمْ	عَنْهَا	يُنْزَفُوْنَ	وَعِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	عِيْنٌ	كَاَنَّهُنَّ	بَيْضٌ
نہ وہ	اس سے	بہکی باتیں کریں گے	اور ان کے پاس	نیچی نگاہوں والیاں	بڑی آنکھوں والیاں	گویا وہ	انڈے

نہ وہ اس سے بہکی بہکی باتیں کریں گے۔ اور اُن کے پاس ہونگی نیچی نگاہوں والیاں، بڑی بڑی آنکھوں والیاں، گویا وہ انڈے ہیں

مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ

مَّكْنُوْنٌ	فَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	يَتَسَآءَلُوْنَ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ
پوشیدہ رکھے ہوئے	پس رخ کرے گا	ان میں سے بعض (ایک)	بعض پر (دوسرے کی طرف)	باہم سوال کرتے ہوئے	کہے گا	ایک کہنے والا	ان میں سے

پوشیدہ رکھے ہوئے۔ پھر اُن میں سے ایکدوسرے کی طرف باہم سوال کرتے ہوئے رُخ کرے گا۔ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا

إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ ﴿٥١﴾ يَقُولُ أَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ﴿٥٢﴾ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

إِنِّي	كَانَ	لِي	قَرِينٌ	يَقُولُ	أَئِنَّكَ	لَمِنَ	الْمُصَدِّقِينَ	أَئِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا
بیشک میں	تھا	میرا	ایک ہم نشین	وہ کہتا تھا	کیا تو	سے	سچے جاننے والے	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہو گئے

بیشک (دنیا میں) میرا ایک ہم نشین تھا۔ وہ کہا کرتا تھا کیا تو (قیامت کو) سچ ماننے والوں میں سے ہے؟ کیا جب ہم مر گئے، اور ہم ہو گئے

تُرَابًا وَّعِظَامًا أَئِنَّا لَمَدِينُونَ ﴿٥٣﴾ قَالَ هَلْ أَنْتُمْ مُطَّلِعُونَ ﴿٥٤﴾ فَاطَّلَعَ فَرَآهُ

تُرَابًا	وَعِظَامًا	أَئِنَّا	لَمَدِينُونَ	قَالَ	هَلْ	أَنْتُمْ	مُطَّلِعُونَ	فَاطَّلَعَ	فَرَآهُ
مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم	البتہ بدلہ دیئے جائیں گے	وہ کہنے لگا	کیا	تم	جھانکنے والے ہو	تو وہ جھانکے گا	تو اسے دیکھے گا

مٹی اور ہڈیاں، کیا ہمیں بدلہ دیا جائے گا؟ وہ کہے گا کیا تم جھانکنے والے ہو (دوزخ کو جھانک کر دیکھ سکتے ہو؟) تو وہ جھانکے گا تو اسے دیکھے گا

فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٥٥﴾ قَالَ تَاللَّهِ إِنْ كِدْتَ لَتُرْدِينِ ﴿٥٦﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي

فِي	سَوَاءِ	الْجَحِيمِ	قَالَ	تَاللَّهِ	إِنْ كِدْتَ	لَتُرْدِينِ	وَلَوْ	لَا	نِعْمَةُ	رَبِّي
میں	درمیان	دوزخ	وہ کہے گا	اللہ کی قسم	تو قریب تھا	کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالے	اور اگر	نہ	نعمت	میرا رب

دوزخ کے درمیان میں۔ وہ کہے گا، اللہ کی قسم! قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالے۔ اور اگر میرے رب کی نعمت نہ ہوتی

لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾ أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾ إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَ

لَكُنْتُ	مِنَ	الْمُحْضَرِينَ	أَفَمَا نَحْنُ	بِمَيِّتِينَ	إِلَّا	مَوْتَتَنَا	الْأُولَىٰ	وَ
تو میں ضرور ہوتا	سے	حاضر کئے جانے والے	کیا پس نہیں ہم	مرنے والوں میں سے	سوائے	ہماری موت	پہلی	اور

تو میں ضرور (عذاب کے لئے) حاضر کئے جانے والوں میں ہوتا۔ پس پہلی موت کے سوائے ہم مرنے والوں میں سے نہیں (آئندہ ہم پر کوئی موت نہ آئیگی) اور نہ

مَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ

مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِينَ	إِنَّ	هَٰذَا	لَهُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِيمُ	لِمِثْلِ هَٰذَا	فَلْيَعْمَلِ
نہیں	ہم	عذاب دیئے جانیوالوں میں سے	بیشک	یہ	البتہ وہ	کامیابی عظیم	اس جیسی (نعمت) کے لئے	پس چاہیے ضرور عمل کریں

ہم عذاب دیئے جانے والوں میں سے ہوں گے۔ بیشک یہی ہے عظیم کامیابی۔ پس اس جیسی نعمت کے لئے چاہیئے ضرور عمل کریں

الْعَامِلُونَ ﴿٦١﴾ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً

الْعَامِلُونَ	أَذَٰلِكَ	خَيْرٌ	نُزُلًا	أَمْ	شَجَرَةُ الزَّقُّومِ	إِنَّا	جَعَلْنَاهَا	فِتْنَةً
عمل کرنے والے	کیا یہ	بہتر	ضیافت	یا	درخت تھوہر	بیشک ہم	ہم نے اس کو بنایا	ایک آزمائش

عمل کرنے والے۔ کیا یہ بہتر ضیافت ہے؟ یا تھوہر کا درخت؟ بیشک ہم نے اس کو ایک آزمائش بنایا ہے

لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ

لِلظّٰلِمِيْنَ	اِنَّهَا	شَجَرَةٌ	تَخْرُجُ	فِيْٓ	اَصْلِ	الْجَحِيْمِ	طَلْعُهَا	كَاَنَّهٗ
ظالموں کے لئے	بیشک وہ	ایک درخت	وہ نکلتا ہے	میں	جڑ	جہنم	اس کا خوشہ	گویا کہ وہ

ظالموں کے لئے۔ بیشک وہ ایک درخت ہے جہنم کی جڑ (گہرائی) میں نکلتا ہے اس کا خوشہ، گویا کہ وہ

رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ

رُءُوْسُ	الشَّيٰطِيْنِ	فَاِنَّهُمْ	لَاٰكِلُوْنَ	مِنْهَا	فَمَالِئُوْنَ	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ
سر (جمع)	شیطانوں	پس بیشک وہ	کھانے والے ہیں	اس سے	سو بھرنے والے	اس سے	پیٹ (جمع)	پھر	بیشک

شیطانوں کے سر (سانپوں کے پھن) ہیں۔ بیشک وہ اس سے کھائیں گے، سو اس سے پیٹ بھریں گے۔ پھر بیشک

لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ اِنَّهُمْ

لَهُمْ	عَلَيْهَا	لَشَوْبًا	مِّنْ	حَمِيْمٍ	ثُمَّ	اِنَّ	مَرْجِعَهُمْ	لَا	اِلَى	الْجَحِيْمِ	اِنَّهُمْ
ان کے لئے	اس پر	ملا ملا کر	سے	کھولتا ہوا پانی	پھر	بیشک	ان کی بازگشت	البتہ	طرف	جہنم	بیشک اُن

(اس کھانے) پر ان کے لئے کھولتا ہوا پانی (پیپ) ملا ملا کر (دیا جائے گا) پھر انکی بازگشت جہنم ہی کی طرف ہوگی۔ بیشک انہوں نے

اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ

اَلْفَوْا	اٰبَآءَهُمْ	ضَآلِّيْنَ	فَهُمْ	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	يُهْرَعُوْنَ	وَ	لَقَدْ ضَلَّ	قَبْلَهُمْ
انہوں نے پایا	اپنے باپ دادا	گمراہ (جمع)	سو وہ	ان کے نقش قدم پر	دوڑتے جاتے تھے	اور تحقیق گمراہ ہوئے		ان سے پہلے

اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا تھا، سو وہ ان کے نقش قدم پر دوڑے جاتے تھے۔ اور تحقیق ان سے پہلے گمراہ ہوئے تھے

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	فِيْهِمْ	مُّنْذِرِيْنَ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
اگلوں میں سے اکثر	اور	تحقیق ہم نے بھیجے	ان میں	ڈرانے والے	سو دیکھیں	کیسا	ہوا

(ان کے) اگلوں میں سے اکثر۔ اور تحقیق ہم نے ان میں ڈرانے والے (رسول) بھیجے تھے۔ سو آپ دیکھیں کیسا ہوا

عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ

عَاقِبَةُ	الْمُنْذَرِيْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	وَ	لَقَدْ نَادٰىنَا	نُوْحٌ
انجام	جنہیں ڈرایا گیا	مگر	اللہ کے بندے	خاص کئے ہوئے	اور تحقیق ہمیں پکارا		نوحؑ

ان کا انجام جنہیں ڈرایا گیا تھا؟ (ہاں)، مگر اللہ کے خاص کئے ہوئے بندے (بندگانِ خاص کا انجام کتنا اچھا ہوا)۔ اور تحقیق نوحؑ نے ہمیں پکارا

٢
ع ٥٣
٦

فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا

فَلَنِعْمَ	الْمُجِيْبُوْنَ	وَنَجَّيْنٰهُ	وَاَهْلَهٗ	مِنَ	الْكَرْبِ	الْعَظِيْمِ	وَجَعَلْنَا
سو ہم البتہ خوب	دعا قبول کرنے والے	اور ہم نے نجات دی اسے	اور اسکے گھروالے	سے	مصیبت	بڑی	اور ہم نے کیا

سو ہم خوب دعا قبول کرنے والے ہیں۔ اور ہم نے اسے اور اس کے گھروالوں کو بڑی مصیبت سے نجات دی۔ اور ہم نے کیا

ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ

ذُرِّيَّتَهٗ	هُمُ	الْبٰقِيْنَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِ	فِي	الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى	نُوْحٍ
اس کی اولاد	وہ	باقی رہنے والی	اور ہم نے چھوڑا	اس پر۔اس کا	میں	بعد میں آنے والے	سلام ہو	پر	نوح ؑ

اس کی اولاد کو باقی رہنے والی۔ اور ہم نے اس کا (ذکرِ خیر) بعد میں آنے والوں میں چھوڑا۔ نوح ؑ پر سلام ہو

فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾

فِي الْعٰلَمِيْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ
سارے جہانوں میں	بیشک ہم	اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے	مومن (جمع)

سارے جہانوں میں۔ بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ

ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِيْنَ	وَاِنَّ	مِنْ	شِيْعَتِهٖ	لَاِبْرٰهِيْمَ	اِذْ جَآءَ	رَبَّهٗ	بِقَلْبٍ
پھر	ہم نے غرق کر دیا	دوسرے	اور بیشک	سے	اسکے طریقہ پر چلنے والے	البتہ ابراہیم ؑ	(یاد کرو) جب وہ آیا	اپنا رب	دل کے ساتھ

پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا۔ اور بیشک ابراہیم ؑ اسی کے طریقے پر چلنے والوں میں سے تھے۔ جب وہ اپنے رب کے پاس آئے صاف دل کے ساتھ

سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ

سَلِيْمٍ	اِذْ قَالَ	لِاَبِيْهِ	وَقَوْمِهٖ	مَاذَا	تَعْبُدُوْنَ	اَئِفْكًا	اٰلِهَةً	دُوْنَ اللّٰهِ
صاف	جب اس نے کہا	اپنے باپ کو	اور اپنی قوم	کس چیز	تم پرستش کرتے ہو	کیا جھوٹ موٹ کے	معبود	اللہ کے سوا

(عیب سے پاک دل کے ساتھ) (یاد کرو) جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا تم کس (واہیات) چیز کی پرستش کرتے ہو؟ کیا تم اللہ کے سوا جھوٹ موٹ کے معبود

تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾

تُرِيْدُوْنَ	فَمَا	ظَنُّكُمْ	بِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	فَنَظَرَ	نَظْرَةً	فِي	النُّجُوْمِ
تم چاہتے ہو	سو کیا	تمہارا گمان	پروردگار کے بارے میں	تمام جہانوں	پھر اس نے دیکھا	ایک نظر	میں۔کو	ستارے

چاہتے ہو؟ سو تمام جہانوں کے پروردگار کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے؟ پھر اس نے ستاروں کو ایک نظر دیکھا۔

فَقَالَ اِنِّیْ سَقِیْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِیْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ اِلٰٓی اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ

فَقَالَ	اِنِّیْ	سَقِیْمٌ	فَتَوَلَّوْا	عَنْهُ	مُدْبِرِیْنَ	فَرَاغَ	اِلٰٓی	اٰلِهَتِهِمْ	فَقَالَ
تو اس نے کہا	بیشک میں	بیمار ہوں	پس وہ پھر گئے	اس سے	پیٹھ پھیر کر	پھر چھپ کر گھس گیا	طرف میں	ان کے معبودوں	پھر کہنے لگا

تو اس نے کہا بیشک میں بیمار ہوں۔ پس وہ پیٹھ پھیر کر اس سے پھر گئے۔ پھر وہ ان کے معبودوں میں چھپ کر گھس گیا، پھر وہ (بطور تمسخر) کہنے لگا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْٓا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ	مَا لَكُمْ	لَا تَنْطِقُوْنَ	فَرَاغَ	عَلَيْهِمْ	ضَرْبًا	بِالْيَمِيْنِ	فَاَقْبَلُوْٓا
کیا تم نہیں کھاتے	کیا ہوا تمہیں ؟	تم بولتے نہیں	پھر جا پڑا وہ	ان پر	مارتا ہوا	اپنے داہنے ہاتھ (قدرت سے)	پھر وہ متوجہ ہوئے

کیا تم کھاتے نہیں ؟ تمہیں کیا ہوا ؟ تم بولتے نہیں ؟ پھر وہ پوری قوت سے مارتا ہوا ان پر جا پڑا۔ پھر وہ (بت پرست) متوجہ ہوئے

اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾

اِلَيْهِ	يَزِفُّوْنَ	قَالَ	اَتَعْبُدُوْنَ	مَا تَنْحِتُوْنَ	وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	وَمَا	تَعْمَلُوْنَ
اس کی طرف	دوڑتے ہوئے	اس نے فرمایا	کیا تم پرستش کرتے ہو	جو تم تراشتے ہو	حالانکہ اللہ	اس نے پیدا کیا تمہیں	اور جو	تم کرتے ہو

اسکی طرف دوڑتے ہوئے (آئے)۔ اس نے فرمایا کیا تم (ان کی) پرستش کرتے ہو؟ جو تم خود تراشتے ہو۔ حالانکہ اللہ نے تمہیں پیدا کیا اور جو تم کرتے (بناتے) ہو۔

قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِی الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾

قَالُوا	ابْنُوْا	لَهٗ	بُنْيَانًا	فَاَلْقُوْهُ	فِی الْجَحِيْمِ	فَاَرَادُوْا	بِهٖ	كَيْدًا	فَجَعَلْنٰهُمُ	الْاَسْفَلِيْنَ
انہوں نے کہا	بناؤ	اسکے لئے	ایک عمارت	پھر ڈال دو اسے	آگ میں	پھر انہوں نے چاہا	اس پر	داؤ	تو ہم نے کر دیا انہیں	زیر

انہوں نے (ایک دوسرے کو) کہا اس کے لئے ایک عمارت (آتش خانہ) بناؤ پھر اسے آگ میں ڈال دو۔ پھر انہوں نے اس پر داؤ کرنا چاہا تو ہم نے انہیں زیر کر دیا۔

وَقَالَ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

وَقَالَ	اِنِّیْ	ذَاهِبٌ	اِلٰی رَبِّیْ	سَيَهْدِيْنِ	رَبِّ	هَبْ لِیْ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ
اور اس (ابراہیم) نے کہا	بیشک میں	جانے والا ہوں	اپنے رب کی طرف	عنقریب وہ مجھے راہ دکھائے گا	اے میرے رب	مجھے عطا فرما	سے	نیک صالح (جمع)

اور ابراہیمؑ نے کہا میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہ عنقریب مجھے بھی راہ دکھائے گا۔ اے میرے رب! مجھے صالحین میں سے (نیک اولاد) عطا فرما۔

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ يٰبُنَیَّ اِنِّیْٓ اَرٰی فِی الْمَنَامِ

فَبَشَّرْنٰهُ	بِغُلٰمٍ	حَلِيْمٍ	فَلَمَّا	بَلَغَ	مَعَهُ	السَّعْیَ	قَالَ	يٰبُنَیَّ	اِنِّیْٓ اَرٰی	فِی	الْمَنَامِ
پس بشارت دی ہم نے اسے	ایک لڑکا	بردبار	پھر جب	وہ پہنچا	اسکے ساتھ	دوڑنے	اس نے کہا	اے میرے بیٹے	بیشک میں دیکھتا ہوں	میں	خواب

پس ہم نے اسے ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی۔ پھر جب وہ اسکے ساتھ دوڑنے (کی عمر کو) پہنچا تو ابراہیمؑ نے کہا اے میرے بیٹے! بیشک میں خواب میں دیکھتا ہوں

اِنِّیْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی ؕ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِیْٓ

اِنِّیْٓ	اَذْبَحُكَ	فَانْظُرْ	مَاذَا	تَرٰی	قَالَ	يٰٓاَبَتِ	افْعَلْ	مَا تُؤْمَرُ	سَتَجِدُنِیْٓ
کہ میں	تجھے ذبح کر رہا ہوں	اب تو دیکھ	کیا	تیری رائے	اس نے کہا	اے میرے ابا جان	آپ کریں	جو آپ کو حکم کیا جاتا ہے	آپ جلد ہی مجھے پائیں گے

کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔ اب تو دیکھ تیری کیا رائے ہے؟ اس نے کہا اے میرے ابا جان! آپکو جو حکم کیا جاتا ہے وہ کریں، آپ مجھے جلد ہی پائیں گے

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿١٠٣﴾ وَنَادَيْنٰهُ

اِنْ	شَآءَ اللّٰهُ	مِنَ	الصّٰبِرِيْنَ	فَلَمَّا	اَسْلَمَا	وَتَلَّهٗ	لِلْجَبِيْنِ	وَنَادَيْنٰهُ
اگر	اللہ نے چاہا	سے	صبر کرنے والے	پس جب	دونوں نے حکم (الٰہی) مان لیا	باپنے بیٹے کو لٹایا	پیشانی کے بل	اور ہم نے اسکو پکارا

انشاء اللہ (اگر اللہ نے چاہا) صبر کرنے والوں میں سے۔ پس جب دونوں نے حکمِ الٰہی کو مان لیا، باپنے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹایا اور ہم نے اس کو پکارا

اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿١٠٤﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٠٥﴾ اِنَّ هٰذَا

اَنْ	يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ	قَدْ صَدَّقْتَ	الرُّءْيَا	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِی	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّ هٰذَا
کہ	اے ابراہیمؑ	تحقیق تو نے سچ کر دکھایا	خواب	بیشک ہم اسی طرح	ہم جزا دیا کرتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک یہ

کہ اے ابراہیمؑ! تحقیق تو نے خواب کو سچ کر دکھایا، بیشک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیا کرتے ہیں۔ بے شک یہ

لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿١٠٦﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِی الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٠٨﴾

لَهُوَ	الْبَلٰٓؤُا	الْمُبِيْنُ	وَفَدَيْنٰهُ	بِذِبْحٍ	عَظِيْمٍ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِ	فِی الْاٰخِرِيْنَ
البتہ وہ	آزمائش	کھلی	اور ہم نے اس کا فدیہ دیا	ایک ذبیحہ	بڑا	اور ہم نے باقی رکھا	اس پر (اس کا ذکرِ خیر)	بعد میں آنیوالوں میں

البتہ وہ کھلی آزمائش (بڑا امتحان تھا)۔ اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ (قربانی کو) اس کا فدیہ دیا، اور ہمنے اس کا ذکرِ خیر بعد میں آنیوالوں میں باقی رکھا

سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِيْمَ ﴿١٠٩﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٠﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

سَلٰمٌ	عَلٰی	اِبْرٰهِيْمَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِی	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ	عِبَادِنَا
سلام	پر	ابراہیمؑ	اسی طرح	ہم جزا دیا کرتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے

سلام ہو ابراہیمؑ پر۔ اسی طرح ہم نیکوکاروں کو جزا دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١١﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١١٢﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ

الْمُؤْمِنِيْنَ	وَبَشَّرْنٰهُ	بِاِسْحٰقَ	نَبِيًّا	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَبٰرَكْنَا	عَلَيْهِ
جمع (مومن)	اور ہم نے اسے بشارت دی	اسحٰق کی	ایک نبی	سے	جمع صالح	اور ہم نے برکت نازل کی	اس پر۔ اس کو

مومن بندوں میں سے تھے۔ اور ہم نے اسے بشارت دی اسحاقؑ کی (کہ وہ) ایک نبی صالحین میں سے ہوگا۔ اور ہمنے اس پر برکت نازل کی

وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ وَلَقَدْ

وَ	عَلٰى	اِسْحٰقَ	وَ مِنْ	ذُرِّيَّتِهِمَا	مُحْسِنٌ	وَظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ	مُبِيْنٌ	وَلَقَدْ
اور	پر	اسحٰقؑ	اور سے۔میں	ان دونوں کی اولاد	نیکوکار	اور ظلم کرنیوالا	اپنی جان پر	صریح	اور تحقیق البتہ

اور اسحٰقؑ پر، اور ان دونوں کی اولاد میں نیکوکار (بھی ہیں) اور اپنی جان پر صریح ظلم کرنے والے (بھی)۔ اور تحقیق

مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾

مَنَنَّا	عَلٰى مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	وَنَجَّيْنٰهُمَا	وَقَوْمَهُمَا	مِنَ	الْكَرْبِ	الْعَظِيْمِ
اور ہم نے احسان کیا	موسیٰؑ پر	اور ہارونؑ	اور ان دونوں کو نجات دی	اور ان کی قوم	سے	غم	بڑا

ہم نے موسیٰؑ پر اور ہارونؑ پر احسان کیا۔ اور ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم کو بڑے غم (فرعون کے مظالم) سے نجات دی۔

وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَ

وَ	نَصَرْنٰهُمْ	فَكَانُوْا	هُمُ	الْغٰلِبِيْنَ	وَاٰتَيْنٰهُمَا	الْكِتٰبَ	الْمُسْتَبِيْنَ	وَ
اور	ہم نے مدد کی ان کی	تو وہ رہے	وہی	(جمع) غالب	اور ہم نے ان دونوں کو دی	کتاب	واضح	اور

اور ہم نے ان کی مدد کی، تو وہی غالب رہے۔ اور ہم نے ان دونوں کو واضح کتاب دی۔ اور

هَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى

هَدَيْنٰهُمَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِمَا	فِي الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى مُوْسٰى
اور ہم نے ان دونوں کو ہدایت دی	راستہ	سیدھا	اور ہم نے باقی رکھا	ان دونوں پر (انکا ذکر خیر)	بعد میں آنیوالوں میں	سلام	موسیٰ پر

ان دونوں کو سیدھے راستے کی ہدایت دی۔ اور ہم نے ان دونوں کا ذکر خیر بعد میں آنیوالوں میں باقی رکھا۔ سلام ہو موسیٰؑ

وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

وَهٰرُوْنَ	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهُمَا	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہارون	بیشک ہم اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ دونوں	سے	ہمارے بندے	(جمع) مومن

اور ہارونؑ پر۔ بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا

وَاِنَّ	اِلْيَاسَ	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ قَالَ	لِقَوْمِهٖ	اَلَا تَتَّقُوْنَ	اَتَدْعُوْنَ	بَعْلًا
اور بیشک	الیاسؑ	البتہ۔سے	رسولوں (جمع)	جب اس نے کہا	اپنی قوم کو	کیا تم نہیں ڈرتے	کیا تم پکارتے ہو	بعل

اور بے شک الیاسؑ رسولوں میں سے تھے۔ (یاد کرو) جب اس نے اپنی قوم سے کہا کیا تم (اللہ سے) نہیں ڈرتے؟ کیا تم بعل (بت کو) پکارتے ہو؟

وَتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿١٢٥﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٢٦﴾

وَتَذَرُوْنَ	اَحْسَنَ	الْخَالِقِيْنَ	اللّٰهَ	رَبَّكُمْ	وَ رَبَّ	اٰبَآئِكُمُ	الْاَوَّلِيْنَ
اور تم چھوڑ دیتے ہو	سب سے بہتر	پیدا کرنے والا (رجمع)	اللہ	تمہارا رب	اور رب	تمہارے باپ دادا	پہلے

اور تم سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو چھوڑتے ہو (یعنی) اللہ کو (جو) تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا (بھی) رب ہے۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٢٨﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ

فَكَذَّبُوْهُ	فَاِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِ
پس انہوں نے جھٹلایا	تو بیشک وہ	وہ ضرور حاضر کئے جائینگے	سوائے	اللہ کے بندے	(رجمع) مخلص	اور ہم نے باقی رکھا	اس پر (اس کا ذکر خیر)

پس انہوں نے اسے جھٹلایا تو بیشک وہ ضرور حاضر کئے جائیں گے (پکڑے جائیں گے) اللہ کے مخلص (خاص بندوں) کے سوا۔ اور ہم نے اس کا ذکر خیر باقی رکھا

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾ اِنَّهٗ

فِي الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى	اِلْ يَاسِيْنَ	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ
بعد میں آنے والوں میں	سلام	پر	الیاسین (الیاسؑ)	بیشک ہم اسی طرح	جزا دیا کرتے ہیں	نیکو کاروں	بیشک وہ

بعد میں آنے والوں میں۔ سلام ہو الیاسؑ پر۔ بیشک ہم اسی طرح نیکو کاروں کو جزا دیا کرتے ہیں۔ بیشک وہ

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَ

مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاِنَّ	لُوْطًا	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	نَجَّيْنٰهُ	وَ
سے	ہمارے بندے	(رجمع) مومن	اور بیشک	لوطؑ	البتہ۔ سے	رسول (رجمع)	جب	ہمنے اسے نجات دی	اور

ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور بیشک لوطؑ رسولوں میں سے تھے۔ (یاد کرو) جب ہم نے نجات دی اسے

اَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٣٦﴾ وَاِنَّكُمْ

اَهْلَهٗ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عَجُوْزًا	فِي الْغٰبِرِيْنَ	ثُمَّ	دَمَّرْنَا	الْاٰخَرِيْنَ	وَاِنَّكُمْ
اس کے گھر والے	سب	سوائے	ایک بڑھیا	پیچھے رہ جانے والے	پھر	ہم نے ہلاک کیا	اوروں کو	اور بیشک تم

اس کے سب گھر والوں کو۔ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ایک بڑھیا کے سوا۔ پھر ہم نے اور سب کو ہلاک کیا۔ اور بیشک تم

لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿١٣٧﴾ وَبِالَّيْلِ ۚ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٣٨﴾ وَاِنَّ يُوْنُسَ

لَتَمُرُّوْنَ	عَلَيْهِمْ	مُّصْبِحِيْنَ	وَبِالَّيْلِ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَ	اِنَّ	يُوْنُسَ
البتہ گزرتے ہو	ان پر	صبح کرتے ہوئے (صبح ہوتے)	اور رات میں	تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے	اور	بیشک	یونسؑ

تو صبح ہوتے اور رات میں ان پر (ان کی بستیوں سے) گزرتے ہو۔ تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ اور بیشک یونسؑ

٣ ع ٢٥ ٨

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ

لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	اَبَقَ	اِلَى	الْفُلْكِ	الْمَشْحُوْنِ	فَسَاهَمَ	فَكَانَ	مِنَ
البتہ ـ سے	رسولوں	جب	بھاگ گئے وہ	طرف	کشتی	بھری ہوئی	تو قرعہ ڈالا	سو وہ ہوا	سے

البتہ رسولوں میں سے تھے۔ جب وہ بھاگ کر بھری ہوئی کشتی (کے پاس) گئے، تو انہوں نے قرعہ ڈالا، سو وہ ہوئے

الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

الْمُدْحَضِيْنَ	فَالْتَقَمَهُ	الْحُوْتُ	وَهُوَ	مُلِيْمٌ	فَلَوْلَآ	اَنَّهٗ	كَانَ	مِنَ	الْمُسَبِّحِيْنَ
دھکیلے گئے	پھر اسے نگل لیا	مچھلی	اور وہ	ملامت کرنیوالا	پھر اگر نہ	یہ کہ وہ	ہوتا	سے	تسبیح کرنے والے

دھکیلے گئے (ملزم ٹھہرے)۔ پھر انہیں مچھلی نے نگل لیا اور وہ (اپنے آپ کو) ملامت کر رہے تھے۔ پھر اگر وہ تسبیح کرنیوالوں میں سے نہ ہوتے،

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَاَنْۢبَتْنَا

لَلَبِثَ	فِيْ بَطْنِهٖ	اِلٰى	يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ	فَنَبَذْنٰهُ	بِالْعَرَآءِ	وَهُوَ	سَقِيْمٌ	وَاَنْۢبَتْنَا
البتہ رہتا	اس کے پیٹ میں	تک	بعثت کے دن (روزِ حشر)	پھر ہم نے اسے پھینک دیا	چٹیل میدان میں	اور وہ	بیمار	اور ہم نے اگایا

تو وہ اس کے پیٹ میں قیامت کے دن تک رہتے۔ پھر ہم نے انہیں چٹیل میدان میں پھینک دیا اور وہ بیمار تھے۔ اور ہم نے اگایا

عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾

عَلَيْهِ	شَجَرَةً	مِنْ	يَقْطِيْنٍ	وَاَرْسَلْنٰهُ	اِلٰى	مِائَةِ اَلْفٍ	اَوْ	يَزِيْدُوْنَ
اس پر	ایک پودا	سے	بیلدار (کدو)	اور ہم نے بھیجا اس کو	طرف	ایک لاکھ	یا	اس سے زیادہ

اُن پر ایک بیلدار (کدو کا) پودا۔ اور ہم نے انہیں ایک لاکھ یا اس سے زیادہ لوگوں کی طرف بھیجا۔

فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾

فَاٰمَنُوْا	فَمَتَّعْنٰهُمْ	اِلٰى حِيْنٍ	فَاسْتَفْتِهِمْ	اَلِرَبِّكَ	الْبَنَاتُ	وَلَهُمُ	الْبَنُوْنَ
سو وہ ایمان لائے	تو ہم نے انہیں بہرہ مند کیا	ایک مدت تک	پس پوچھیں اُن سے	کیا تیرے رب کے لئے	بیٹیاں	اور ان کے لئے	بیٹے

سو وہ لوگ ایمان لائے (اور ہم نے انہیں ایک مدت تک کیلئے بہرہ مند کیا۔ پس آپ اُن سے پوچھیں کیا تیرے رب کے لئے بیٹیاں ہیں اور انکے لئے بیٹے ہیں؟

اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾

اَمْ	خَلَقْنَا	الْمَلٰٓئِكَةَ	اِنَاثًا	وَهُمْ	شٰهِدُوْنَ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	مِنْ	اِفْكِهِمْ	لَيَقُوْلُوْنَ
کیا	ہم نے پیدا کیا	فرشتے	عورت	اور وہ	دیکھ رہے تھے	یاد رکھو	بیشک وہ	سے	اپنی بہتان طرازی	البتہ کہتے ہیں

کیا ہم نے فرشتوں کو عورت (ذات) پیدا کیا ہے؟ اور وہ دیکھ رہے تھے؟ یاد رکھو، بے شک وہ اپنی بہتان طرازی سے کہتے ہیں۔

وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصۡطَفَى الۡبَنَاتِ عَلَى الۡبَنِيۡنَ ﴿۱۵۳﴾ مَا لَكُمۡ ۫ كَيۡفَ

وَلَدَ	اللّٰهُ	وَاِنَّهُمۡ	لَكٰذِبُوۡنَ	اَصۡطَفَى	الۡبَنَاتِ	عَلَى	الۡبَنِيۡنَ	مَا لَكُمۡ	كَيۡفَ
اللہ صاحبِ اولاد		اور بےشک وہ	بالتحقیق جھوٹے	کیا اس نے پسند کیا	بیٹیاں	بیٹوں پر		تمہیں کیا ہو گیا	کیسا

(کہ) اللہ صاحبِ اولاد ہے، اور وہ بےشک بالتحقیق جھوٹے ہیں۔ کیا اس نے بیٹیوں کو بیٹوں پر پسند کیا ہے؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ تم

تَحۡكُمُوۡنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمۡ لَكُمۡ سُلۡطٰنٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاۡتُوۡا بِكِتٰبِكُمۡ

تَحۡكُمُوۡنَ	اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ	اَمۡ	لَكُمۡ	سُلۡطٰنٌ	مُّبِيۡنٌ	فَاۡتُوۡا	بِكِتٰبِكُمۡ
تم فیصلہ کرتے ہو	تو کیا تم غور نہیں کرتے ؟	کیا	تمہارے پاس	کوئی سند	کھلی	تو لے آؤ	اپنی کتاب

کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ تو کیا تم غور نہیں کرتے؟ کیا تمہارے پاس کوئی کھلی سند ہے؟ تو اپنی وہ کتاب لے آؤ

اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوۡا بَيۡنَهٗ وَبَيۡنَ الۡجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدۡ عَلِمَتِ

اِنۡ	كُنۡتُمۡ	صٰدِقِيۡنَ	وَجَعَلُوۡا	بَيۡنَهٗ	وَبَيۡنَ	الۡجِنَّةِ	نَسَبًا	وَ	لَقَدۡ عَلِمَتِ
اگر	تم ہو	سچے	اور انہوں نے ٹھہرایا	اس کے درمیان	اور درمیان	جنات	ایک رشتہ	اور	تحقیق جان لیا

اگر تم سچے ہو۔ اور انہوں نے اس کے اور جنات کے درمیان ایک رشتہ ٹھہرایا، اور تحقیق جان لیا

الۡجِنَّةُ اِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُوۡنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

الۡجِنَّةُ	اِنَّهُمۡ	لَمُحۡضَرُوۡنَ	سُبۡحٰنَ	اللّٰهِ	عَمَّا	يَصِفُوۡنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ
جنات	بیشک وہ	حاضر کئے جائیں گے	پاک ہے	اللہ	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	مگر	اللہ کے بندے

جنات نے کہ بیشک وہ (عذاب میں) حاضر (گرفتار) کئے جائیں گے۔ اللہ اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ سوائے اللہ

الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمۡ وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۱۶۱﴾ مَاۤ اَنۡتُمۡ عَلَيۡهِ بِفٰتِنِيۡنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنۡ هُوَ

الۡمُخۡلَصِيۡنَ	فَاِنَّكُمۡ	وَمَا	تَعۡبُدُوۡنَ	مَاۤ اَنۡتُمۡ	عَلَيۡهِ	بِفٰتِنِيۡنَ	اِلَّا	مَنۡ هُوَ
خاص کئے ہوئے (چنے ہوئے)	تو بیشک تم	اور جو	تم پرستش کرتے ہو	نہیں ہو تم	اس کے خلاف	بہکانے والے	سوائے	جو۔ وہ

چنے ہوئے بندے۔ تو بیشک تم اور وہ جن کی تم پرستش کرتے ہو، وہ اس کے (اللہ کے) خلاف (کسی کو) نہیں بہکا سکتے، اس کے سوا جو

صَالِ الۡجَحِيۡمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّاۤ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعۡلُوۡمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحۡنُ الصَّآفُّوۡنَ ﴿۱۶۵﴾

صَالِ	الۡجَحِيۡمِ	وَمَا	مِنَّاۤ	اِلَّا لَهٗ	مَقَامٌ مَّعۡلُوۡمٌ	وَّاِنَّا	لَنَحۡنُ	الصَّآفُّوۡنَ
جانے والا	جہنم	اور نہیں	ہم میں سے	مگر اس کے لئے	ایک معین درجہ	اور بیشک ہم	البتہ ہم	صف بستہ ہونے والے

جہنم میں جانے والا ہے۔ اور (فرشتوں نے کہا) ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس کا ایک معین درجہ نہ ہو اور بیشک ہم ہی صف بستہ رہنے والے ہیں۔

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا

وَاِنَّا	لَنَحْنُ	الْمُسَبِّحُوْنَ	وَاِنْ	كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ	لَوْ اَنَّ	عِنْدَنَا	ذِكْرًا
اور بیشک ہم	البتہ ہم	تسبیح کرنے والے	اور بیشک	وہ کہا کرتے تھے	اگر ہوتی	ہمارے پاس	کوئی نصیحت

اور بیشک ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں۔ اور بیشک وہ کہا کرتے تھے، اگر ہمارے پاس ہوتی

مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

مِنَ	الْاَوَّلِيْنَ	لَكُنَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	فَكَفَرُوْا	بِهٖ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ
سے	پہلے لوگ	ضرور ہم ہوتے	اللہ کے بندے	خاص کئے (منتخب)	پھر انہوں نے انکار کیا	اس کا	تو عنقریب	وہ جان لیں گے

پہلے لوگوں کی کوئی (کتاب) نصیحت، تو ہم ضرور اللہ کے منتخب بندوں میں سے ہوتے۔ پھر انہوں نے اس کا انکار کیا تو وہ عنقریب (اس کا انجام) جان لیں گے۔

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاِنَّ

وَ	لَقَدْ سَبَقَتْ	كَلِمَتُنَا	لِعِبَادِنَا	الْمُرْسَلِيْنَ	اِنَّهُمْ	لَهُمُ	الْمَنْصُوْرُوْنَ	وَاِنَّ
اور	پہلے صادر ہو چکا ہے	ہمارا وعدہ	اپنے بندوں کے لئے	رسولوں	بیشک وہ	البتہ وہی	فتح مند	اور بیشک

اور ہمارا وعدہ اپنے بندوں (یعنی) رسولوں کے لئے پہلے (ہی) صادر ہو چکا ہے۔ بیشک وہی فتح مند ہوں گے۔ اور بیشک

جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾

جُنْدَنَا	لَهُمُ	الْغٰلِبُوْنَ	فَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	حَتّٰى	حِيْنٍ	وَّاَبْصِرْهُمْ	فَسَوْفَ	يُبْصِرُوْنَ
ہمارا لشکر	البتہ وہی	غالب (جمع)	پس اعراض کریں	ان سے	تک	ایک وقت تک	اور انہیں دیکھتے رہیں	پس عنقریب	وہ دیکھ لیں گے

البتہ ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا۔ پس آپ ایک وقت تک (تھوڑا عرصہ) ان سے اعراض کریں اور انہیں دیکھتے رہیں پس عنقریب وہ (اپنا انجام) دیکھ لیں گے۔

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾

اَفَبِعَذَابِنَا	يَسْتَعْجِلُوْنَ	فَاِذَا	نَزَلَ	بِسَاحَتِهِمْ	فَسَآءَ	صَبَاحُ	الْمُنْذَرِيْنَ
تو کیا ہمارے عذاب کے لئے	وہ جلدی کر رہے ہیں	تو جب	وہ نازل ہوگا	انکے میدان میں	تو بری	صبح	جنکو ڈرایا جا چکا ہے

تو کیا وہ ہمارے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں؟ تو جب وہ ان کے میدان میں نازل ہوگا تو ان کی صبح بری ہو گی، جنہیں ڈرایا جا چکا ہے۔

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ

وَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	حَتّٰى	حِيْنٍ	وَّاَبْصِرْ	فَسَوْفَ	يُبْصِرُوْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّكَ
اور اعراض کریں	ان سے	تک	ایک مدت	اور دیکھتے رہیں	پس عنقریب	وہ دیکھ لیں گے	پاک ہے	تمہارا رب

اور آپ ایک مدت تک (تھوڑا عرصہ) ان سے اعراض کریں، اور دیکھتے رہیں پس عنقریب وہ (اپنا انجام) دیکھ لیں گے۔ پاک ہے تمہارا رب

رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۞۱۸۰ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۞۱۸۱ وَالْحَمْدُ

رَبِّ الْعِزَّةِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ	وَسَلٰمٌ	عَلَى	الْمُرْسَلِيْنَ	وَالْحَمْدُ
عزت والا رب	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	اور سلام	پر	رسولوں	اور تمام تعریفیں

عزت والا رب، اس سے جو وہ بیان کرتے ہیں - اور سلام ہو رسولوں پر - اور تمام تعریفیں

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞۱۸۲

لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞۱۸۲
اللہ کے لئے	تمام جہانوں کا رب

اللہ کے لئے ہیں، جو تمام جہانوں کا رب ہے -

آیاتھا ۸۸ | ۳۸ : سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ : ۳۸ | رکوعاتھا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا ، مہربان ہے

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ ۞۱ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِىْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۞۲ كَمْ

صٓ	وَالْقُرْاٰنِ	ذِى الذِّكْرِ	بَلِ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فِىْ عِزَّةٍ	وَشِقَاقٍ	كَمْ
صاد	قرآن کی قسم	نصیحت دینے والا	بلکہ	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	گھمنڈ میں	اور مخالفت	کتنی ہی

صاد۔ نصیحت دینے والے قرآن کی قسم! (آپ کی دعوت برحق ہے) بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ گھمنڈ اور مخالفت میں ہیں - کتنی ہی

اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ۞۳ وَعَجِبُوْٓا اَنْ

اَهْلَكْنَا	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِنْ قَرْنٍ	فَنَادَوْا	وَلَاتَ	حِيْنَ	مَنَاصٍ	وَعَجِبُوْا	اَنْ
ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے قبل	اُمتیں	تو وہ فریاد کرنے لگے	اور نہ تھا	وقت	چھٹکارا	اور انہوں نے تعجب کیا	کہ

اُمتیں ان سے قبل ہم نے ہلاک کر دیں تو وہ فریاد کرنے لگے اور (اب) چھٹکارے کا وقت نہ تھا - اور انہوں نے تعجب کیا کہ

جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۞۴ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ

جَآءَهُمْ	مُنْذِرٌ	مِنْهُمْ	وَقَالَ	الْكٰفِرُوْنَ	هٰذَا سٰحِرٌ	كَذَّابٌ	اَجَعَلَ	الْاٰلِهَةَ
ان کے پاس آیا	ایک ڈرانے والا	ان میں سے	اور کہا	(جمع) کافر	یہ جادوگر	جھوٹا	کیا اس نے بنا دیا	(جمع) معبود

ان کے پاس اُن میں سے ایک ڈرانے والا آیا اور کافروں نے کہا یہ جادوگر، جھوٹا ہے - کیا اس نے سارے معبودوں کو بنا دیا ہے ،

اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۞ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَ

اِلٰهًا	وَاحِدًا	اِنَّ هٰذَا	لَشَیْءٌ	عُجَابٌ	وَانْطَلَقَ	الْمَلَاُ	مِنْهُمْ	اَنِ	امْشُوْا	وَ
معبود	ایک	بیشک یہ	ایک شے (بات)	بڑی عجیب	اور چل پڑے	سردار	ان کے	کہ	چلو	اور

ایک معبود، بیشک یہ تو ایک بڑی عجیب بات ہے۔ اور ان کے کئی سردار یہ کہتے ہوئے چل پڑے کہ چلو اور

اصْبِرُوْا عَلٰٓی اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ ۞ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ

اصْبِرُوْا	عَلٰٓی اٰلِهَتِكُمْ	اِنَّ هٰذَا	لَشَیْءٌ	یُرَادُ	مَا سَمِعْنَا	بِهٰذَا	فِی	الْمِلَّةِ	الْاٰخِرَةِ
جمے رہو	اپنے معبودوں پر	بیشک یہ	کوئی شے (بات)	ارادہ کی ہوئی (مطلب کی)	ہم نے نہیں سنا	ایسی	میں	مذہب	پچھلا

اپنے معبودوں پر جمے رہو، بیشک یہ کوئی اس کے مطلب کی بات ہے۔ ہم نے پچھلے مذہب میں ایسی (بات) نہیں سنی

اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۞ ءَاُنْزِلَ عَلَیْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَیْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ

اِنْ	هٰذَا	اِلَّا	اخْتِلَاقٌ	ءَاُنْزِلَ	عَلَیْهِ	الذِّكْرُ	مِنْۢ بَیْنِنَا	بَلْ	هُمْ	فِیْ شَكٍّ
نہیں	یہ	مگر محض	من گھڑت	کیا نازل کیا گیا	اس پر	ذکر (کلام)،	ہم میں سے	بلکہ	وہ	شک میں

یہ تو محض من گھڑت ہے۔ کیا ہم میں سے اسی پر کلام اللہ نازل کیا گیا ہے؟ (ہاں) بلکہ وہ شک میں ہیں

مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ بَلْ لَّمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ ۞ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآىِٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ

مِنْ ذِكْرِیْ	بَلْ	لَمَّا	یَذُوْقُوْا	عَذَابِ	اَمْ	عِنْدَهُمْ	خَزَآىِٕنُ	رَحْمَةِ رَبِّكَ
میری نصیحت سے	بلکہ	نہیں	چکھا انہوں نے	میرا عذاب	کیا	اُن کے پاس	خزانے	تمہارے رب کی رحمت

میری نصیحت سے، بلکہ (ابھی) انہوں نے میرا عذاب نہیں چکھا۔ کیا تمہارے رب کی رحمت کے خزانے ان کے پاس ہیں؟

الْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ ۞ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۫ فَلْیَرْتَقُوْا

الْعَزِیْزِ	الْوَهَّابِ	اَمْ لَهُمْ	مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَیْنَهُمَا	فَلْیَرْتَقُوْا
غالب	بہت عطا کرنے والا	کیا ان کے لئے	بادشاہت آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	تو وہ چڑھ جائیں

جو غالب، بہت عطا کرنے والا ہے۔ کیا ان کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی اور جو ان کے درمیان ہے؟ تو وہ (آسمانوں پر) چڑھ جائیں

فِی الْاَسْبَابِ ۞ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ۞ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

فِی	الْاَسْبَابِ	جُنْدٌ	مَا	هُنَالِكَ	مَهْزُوْمٌ	مِنَ الْاَحْزَابِ	كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ
رسیوں میں (رسیاں تان کر)		ایک لشکر	جو	یہاں	شکست خوردہ	گروہوں میں سے	جھٹلایا	ان سے پہلے

رسیاں تان کر۔ شکست خوردہ گروہوں میں سے یہاں یہ بھی ایک لشکر ہے۔ ان سے پہلے جھٹلایا

قَوْمُ نُوْحٍ وَّ عَادٌ وَّ فِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ وَ ثَمُوْدُ وَ قَوْمُ لُوْطٍ وَّ اَصْحٰبُ لْئَیْكَةِ ؕ

قَوْمُ	نُوْحٍ	وَّ عَادٌ	وَّفِرْعَوْنُ	ذُو الْاَوْتَادِ	وَ ثَمُوْدُ	وَ قَوْمُ لُوْطٍ	وَ	اَصْحٰبُ لْئَیْكَةِ
قوم	نوح	اور عاد	اور فرعون	میخوں والا	اور ثمود	اور قوم لوط	اور	اَیکہ والے

قوم نوحؑ نے اور عاد اور میخوں والے فرعون۔ اور ثمود اور قوم لوط، اور اَیکہ والوں نے،

اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ ﴿۱۳﴾ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾ ع وَمَا یَنْظُرُ

اُولٰٓئِكَ	الْاَحْزَابُ	اِنْ	كُلٌّ	اِلَّا	كَذَّبَ	الرُّسُلَ	فَحَقَّ	عِقَابِ	وَمَا یَنْظُرُ
یہی وہ	گروہ	نہیں	سب	مگر	جھٹلایا	رسولوں	پس آپڑا	عذاب	اور انتظار نہیں کرتے

یہی وہ گروہ ہیں۔ ان سب نے رسولوں کو جھٹلایا، پس (ان پر) عذاب آ پڑا۔ اور انتظار نہیں کرتے

هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَ قَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا

هٰٓؤُلَآءِ	اِلَّا	صَیْحَةً	وَاحِدَةً	مَا لَهَا	مِنْ	فَوَاقٍ	وَقَالُوْا	رَبَّنَا	عَجِّلْ	لَنَا
یہ لوگ	مگر	چنگھاڑ	ایک	جس کے لیے نہیں	کوئی	ڈھیل	اور انہوں نے کہا	اے ہمارے رب	جلدی دے	ہمیں

یہ لوگ، مگر ایک چنگھاڑ کا جس میں کوئی ڈھیل (گنجائش) نہ ہوگی۔ اور انہوں نے (مذاق کے طور پر) کہا اے ہمارے رب ہمیں جلدی دے

قِطَّنَا قَبْلَ یَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۱۶﴾ اِصْبِرْ عَلٰى مَا یَقُوْلُوْنَ وَ اذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ

قِطَّنَا	قَبْلَ	یَوْمِ الْحِسَابِ	اِصْبِرْ	عَلٰى	مَا یَقُوْلُوْنَ	وَ اذْكُرْ	عَبْدَنَا	دَاوٗدَ
ہمارا حصہ	پہلے	روزِ حساب	آپؐ صبر کریں	اس پر	جو وہ کہتے ہیں	اور یاد کریں	ہمارے بندے	داؤدؑ

ہمارا حصہ روزِ حساب سے پہلے۔ جو وہ کہتے ہیں اس پر آپؐ صبر کریں، اور یاد کریں ہمارے بندے داؤدؑ

ذَا الْاَیْدِ ۚ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ یُسَبِّحْنَ بِالْعَشِیِّ وَ الْاِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾

ذَا الْاَیْدِ	اِنَّهٗ	اَوَّابٌ	اِنَّا سَخَّرْنَا	الْجِبَالَ	مَعَهٗ	یُسَبِّحْنَ	بِالْعَشِیِّ	وَ الْاِشْرَاقِ
قوت والا	بیشک وہ	خوب رجوع کرنیوالا	بیشک ہم نے مسخر کردیئے	پہاڑ	اس کے ساتھ	وہ تسبیح کرتے تھے	شام کے وقت	اور صبح کے وقت

قوت والے کو، بیشک وہ خوب رجوع کرنے والا تھا۔ بیشک ہم نے پہاڑ اس کے ساتھ مسخر کردیئے تھے، وہ صبح و شام تسبیح کرتے تھے۔

وَ الطَّیْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَ شَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَ اٰتَیْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَ

وَالطَّیْرَ	مَحْشُوْرَةً	كُلٌّ	لَهٗ	اَوَّابٌ	وَشَدَدْنَا	مُلْكَهٗ	وَاٰتَیْنٰهُ	الْحِكْمَةَ	وَ
اور پرندے	اکٹھے کیے ہوئے	سب	اسکی طرف	رجوع کرنے والے	اور ہم نے مضبوط کی	اس کی بادشاہت	اور ہم نے اسکو دی	حکمت	اور

اور اکٹھے کیے ہوئے پرندے (بھی اس کے مسخر تھے) سب اس کی طرف رجوع کرنے والے تھے۔ اور ہم نے اسکی بادشاہت مضبوط کی اور اسکو حکمت دی اور

فَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا

فَصْلَ	الْخِطَابِ	وَهَلْ	اَتٰىكَ	نَبَؤُا الْخَصْمِ	اِذْ	تَسَوَّرُوْا	الْمِحْرَابَ	اِذْ دَخَلُوْا
فیصلہ کن	خطاب	اور کیا	آپکے پاس آئی (پہنچی)	خبر جھگڑنے والے	جب	وہ دیوار پھاند کر آئے	محراب (مسجد)	جب وہ داخل ہوئے

فیصلہ کن خطاب۔ اور کیا آپؐ کے پاس جھگڑنے والوں (اہل مقدمہ) کی خبر پہنچی؟ جب وہ دیوار پھاند کر مسجد میں آگئے ۔ جب وہ داخل ہوئے

عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا

عَلٰى	دَاوٗدَ	فَفَزِعَ	مِنْهُمْ	قَالُوْا	لَا تَخَفْ	خَصْمٰنِ	بَغٰى	بَعْضُنَا	عَلٰى بَعْضٍ	فَاحْكُمْ	بَيْنَنَا
پر، پاس	داؤدؑ	تو وہ گھبرا گیا	ان سے	انہوں نے کہا	خوف نہ کھاؤ	ہم دو جھگڑنے والے	زیادتی کی	ہم میں سے ایک	دوسرے پر	تو آپ فیصلہ کریں	ہمارے درمیان

داؤدؑ کے پاس تو وہ ان سے گھبرا گئے۔ ان لوگوں نے کہا ڈرو نہیں ہم دو جھگڑنے والے (اہل مقدمہ) ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے تو آپ ہمارے درمیان فیصلہ کر دیں

بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۫ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ

بِالْحَقِّ	وَلَا تُشْطِطْ	وَاهْدِنَآ	اِلٰى	سَوَآءِ	الصِّرَاطِ	اِنَّ هٰذَآ	اَخِيْ	لَهٗ	تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ
حق کے ساتھ	اور زیادتی (بے انصافی) نہ کریں	اور ہماری رہنمائی کریں	طرف	سیدھا	راستہ	بیشک یہ	میرا بھائی	اسکے پاس	ننانوے (۹۹)

حق کے ساتھ، اور بے انصافی نہ کریں، اور سیدھے راستے کی طرف ہماری رہنمائی کریں۔ بیشک میرے اس بھائی کے پاس ننانوے ۹۹

نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۫ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ

نَعْجَةً	وَّلِيَ	نَعْجَةٌ	وَّاحِدَةٌ	فَقَالَ	اَكْفِلْنِيْهَا	وَعَزَّنِيْ	فِي الْخِطَابِ	قَالَ
دُنبیاں	اور میرے پاس	دُنبی	ایک	پس اس نے کہا	وہ میرے حوالے کردے	اور اس نے مجھے دبایا	گفتگو میں	(داؤدؑ نے) کہا

دُنبیاں ہیں اور میرے پاس (صرف) ایک دُنبی ہے پس اس نے کہا کہ وہ (بھی) میرے حوالے کر دے، اور اس نے مجھے گفتگو میں دبا لیا ہے، داؤدؑ نے کہا

لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ

لَقَدْ ظَلَمَكَ	بِسُؤَالِ	نَعْجَتِكَ	اِلٰى	نِعَاجِهٖ	وَاِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ	الْخُلَطَآءِ
واقعی اس نے ظلم کیا	مانگنے سے	تیری دُنبی	طرف ساتھ	اپنی دُنبیاں	اور بیشک	اکثر	سے	شرکاء

واقعی اس نے تیری دُنبی مانگ کر ظلم کیا ہے (کہ) اپنی دُنبیوں کے ساتھ ملا لے، اور بیشک اکثر شرکاء

لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ۭ

لَيَبْغِيْ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	اِلَّا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	وَقَلِيْلٌ	مَّا هُمْ
زیادتی کیا کرتے ہیں	ان میں سے بعض	پر	بعض	سوائے	جو ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے درست	اور بہت کم	وہ۔ ایسے

ایک دوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں، سوائے ان کے جو ایمان لائے، اور انہوں نے نیک عمل کئے اور (ایسے لوگ) بہت کم ہیں،

وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّ اَنَابَ ۩ ﴿۲۴﴾ فَغَفَرْنَا لَهٗ

وَ	ظَنَّ	دَاوٗدُ	اَنَّمَا	فَتَنّٰهُ	فَاسْتَغْفَرَ	رَبَّهٗ	وَخَرَّ	رَاكِعًا	وَ اَنَابَ	فَغَفَرْنَا	لَهٗ
اور	خیال کیا	داوٗدؑ	کہ کچھ	ہم نے اسکو آزمایا ہے	تو اس نے مغفرت طلب کی	اپنا رب	اور گر گیا	جھک کر	اور اس نے رجوع کیا	پس ہم نے بخش دی	اس کی

اور داوٗدؑ نے خیال کیا کہ ہم نے کچھ اسے آزمایا ہے تو اس نے اپنے ربّ سے مغفرت طلب کی، اور جھک کر (سجدے میں) گر گیا۔ پس ہم نے بخش دی اس کی

ذٰلِكَ ۚ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾ يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ

ذٰلِكَ	وَاِنَّ	لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى	وَحُسْنَ	مَاٰبٍ	يٰدَاوٗدُ	اِنَّا	جَعَلْنٰكَ
یہ	اور بیشک	اس کیلئے	ہمارے پاس	البتہ قرب	اور اچھا	ٹھکانا	اے داوٗدؑ	بیشک ہم نے	ہم نے تجھے بنایا

یہ (لغزش) اور بیشک اس کے لئے ہمارے پاس قرب اور اچھا ٹھکانہ ہے۔ اے داوٗدؑ! بے شک ہم نے تجھے بنایا

خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ

خَلِيْفَةً	فِى الْاَرْضِ	فَاحْكُمْ	بَيْنَ النَّاسِ	بِالْحَقِّ	وَلَا تَتَّبِعِ	الْهَوٰى	فَيُضِلَّكَ
نائب	زمین میں	سو تو فیصلہ کر	لوگوں کے درمیان	حق کے ساتھ	اور نہ پیروی کر	خواہش	کہ وہ تجھے بھٹکا دے

زمین (ملک) میں نائب، سو تو لوگوں کے درمیان حق (انصاف) کے ساتھ فیصلہ کر اور (اپنی) خواہش کی پیروی نہ کر کہ وہ تجھے بھٹکا دے

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَضِلُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ
سے	اللہ کا راستہ	بیشک	جو لوگ	بھٹکتے ہیں	سے	اللہ کا راستہ	ان کیلئے	عذاب	شدید

اللہ کے راستے سے، بیشک جو لوگ اللہ کے راستے سے بھٹکتے ہیں ان کے لئے شدید عذاب ہے،

بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿۲۶﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۭ

بِمَا	نَسُوْا	يَوْمَ الْحِسَابِ	وَ	مَا خَلَقْنَا	السَّمَآءَ	وَالْاَرْضَ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	بَاطِلًا
اس پر کہ	انہوں نے بھلا دیا	روزِ حساب	اور	نہیں پیدا کیا ہم نے	آسمان	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان	باطل

اس پر کہ انہوں نے روزِ حساب کو بھلا دیا۔ اور ہم نے آسمان اور زمین اور جو انکے درمیان ہے باطل (بیکار خالی از حکمت) نہیں پیدا کیا

ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿۲۷﴾ اَمْ نَجْعَلُ

ذٰلِكَ	ظَنُّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنَ	النَّارِ	اَمْ	نَجْعَلُ
یہ	گمان	جن لوگوں نے کفر کیا	پس خرابی ہے	ان کے لئے جنہوں نے کفر کیا (کافر)	سے	آگ	کیا	ہم کر دیں گے

یہ گمان ہے (ان لوگوں کا) جنہوں نے کفر کیا، پس خرابی ہے کافروں کے لئے آگ سے - کیا ہم کر دیں گے؟

۲ ع ۱۲ ۱۱

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	كَالْمُفْسِدِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	نَجْعَلُ	الْمُتَّقِيْنَ
جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	انکی طرح جو فساد پھیلاتے ہیں	زمین میں	کیا	ہم کر دیں گے	پرہیزگاروں

اُن لوگوں کو جو ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے ان لوگوں کی طرح جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں؟ کیا ہم پرہیزگاروں کو کر دیں گے

كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾

كَالْفُجَّارِ	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	مُبٰرَكٌ	لِّيَدَّبَّرُوْا	اٰيٰتِهٖ	وَلِيَتَذَكَّرَ	اُولُوا الْاَلْبَابِ
فاجروں (بدکرداروں) کی طرح	ایک کتاب	ہم نے اسے نازل کیا	آپکی طرف	مبارک	تاکہ وہ غور کریں	اُسکی آیات	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

بدکرداروں کی طرح؟ ہم نے آپ کی طرف ایک مبارک کتاب نازل کی تاکہ وہ اس کی آیات پر غور کریں، اور تاکہ عقل والے نصیحت پکڑیں۔

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۳۰﴾ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ

وَوَهَبْنَا	لِدَاوٗدَ	سُلَيْمٰنَ	نِعْمَ الْعَبْدُ	اِنَّهٗ	اَوَّابٌ	اِذْ	عُرِضَ	عَلَيْهِ	بِالْعَشِيِّ
اور ہم نے عطا کیا	داؤدؑ کو	سلیمانؑ	بہت اچھا بندہ	بیشک وہ	رجوع کرنیوالا	جب	پیش کئے گئے	اس پر سامنے	شام کے وقت

اور ہم نے داؤدؑ کو سلیمانؑ عطا کیا، بہت اچھا بندہ، بیشک وہ (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والا تھا۔ (وہ وقت یاد کرو) جب شام کے وقت اسکے سامنے پیش کئے گئے

الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ

الصّٰفِنٰتُ	الْجِيَادُ	فَقَالَ	اِنِّيْ	اَحْبَبْتُ	حُبَّ الْخَيْرِ	عَنْ	ذِكْرِ رَبِّيْ	حَتّٰى	تَوَارَتْ
اصیل گھوڑے	عمدہ	تو اس نے کہا	بیشک میں	میں نے دوست رکھا	مال کی محبت	سے	اپنے رب کی یاد	یہاں تک کہ	چھپ گیا

اصیل، عمدہ گھوڑے، تو اس نے کہا بیشک میں نے اپنے رب کی یاد سے (غافل ہو کر) مال کی محبت کو دوست رکھا، یہاں تک کہ (سورج) چھپ گیا

بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ

بِالْحِجَابِ	رُدُّوْهَا	عَلَيَّ	فَطَفِقَ	مَسْحًا	بِالسُّوْقِ	وَالْاَعْنَاقِ	وَلَقَدْ
پردہ میں	پھیر لاؤ انہیں	میرے سامنے	پھر شروع کیا	ہاتھ پھیرنا، صاف کرنا	پنڈلیوں پر	اور گردنوں	اور البتہ

پردۂ (مغرب) میں۔ ان (گھوڑوں)، کو میرے سامنے پھیر لاؤ، پھر وہ ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر (تلوار سے) ہاتھ صاف کرنے لگا، اور البتہ

فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰي كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ

فَتَنَّا	سُلَيْمٰنَ	وَاَلْقَيْنَا	عَلٰي كُرْسِيِّهٖ	جَسَدًا	ثُمَّ اَنَابَ	قَالَ	رَبِّ	اغْفِرْ لِيْ
ہم نے آزمائش کی	سلیمان	اور ہم نے ڈالا	اس کے تخت پر	ایک دھڑ	پھر اس نے رجوع کیا	اس نے کہا	اے میرے رب	مجھے بخش دے تو

ہم نے سلیمانؑ کی آزمائش کی اور ہم نے اس کے تخت پر ایک دھڑ ڈالا، پھر اس نے (اللہ کی طرف) رجوع کیا۔ اس نے کہا اے میرے رب! تو مجھے بخش دے

وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرْنَا

وَهَبْ لِيْ	مُلْكًا	لَّا يَنْۢبَغِيْ	لِاَحَدٍ	مِّنْۢ بَعْدِيْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْوَهَّابُ	فَسَخَّرْنَا
اور عطا فرما دے مجھے	ایسی سلطنت	نہ سزاوار ہو	کسی کو	میرے بعد	بیشک تو	تو	عطا فرمانے والا	پھر ہم نے مسخر کر دیا

اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرمائے جو میرے بعد کسی کو سزاوار (میسر) نہ ہو، بیشک تو ہی عطا کرنے والا ہے۔ پھر ہم نے مسخر کر دیا

لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ

لَهُ	الرِّيْحَ	تَجْرِيْ	بِاَمْرِهٖ	رُخَآءً	حَيْثُ	اَصَابَ	وَالشَّيٰطِيْنَ	كُلَّ	بَنَّآءٍ
اس کے لئے	ہوا	وہ چلتی تھی	اس کے حکم سے	نرمی سے	جہاں	وہ پہنچنا چاہتا	اور دیو (جنات)	تمام	عمارت بنانے والا

اس کے لئے ہوا کو، جہاں وہ پہنچنا چاہتا، وہ اس کے حکم سے نرم نرم چلتی - اور تمام جنات (تابع کر دیئے) عمارت بنانے والے

وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ

وَ	غَوَّاصٍ	وَّاٰخَرِيْنَ	مُقَرَّنِيْنَ	فِي الْاَصْفَادِ	هٰذَا	عَطَآؤُنَا	فَامْنُنْ	اَوْ
اور	غوطہ مارنے والا	اور دوسرے	جکڑے ہوئے	زنجیروں میں	یہ	ہمارا عطیہ	اب تو احسان کر	یا

اور غوطہ مارنے والے۔ اور دوسرے زنجیروں میں جکڑے ہوئے - یہ ہمارا عطیہ ہے، اب تو احسان کر، یا

اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ وَاذْكُرْ

اَمْسِكْ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	وَاِنَّ لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى	وَحُسْنَ	مَاٰبٍ	وَاذْكُرْ
روک رکھ	حساب کے بغیر	اور بیشک اس کے لئے	ہمارے پاس	البتہ قرب	اور اچھا	ٹھکانا	اور آپؐ یاد کریں

رکھ چھوڑ حساب کے بغیر۔ (تم سے کچھ حساب نہ ہوگا) اور بیشک اس کے لئے ہمارے پاس البتہ قرب اور اچھا ٹھکانا ہے۔ اور آپؐ یاد کریں

عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾ اُرْكُضْ

عَبْدَنَا	اَيُّوْبَ	اِذْ نَادٰى	رَبَّهٗ	اَنِّيْ	مَسَّنِيَ	الشَّيْطٰنُ	بِنُصْبٍ	وَّعَذَابٍ	اُرْكُضْ
ہمارا بندہ	ایوبؑ	جب اس نے پکارا	اپنا رب	بیشک میں	مجھے پہنچایا	شیطان	ایذا	اور دکھ	(زمین پر) مار

ہمارے بندے ایوبؑ کو، جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے شیطان نے ایذا اور دکھ پہنچایا ہے۔ (ہم نے فرمایا) زمین پر مار

بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ

بِرِجْلِكَ	هٰذَا	مُغْتَسَلٌ	بَارِدٌ	وَّشَرَابٌ	وَوَهَبْنَا	لَهٗ	اَهْلَهٗ	وَمِثْلَهُمْ	مَّعَهُمْ
اپنا پاؤں	یہ	غسل کے لئے	ٹھنڈا	اور پینے کے لئے	اور ہم نے عطا کیا	اس کو	اسکے اہل خانہ	اور ان جیسے	ان کے ساتھ

اپنا پاؤں، (یہ لو) غسل کے لئے ٹھنڈا اور پینے کے لئے (شیریں پانی)، اور ہم نے اسے اس کے اہل خانہ اور انکے ساتھ ان جیسے (اور بھی) عطا کئے

رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ

رَحْمَةً	مِّنَّا	وَذِكْرٰى	لِاُولِى الْاَلْبَابِ	وَخُذْ	بِيَدِكَ	ضِغْثًا	فَاضْرِبْ بِّهٖ	وَلَا تَحْنَثْ
ایک رحمت	ہماری (طرف) سے	اور نصیحت	عقل والوں کے لئے	اور تو لے	اپنے ہاتھ میں	جھاڑو	اس سے مار اس کو	اور قسم نہ توڑ

(یہ) ہماری طرف سے ایک رحمت تھی (اور عقل والوں کے لئے نصیحت۔ اور اپنے ہاتھ میں جھاڑو لے اور تو اس سے (اپنی بیوی) کو مار، اور قسم نہ توڑ

اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ وَ

اِنَّا	وَجَدْنٰهُ	صَابِرًا	نِعْمَ الْعَبْدُ	اِنَّهٗ	اَوَّابٌ	وَاذْكُرْ	عِبٰدَنَا	اِبْرٰهِيْمَ	وَ
بیشک ہم	ہم نے اسے پایا	صابر	اچھا بندہ	بیشک وہ	(اللہ کی طرف) رجوع کرنیوالا	اور یاد کریں	ہمارا بندوں	ابراہیمؑ	اور

بیشک ہم نے اسے صابر پایا (اور) اچھا بندہ، بیشک اللہ کی طرف رجوع کرنے والا تھا۔ اور آپؐ ہمارے بندوں ابراہیمؑ کو یاد کریں اور

اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِى الْاَيْدِىْ وَالْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّاۤ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى

اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	اُولِى الْاَيْدِىْ	وَ الْاَبْصَارِ	اِنَّا	اَخْلَصْنٰهُمْ	بِخَالِصَةٍ	ذِكْرَى
اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	ہاتھوں والے	اور آنکھوں والے	بیشک ہم	ہم نے انہیں ممتاز کیا	خاص صفت	یاد

اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کو جو ہاتھوں والے اور آنکھوں والے (علم وعمل کی قوتوں والے) تھے۔ ہم نے انہیں ایک خاص صفت سے ممتاز کیا (اور وہ) یاد ہے

الدَّارِ ﴿۴۶﴾ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۷﴾ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَ

الدَّارِ	وَ	اِنَّهُمْ	عِنْدَنَا	لَمِنَ	الْمُصْطَفَيْنَ	الْاَخْيَارِ	وَاذْكُرْ	اِسْمٰعِيْلَ	وَ
گھر (آخرت کا)	اور	بیشک وہ	ہمارے نزدیک	البتہ۔ سے	چنے ہوئے	سب سے اچھے	اور یاد کریں	اسمٰعیلؑ	اور

آخرت کے گھر کی۔ اور بیشک وہ ہمارے نزدیک سب سے اچھے چنے ہوئے لوگوں میں سے تھے۔ اور آپؐ یاد کریں اسمٰعیلؑ اور

الْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾ هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾

الْيَسَعَ	وَذَا الْكِفْلِ	وَكُلٌّ	مِّنَ	الْاَخْيَارِ	هٰذَا ذِكْرٌ	وَاِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ	لَحُسْنَ	مَاٰبٍ
الیسعؑ	اور ذوالکفل	اور یہ تمام	سے	سب سے اچھے لوگ	یہ ایک نصیحت	اور بیشک	پرہیزگاروں کے لئے	البتہ اچھا	ٹھکانا

الیسعؑ اور ذوالکفلؑ کو، اور یہ تمام ہی سب سے اچھے لوگوں میں سے تھے۔ یہ ایک نصیحت ہے، اور البتہ پرہیزگاروں کے لئے اچھا ٹھکانا ہے۔

جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ

جَنّٰتِ	عَدْنٍ	مُّفَتَّحَةً	لَّهُمُ	الْاَبْوَابُ	مُتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	يَدْعُوْنَ	فِيْهَا	بِفَاكِهَةٍ
باغات	ہمیشہ رہنے کے	کھلے ہوئے	ان کے لئے	دروازے	تکیہ لگائے ہوئے وہ	ان میں	منگوائیں گے	ان میں	میوے

ہمیشہ رہنے کے باغات، جن کے دروازے ان کے لئے کھلے ہوں گے۔ ان میں تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے، اور اُن میں منگوائیں گے میوے

كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ﴿٥١﴾ وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾ هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ

كَثِيرَةٍ	وَشَرَابٍ	وَعِندَهُمْ	قَاصِرَاتُ	الطَّرْفِ	أَتْرَابٌ	هَٰذَا	مَا	تُوعَدُونَ
بہت سے	اور شراب (مشروبات)	اور ان کے پاس	نیچے رکھنے والیاں	نگاہ	ہم عمر	یہ	جو جس	وعدہ کیا جاتا ہے تم سے

بہت سے، اور مشروبات، اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی (باحیا)، ہم عمر (عورتیں) ہوں گی۔ یہ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے

لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾ إِنَّ هَٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِن نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾ هَٰذَا ۚ وَإِنَّ لِلطَّاغِينَ

لِيَوْمِ الْحِسَابِ	إِنَّ	هَٰذَا	لَرِزْقُنَا	مَا لَهُ	مِن نَّفَادٍ	هَٰذَا	وَإِنَّ	لِلطَّاغِينَ
روزِ حساب کے لئے	بیشک	یہ	یقیناً ہمارا رزق	اس کے لئے اسکو نہیں	ختم ہونا	یہ	اور بیشک	سرکشوں کے لئے

روزِ حساب کے لئے۔ بیشک یہ ہمارا رزق ہے اس کو (کبھی) ختم ہونا نہیں۔ یہ ہے (جزا)۔ اور بیشک سرکشوں کے لئے

لَشَرَّ مَآبٍ ﴿٥٥﴾ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٥٦﴾ هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾

لَشَرَّ	مَآبٍ	جَهَنَّمَ	يَصْلَوْنَهَا	فَبِئْسَ	الْمِهَادُ	هَٰذَا	فَلْيَذُوقُوهُ	حَمِيمٌ	وَغَسَّاقٌ
البتہ بُرا	ٹھکانا	جہنم	وہ اس میں داخل ہونگے	سو بُرا	بچھونا	یہ	پس اس کو چکھو تم	کھولتا ہوا پانی	اور پیپ

البتہ بُرا ٹھکانا ہے (یعنی) جہنم، جس میں وہ داخل ہوں گے، سو بُرا ہے فرش (ان کی آرامگاہ)۔ یہ کھولتا ہوا پانی اور پیپ ہے پس تم اس کو چکھو،

وَآخَرُ مِن شَكْلِهِ أَزْوَاجٌ ﴿٥٨﴾ هَٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۖ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۚ إِنَّهُمْ

وَآخَرُ	مِن شَكْلِهِ	أَزْوَاجٌ	هَٰذَا	فَوْجٌ	مُّقْتَحِمٌ	مَّعَكُمْ	لَا مَرْحَبًا	بِهِمْ	إِنَّهُمْ
اور اس کے علاوہ	اس کی شکل کی	کئی قسمیں	یہ	ایک جماعت	گھس رہے ہیں	تمہارے ساتھ	نہ ہو کوئی فراخی	انہیں	بیشک وہ

اور اس کے علاوہ اس کی شکل کی کئی قسمیں ہوں گی۔ یہ ایک جماعت ہے تمہارے ساتھ (جہنم میں) داخل ہو رہے ہیں، انہیں کوئی فراخی نہ ہو، بیشک وہ

صَالُو النَّارِ ﴿٥٩﴾ قَالُوا بَلْ أَنتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ۖ أَنتُمْ قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا ۖ فَبِئْسَ

صَالُو النَّارِ	قَالُوا	بَلْ أَنتُمْ	لَا مَرْحَبًا	بِكُمْ	أَنتُمْ	قَدَّمْتُمُوهُ	لَنَا	فَبِئْسَ
داخل ہونیوالے جہنم میں	وہ کہیں گے	بلکہ تم	کوئی فراخی نہ ہو	تمہیں	بیشک تم	تم ہی آگے لائے	ہمارے لئے	سو بُرا

جہنم میں داخل ہونے والے ہیں۔ وہ کہیں گے بلکہ تمہیں کوئی فراخی نہ ہو، بیشک تم ہی ہمارے لئے یہ (مصیبت) آگے لائے ہو، سو بُرا ہے

الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾ قَالُوا رَبَّنَا مَن قَدَّمَ لَنَا هَٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوا

الْقَرَارُ	قَالُوا	رَبَّنَا	مَن قَدَّمَ	لَنَا	هَٰذَا	فَزِدْهُ	عَذَابًا	ضِعْفًا	فِي النَّارِ	وَقَالُوا
ٹھکانا	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	جو آگے لایا	ہمارے لئے	یہ	تو زیادہ کر اسے	عذاب	دوچند	جہنم میں	اور وہ کہیں گے

ٹھکانا۔ وہ کہیں گے، اے ہمارے رب! جو ہمارے لئے یہ (مصیبت) آگے لایا ہے تو جہنم میں (اس کے لئے) عذاب دوچند کر دے۔ اور وہ کہیں گے

مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿۶۲﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ

مَا لَنَا	لَا نَرٰى	رِجَالًا	كُنَّا نَعُدُّهُمْ	مِنَ	الْاَشْرَارِ	اَتَّخَذْنٰهُمْ	سِخْرِيًّا	اَمْ	زَاغَتْ
کیا ہوا ہمیں	ہم نہیں دیکھتے	وہ لوگ	ہم شمار کرتے تھے انہیں	سے	(جمع) شریر (بہت بُرے)	کیا ہم نے انہیں پکڑا تھا	ٹھٹھے میں	یا	کج ہو گئی ہیں

ہمیں کیا ہوا؟ ہم (دوزخ میں) ان لوگوں کو نہیں دیکھتے جنہیں ہم بُرے لوگوں میں شمار کرتے تھے۔ کیا ہم نے انہیں ٹھٹھے میں پکڑا تھا؟ یا کج ہو گئی ہیں

۴ ع ۴۴ ۱۳

عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿۶۳﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿۶۴﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ

عَنْهُمُ	الْاَبْصَارُ	اِنَّ ذٰلِكَ	لَحَقٌّ	تَخَاصُمُ	اَهْلِ النَّارِ	قُلْ	اِنَّمَآ	اَنَا	مُنْذِرٌ
ان سے	آنکھیں	بیشک یہ	بالکل سچ	باہم جھگڑنا	اہل دوزخ	فرمادیں	اسکے سوا نہیں	کہ میں	ڈرانے والا

ان سے (ہماری) آنکھیں؟ بیشک اہل دوزخ کا باہم یہ جھگڑنا بالکل سچ ہے۔ آپؐ فرمادیں اس کے سوا نہیں کہ میں ڈرانے والا ہوں

وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۶۵﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

وَمَا	مِنْ اِلٰهٍ	اِلَّا اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا
اور نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	واحد (یکتا)	زبردست	پروردگار	آسمانوں	اور زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان

اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا، زبردست ہے۔ پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو ان دونوں کے درمیان ہے

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿۶۶﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿۶۷﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿۶۸﴾ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ

الْعَزِيْزُ	الْغَفَّارُ	قُلْ	هُوَ	نَبَؤٌا عَظِيْمٌ	اَنْتُمْ	عَنْهُ	مُعْرِضُوْنَ	مَا كَانَ	لِيَ	مِنْ عِلْمٍ
غالب	بڑا بخشنے والا	فرمادیں	وہ۔یہ	ایک خبر بڑی	تم	اس سے	منہ پھیرنے والے (بے پرواہ)	نہ تھا	میرے پاس (مجھے)	کچھ خبر

غالب، بڑا بخشنے والا ہے۔ آپ فرمادیں یہ ایک بڑی خبر ہے۔ تم اس سے بے پرواہ ہو۔ مجھے کچھ خبر نہ تھی

بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۶۹﴾ اِنْ يُّوْحٰۤى اِلَيَّ اِلَّاۤ اَنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۰﴾ اِذْ قَالَ رَبُّكَ

بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰى	اِذْ	يَخْتَصِمُوْنَ	اِنْ يُّوْحٰى	اِلَيَّ	اِلَّا	اَنَّمَا	اَنَا نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ	اِذْ قَالَ	رَبُّكَ
عالم بالا کی	جب	وہ باہم جھگڑتے تھے	نہیں وحی کی جاتی	میری طرف	سوائے	یہ کہ	میں ڈرانے والا	صاف صاف	جب کہا	تمہارا رب

عالم بالا کی (بلند قدر فرشتوں کی)، جب وہ باہم جھگڑتے تھے۔ میری طرف اسکے سوا وحی نہیں کی جاتی کہ میں صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ (یاد کرو) جب تمہارے رب نے کہا

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿۷۱﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا

لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّيْ	خَالِقٌ	بَشَرًا	مِنْ طِيْنٍ	فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ	وَنَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ	رُّوْحِيْ	فَقَعُوْا
فرشتوں کو	کہ میں	پیدا کرنے والا	ایک بشر	مٹی سے	پھر جب	میں درست کردوں اسے	اور میں پھونکوں	اس میں	سے	اپنی روح	تو تم گر پڑو

فرشتوں کو کہ میں مٹی سے ایک بشر پیدا کرنے والا ہوں۔ پھر جب میں اسے درست کردوں اور اس میں اپنی رُوح سے پھونک دوں، تو تم گر پڑو

